نظر رکھتے ہوئے بلوچ قومی تنظیم بی ایس او (آزاد) اور دیگر سیاسی محاذ کے آزادی پسند پارٹی
اور اتحادی بلوچ قومی گرفت کے فلسفہ کو سمجھتے ہوئے قومی صفوں کے اندر انقلابی شعور، فکری اور
نظریہ سازی کے عمل پر فوری، ہنگامی اور جنگی حکمت عملی کے تحت اداروں کی احترامیت اور
فیصلوں کی پاسداریت کے علاوہ مقصد سے سچی وابستگی کو نصب العین بناتے ہوئے بلوچ
دشمن ریاستوں کی بلوچ نسل کشی، اور بلوچ ساحل ووسائل پر اپنے قبضہ گیریت کو قائم رکھنے



CamScanner

کی بھیانک صف بندی کو تنظیمی ڈسپلن کے ماتحت قومی صف بندی کے ذریعے گھیراو کے روش کو اپنی سیاسی، سماجی، ثقافتی، ادبی، معاشی، تعلیمی وعلمی عمل کا حصہ بنانے کی مشق کو شروع کردیں، کیونکہ ایک غیر منظم ہجوم ایک غیر حقیقی لگن، اور انتشار وجذباتیت سے لبریز سوچ ،ایک منظم صف کے مقابلے میں میدان جنگ میں اتر تو سکتا ہے، بہادری اور شجاعت کے کارنامے رقم تو کرسکتا ہے، جیت بھی سکتا ہے مگر قومی گرفت کو قائم نہیں رکھ سکتا اور قومی گرفت کا سوال ہی مرگاپ کا سوال ہے؟

☆☆☆

انقلاب کی پہلی اور آخری شناخت یہ ہے کہ اس کا کوئی رہنماء اور لیڈر نہیں ہوتا۔

(جارج آرویل)

# قومی آزادی جدوجہد کا تعین اور تقاضے

تحریر:صورت خان مری

(بنیادی طور پر حال ہی میں ایک بحث مباحثے کی خاطر قومی آزادی جدوجہد کا تعین اور تقاضے موضوع کا انتخاب کیا گیا تھا کیونکہ آج کل بلوچ حلقوں میں بالخصوص بلوچ نیشنل پارٹی جس کی حمایت نیشنل پارٹی کر رہی ہے اور دوسری طرف بلوچ نیشنل فرنٹ کے درمیان معروضی قومی آزادی جدوجہد کے تعین اور تقاضوں کی پریس ریلیز اور زور خطابت کی چھیڑ خوانی چھڑی ہوئی ہے ہم نے ایک آدھ مرتبہ گزارش کی تھی کہ بلوچ نیشنل پارٹی کے ثناء بلوچ، حبیب جالب اور نیشنل پارٹی کے میر طاہر بزنجو، میر اکرم، یاسین بلوچ اور خود پارٹی سربراہ ڈاکٹر مالک قومی حق خودارادیت کی توجیح یا قومی آزادی جدوجہد کے تعین اور تقاضوں پر بخوبی اپنا موقف بیان کر سکتے ہیں یہ الگ بات ہے کہ بلوچ نیشنل فرنٹ ممبر پارٹیوں یا حامیوں میں لکھنے والے اور دانشورانہ مشق کی کمزوری کے باوصف وہ قومی آزادی جدوجہد جنگ یا انسر جنسی کے پس منظر میں موبلائزیشن یا بقول ماؤزے تنگ پیپلز وار عوامی جنگ کے ادراک تک سے ناواقف ہوں اور پارلیمانی سیاست کے پارلیمانی طرز سیاست کی رو سے علامتی بھوک ہڑتالوں علامتی مظاہروں ریلیوں یا یوم شہداء و برسیوں یوم سیاہ کے بازو پر سیاہ پٹیوں کے سجانے کو قومی آزادی جدوجہد جنگ یا انسر جنسی کی بابت موبلائزیشن سمجھ بیٹھے ہوں تو دوست کمیٹی ممبر ارکان پارٹی یا پارٹی دانشوروں کی ذہنی اپج کے پیش نظر گلا بے جا نظر

آ تا ہے البتہ ہوا یہ کہ میزبان بوجوہ موضوع پر بحث ومباحثہ کا اہتمام نہ کر سکے ہم نے چونکہ تھوڑی بہت تیاری کی تھی اپنا نکتہ نگاہ پیش خدمت کرتے ہیں )

اگر موضوع بحث کے ابتدائی تین الفاظ قومی آزادی جدوجہد پر باریکی بینی سے غور کریں تو فقط ایک موضوع یا بحث ومباحثہ کے لئے ایک نکتہ یا تین الفاظ کا مجموعہ نہیں بلکہ قومی تحریک آزادی کے تین مراحل کے ادراک کا تقاضا ہوتا ہے یا یہ بھی کہہ سکتے ہیں بنیادی اور اولین دو مراحل کا معروضی ادراک رکھتے ہوئے تیسرے مرحلے یعنی تحریک جدوجہد سیاسی عسکری جنگ یا انسر جنسی کے تعین اور تقاضوں کے بحث کا مطالبہ ہو رہا ہے

پہلے بنیادی دو الفاظ یا مرحلے میں اول قوم کی تشکیل نیشنلزم کی شناخت اور قومی ریاست کے حق کے گرد گھومتی ہے ہمیں شک نہیں یہ لفظ'' قومی'' بمعنی قوم کی تشکیل، نیشنلزم کی شناخت اور قومی ریاست کا حق، ریاستی وجود کا جواز' از خود ایک بہت وسیع بحث مباحثہ ہے ماہرین کہتے ہیں دنیا کے کسی ایک موضوع پر سب سے زیادہ قوم، نیشنلزم اور قومی ریاست پر لکھا گیا یقیناً سیاسی کارکن میں سے ہر ایک اتنی گہرائی میں تو نہیں جا سکتا البتہ سیاسی قیادت اور قومی وابستگی کے دانشور کے لئے ممکنہ حد تک کا ادراک لازمی ہے قوم بالعموم اور سیاسی کارکن بالخصوص اپنے الگ قوم، علیحدہ شناخت اور خصوصی پہچان کا ادراک رکھتا ہو۔

جہاں تک آزادی نکتہ، لفظ یا مرحلہ کا تعلق ہے تو حصول آزادی یا احساس آزادی کا ادراک دو طرح سے ہو سکتا ہے اول یہ کہ دو یا زیادہ اقوام اکٹھے رہتے ہیں ہم وفاق اور کثیر القومی ریاست کے تصور کے خصوصی طور پر نیشنل پارٹی کے توجیح سے اتفاق نہیں کرتے علمی اور نظریاتی

طور پر وفاقیت معاشرہ اور سوسائٹی کے تقسیم اختیارات کا فارمولا ہے ریاستی وجود کا جواز نہیں (دیکھئے پولیٹیکل سائنس اتھارٹیس یا لاسکی گرامر آف پالیٹکس) برطانوی 13 کالونیوں نے اولین بار کالونائزیشن کو مستحکم کرنے اور ریاستی وجود کے جواز کے طور پر وفاقیت کو متعارف کرایا اس کے بعد کالونیوں کے استحکام کی خاطر یا امریکی پیروی میں وفاقیت اپنایا گیا (پولیٹیکل سسٹم آف دی ورلڈ' امریکی فیڈریشن' امریکی نیشن' کتابیں) وفاقیت کے دوسرے نام کو کثیر القومی کہتے ہیں بنیادی طور پر ایک ریاست یا ملک ''قومی ریاست'' ہوتا ہے یا ہونا چاہیے بڑی قوم یا کالونائزر ہوتا ہے یا چھوٹی قومیں اقلیتی ہوتی ہیں اس کے علاوہ تمام منطق یا دلیلیں پریس ریلیز یا زورخطابت کے زمرے میں آتے ہیں چنانچہ دو یا زیادہ اقوام جن میں سے کوئی ایک بڑی طاقتور یا کالونائزر ہوتا ہے ممکن ہے دو یا زیادہ اقوام اکٹھے رہتے ہوئے کمزور یا دوسری قوم کو اپنے علیحدگی کے حق کا ادراک نہ ہو مثلاً بیسویں صدی کے اوائل میں ناروے اور سویڈن ایک بادشاہت کے ماتحت اکٹھے ہوتے تھے ایک مقام پر ناروے کی بادشاہت کے دعویدار نے الگ بادشاہت کا مطالبہ کیا اب چونکہ الگ بادشاہت کے معنی ایک الگ قوم کے لئے الگ ملک وقومی ریاست کا قیام تھا لینن نے حمایت کی تھی جو ایک طرح سے سویڈن سے آزادی وعلیحدگی کا ادراک اور حصول کی جدوجہد کا آغاز تھا۔

امریکی آزادی کا احساس وادراک کی کہانی اعلان آزادی کے NARRATIVE میں دلچسپ ہے اعلان آزادی یا آزادی وعلیحدگی کا احساس یا حصول کی جدوجہد کا ادراک بنیادی طور پر برطانوی حکمرانی کے امریکی کالونیوں کے اسی برطانوی نمائندوں یا سٹلروں کو اپنی ہی

حاکمیت کی امتیازی سلوک سے ہوا تھا( سندھ کی مہاجرت وسٹلر آبادی کی کالونائزیشن یا بلوچ گل زمین پر پنجابی/ گجر کی بڑھتی امتیازات قابل توجہ ہیں )

آزادی کے حصول کا ادراک' امپیریلزم اور کالونیلزم کا بھی ہے اس امکان کو رد نہیں کیا جاسکتا کہ بوجوہ کالونیل پالیسیاں قومی بے حسی، حواری یا گماشتہ پن آزادی کے حصول کا ادراک پس منظر میں چلا جائے یا اس میں دیر ہو یا قوت حصول نہ ہو مثلاً بلوچ کی کالونائزیشن 1839ء سے شروع ہو چکا تھا مداخلت و INTRUSION اس سے بھی قبل ہو رہا ہو مزاحمت بھی ہوتی رہی اور اگر تنظیمی اجتماعی تخلیقی شعور کے ماتحت قومی آزادی کی جنگ نہیں لڑی گئی تو بے ساختگی SPONTANIETY کی بلوچ گل زمین پر سینکڑوں جنگیں لڑی گئیں 1920 یا 1870 کی دہائی میں میر افضل کی سوویت یونین یاترہ ایرانی مقبوضہ بلوچستان اور مکران میں غالباً کوک پروش جنگ میں کردار' ان کی سیاسی مزاحمت یا فعالیت کی مثالیں ہیں مگر عمومی طور پر برطانیہ کی نیم حاکمیت پالیسی نے یوسف عزیز میر عزیز کرد کی بالادستی کی پالیسی نے قومی جدوجہد جنگ اور تواتر کی انسرجنسی کو ٹھنڈا رکھنے میں مدد دی تھی 1947ء کو خان قلات کا اعلان آزادی از خود علامتی تھا فوجی قبضہ کے بعد آغا عبدالکریم کی بغاوت علامتی تھی بعد میں وہ نیپ کی سیاست میں اسمبلیوں کے ممبر بنتے رہے دراصل 1948ء کے پاکستانی پنجابی کالونائزر فوجی قبضہ کے بعد قلات نیشنل پارٹی کے انحراف نے قومی آزادی کے حصول کے ادراک کو پس منظر میں رکھا تھا۔ ایران گجر کالونائزیشن، بے ساختگی کی مزاحمتیں زیر بحث نہیں قومی آزادی کے حصول کا ادراک یا جدوجہد/ جنگ یا انسرجنسی کا سفر بھی طویل اور کئی مراحل کا

محتاج ہے ادراک کو مہمیز لگانے کے کئی وجوہات ہو سکتی ہیں محرومی' امتیازات استبداد یا شرکت حاکمیت کی خواہشات جنم لیتی ہیں ذات کی شناخت اور علیحدہ پہچان ہوتا ہے اور طویل تجربوں اور مشق کے بعد پہلا مرحلہ' قوم' نیشنلزم اور قومی ریاستی حق کا ادراک ہوتا ہے اور حصول آزادی کا دوسرا مرحلہ طے ہوتا ہے ایک مقام ایسا بھی آتا ہے کہ یہ دونوں مراحل ایک ''تکمیلی'' مرحلہ میں داخل ہوتے ہیں جیسے کہ پولیٹیکل سائنس کے مطابق انسان کی سماجی پیش رفتوں کی تکمیل قوم اور سیاسی پیش رفتوں کی تکمیل قومی ریاست ہے تکمیل کی بات یہاں ختم نہیں ہوتی بلکہ پولیٹیکل سائنس کے ماہرین کے مطابق تعمیر قوم یا نیشن بلڈنگ کا پروسس جاری رہتا ہے بعینہ قوم' نیشنلزم' قومی ریاستی حق کے ادراک کا پہلا مرحلہ یا حصول آزادی کے ادراک کا دوسرا مرحلہ باالفاظ دیگر ماقبل قومی آزادی جدوجہد جنگ انسرجنسی مرحلہ PRE-INDEPENDECE REALIZATION طویل تجربوں اور مشق کے باوصف ''قومی عمومی زندگی'' کا حصہ بن جاتا ہے وہ قومی روایت اور اقدار میں محلول ہو کر ذہن' ذہن اور جسم کے خون میں شامل ہوتا ہے' مثلاً قارئین میں سے جو دیہات میں رہتے ہیں انہوں نے مشاہدہ کیا ہوگا کہ قومی روایت قومی اقدار یا عمومی زندگی کے تقاضوں کے لئے کوئی تھیوری پڑھائی نہیں جاتی اور نہ ہی پریکٹیکل کرائے جاتے ہیں گھڑ سواری ہو نشانہ بازی ہو یا زمینداری اور مالداری تمام اس کے ''گٹھی'' میں شامل ہوتے ہیں کوئی کاشت کاری کا بند پانی سے بھر جاتا ہے خشک ہونے پر کاشت کار ایک نظر میں جان جاتا ہے کہاں ہل چلانا ہے یہی تجربے مشق جان کاری روایت اور اقدار کی جزویات قومی آزادی جدوجہد کے پہلے دو مراحل یعنی

قومی اور آزادی قومی زندگی کے روزمرہ کا حصہ بن چکا ہوتا ہے جو ایک طرح کی اپنی تکمیل ہے تعمیر نظر انداز نہیں ہوتی ان بنیادی دو مراحل یعنی قومی آزادی کے ادراک یا تکمیل پر قومی آزادی کی جدوجہد جنگ اور انسرجنسی کا آغاز ہوسکتا ہے قومی آزادی کی جدوجہد /جنگ /انسرجنسی یا قومی آزادی جدوجہد کی وابستگی یقیناً کوئی مشروم نہیں صبح کو نیند سے آنکھیں کھولیں اگ کر جوان ہو چکا ہے قومی آزادی کے ادراک یا پہلے دو مراحل کی تکمیل کو قومی آزادی جدوجہد تک کو 1839 سے شمار کیا جانا چاہئے تمام تجربے تمام مشق اور مسافت ذہن نشین ہوں تب ہی جدوجہد جنگ اور انسرجنسی کا تعین اور تقاضوں کا ادراک آسان ہوگا ورنہ بازو پر سیاہ پٹی باندھ کر یا مخصوص دن شیونہ کر کے ماتم و احتجاج کی کیفیت سجائے ''قومی آزادی جدوجہد'' کی وابستگی اور سپاہی مجاہد ہونے کا تاثر یا دعویدار ہونا بعید از قیاس نہیں۔

قومی آزادی جدوجہد کے تعین، جانچنے کے معیار اور پیمانے کی بابت ہم صدیوں ہزاروں سال کے ہزاروں قومی آزادی کی تاریخ کی سچائیوں کو ''سائنسی انداز'' کہتے ہیں جہاں قومی اور آزادی کے ادراک کے دونوں مراحل قومی زندگی کی روایات اور اقدار کے جزو بن چکے ہوتے ہیں اور جدوجہد /جنگ اور انسرجنسی کا آغاز ہوتا ہے اس پر لاکھوں کیا ملین صفحات پر مشتمل تحریری مواد موجود ہے جس کو مرور زمانہ یا عملی ضروریات کے ماتحت ڈھالا جاتا ہے مثلاً ہم نے گزشتہ تحریر میں امریکی ماہرین کی تحقیق Counter-inourgency Operalions 2004-2006 کی مثال دی تھی اس دستاویز کی ابتداء میں انسرجنسی کی تعریف کی گئی دلچسپ یہ کہ دو ابتدائی مراحل قومی آزادی کے ادراک کے بعد جدوجہد

جنگ اور انسر جنسی کی بابت ایڈورڈ سعید جو تاثر دیتا ہے اس سے بھی یوں لگتا ہے کہ انسر جنسی سے ماقبل قومی زندگی، قوم اور آزادی مراحل کی تکمیل حاصل کر چکا ہے چنانچہ اس نے Primary Perild of resis tance کا جملہ استعمال کیا۔

After the Period of Primary resis lance literally fightng against outsid intruasion......

''مزاحمت کے''ابتدائی'' دورانیہ جو بیرونی مداخلت اور حملوں کے خلاف حقیقی طور پر لڑنا اور جنگ ہوتا ہے......''

بیرونی (کالونائزر قبضہ) مداخلت اور حملوں کے خلاف حقیقی لڑائی اور جنگ کو''مزاحمت'' کا ''ابتدائی دورانیہ'' کہہ کر ایڈورڈ سعید نے بھی تصدیق کی ہے کہ قومی آزادی ''جدوجہد'' کے پہلے دو مرحلے یعنی قوم کا ادراک اور آزادی کا ''ادراک'' قومی روایات اقدار اور عام زندگی کے حصے بن چکے ہوتے ہیں اسی ''ادراک'' تلے ہی مزاحمت کی ابتدائی دورانیہ یا جدوجہد کی ابتداء حقیقی معنوں میں لڑائی اور جنگ سے ہوتی ہے۔

اسی ابتدائی دورانیہ کی لڑائی، جنگ کو جدوجہد کی ابتداء یا انسر جنسی کی بھی ابتداء کہا جاتا ہے سوال یہ پیدا ہوتا ہے قومی آزادی ''جدوجہد یا لڑائی و جنگ یا انسر جنسی'' کا تعین کیسے کر سکتے ہیں اس کی پہچان کیا ہے اس پر ہزاروں لاکھوں تحقیقات ہوئیں کتابوں کی کتابیں بھری پڑی ہیں تمام تحقیقات ''قومی آزادی جدوجہد، لڑائی، جنگ یا انسر جنسی'' کے سائنسی زاویے پر نظر رکھتے ہیں آیا تاریخ کی سچائیوں یا سائنسی معیار اور پیمانوں پر پورا اترا جا رہا ہے یا لوگوں کو لفظوں

تراکیب اور بے معنی سرگرمیوں میں بہلایا جا رہا ہے۔

یادرہے کہ قومی آزادی اور انقلاب کی "جدوجہد' لڑائی' جنگ یا انسرجنسی" کو ابتدائی دورانیہ کہہ کر محققین اور ماہرین نے پہلے دو مراحل یعنی قوم کا ادراک اور آزادی کے ادراک کو قومی زندگی کا عمومی حصہ قرار دیا تو اسی پس منظر میں ہم نے اپنی تازہ ترین تحریر میں امریکی ریسرچ اور تحقیق "کاؤنٹر انسرجنسی آپریشن 2004-2006" کے اقتباسات پیش کئے تھے تاکہ قومی آزادی اور انقلاب کی کی جدوجہد' لڑائی' جنگ یا انسرجنسی کی بابت جو ابہام اور کنفیوژن پھیلائی گئی ہے یا بلوچ رائے عامہ کو گمراہ کرنے کے لئے الفاظ اور تراکیب کے "غلط اور گمراہ کن" توجیح کی جا رہی ہے اس کی وضاحت تازہ ترین عملی اقدام سے کی جا سکے امریکہ نے یہ تحقیق اور دستاویز اپنے افواج اور پالیسی سازوں کی رہنمائی کے لئے جاری کی ہے۔

انسرجنسی یا قومی آزادی کی جدوجہد یا لڑائی اور جنگ کی تعریف ان الفاظ میں کی گئی۔

انسرجنسی ایک منظم تحریک اور جدوجہد ہے جس کا مقصد (عمومی الفاظ) میں ریاست اور ریاستی اداروں کو مفلوج رکھنا ہے اور ریاستی متبادل پیدا کرنا ہے۔

اس مقصد کے حصول کے لئے ریسرچ کے اپنے انگریزی الفاظ میں through use of Subver sion and armed conflict یعنی مقصد کو تخریب کاری اور مسلح جدوجہد سے حاصل کیا جاتا ہے یہ طویل سیاسی عسکری جدوجہد ہے حکومتی عملداری ریاستی جواز کو کمزور اور ختم کیا جا سکے اپنی ریاستی متبادل میں کوشش کی جاتی ہے وہ تمام ادارے قائم کئے جاتے رہیں جو ریاستی مشینری کو چلاتے ہیں۔

کامیاب موبلائزیشن کے ذریعہ فعال Active اور عوامی حمایت (سرمچار' مجاہد' انسرجنٹ 'عوامی حمایت کے سمندر میں زندہ رہ سکتا ہے) حاصل کی جاتی ہے فعالیت اور عوامی حمایت کی مکمل وفاداری عملی اقدام سے حاصل کی جاتی ہے کبھی کبھار غیر واضح اصولوں ABSTRACT PRINCIPLES اپیلوں سے بھی کام لیا جاتا ہے مذہبی اور نظریاتی اپیلیں اور توجیحات بھی کافی کارگر ہوتی ہیں ان وعدوں اور اپیلوں کو عملی شکل اور قابل عمل صورت میں پیش کیا جائے۔

....Nonetheless the Promises and appeals are associated with tangible solutions and deeds...

انسرجنٹ ڈھانچہ عموماً زیر زمین ہوتا ہے کیمونسٹ تجربوں سے معلوم ہوتا ہے جب بھروسہ اور اعتماد کافی بڑھ جاتا ہے تو وہ کھلے عام بھی کام کرنے لگتا ہے۔

تمام تر حمایتیں قابل قبول ہوتی ہیں البتہ مقصد دشمن کو شکست دینے کی خاطر "موبلائزیشن" ہوتا ہے۔

the goal is mobilization such that the enemy is defeated

موبلائزیشن کے معنی گھروں سے لوگوں کو ووٹ ڈالنے یا جلسے جلوس میں شامل ہونے کے لئے نکالنا قطعاً نہیں ہے بلکہ تحقیق اور دستاویز واضح الفاظ میں موبلائزیشن اور "عمومی موبلائزیشن کا بیان کرتا ہے۔

## MASS MObilization

1-18.A mass base sustains the first approach The second approach has a much smaller support base. The support base will not have the numbers of the mass base generated by the mobilization approach.

1-19 If emphasis is upon mass mobilization the combatants exist to facilitate the accomplishment of the political goals of the insurgent movement In local areas, terror and guerrilla action are used to eliminate resistance either from individuals who are opposed to the movement of from the local armed representatives of the state, initially the police and militia, but later the military Main force units, which are guerrilla units that have been regularized of turned into rough copies of government units but are usually more mobile and lightly' armed are used to deal with the state,s inevitable deployment of the

military The purpose of main foreces is to engage in mobile (of maneuver) warfare The intent is force-on-force action to destroy government main force units. Tactics may include major battles as well as ambushes and small scale engagements. These battles and engagements result in the securing and expansion of the counterstate (which may be clandestine in all or part) but are not designed to seize and hold positions as in conventional warfare. This occurs only in positional warfare. Though the erminology is drawn especially from Soviet usage, the North Vietnamese Army (NVA) and the Viet Cong (VC) used both mobile and positional warfare throughout the war in Vietnam

کے معنی جنگی حربوں اور جنگی حکمت عملی بھی بیان کرتا ہے موبلائزیشن اور عمومی موبلائزیشن کے ذریعے ہمدرد اور حمایتی افرادی قوت اور ضروریات فراہم کرتے ہیں بوقت ضرورت بھرتی میں مدد دیتے ہیں انفارمیشن اور اطلاعات کا ذریعہ ہوتے ہیں مختصر الفاظ میں دستاویز

موبلائزیشن اور پوزیشن جنگی حکمت عملی کی بابت بتاتا ہے۔

Both approaches emphasize inflictiong casualities

دونوں طریقوں کا استعمال ''دشمن'' کو جانی نقصان پہنچانا ہے عمومی موبلائزیشن جنگی حکمت عملی کو عوامی جنگ اور پیپلز وار کا نام بھی دیا جاتا ہے۔

قومی آزادی جدوجہد کے اس تعین یعنی بنیادی دو ادراک قوم اور آزادی کے حصول کا قومی عمومی زندگی کے روایات اقدار اور معمولات کا حصہ بن جاتے ہیں جس کو ادراک اور شعور کہہ سکتے ہیں( تعمیر وجدت کی گنجائش ہمہ وقت موجود رہتی ہے )تو جدوجہد کی ابتداء PRIMARRY دورانیہ لڑائی جنگ اور انسر جنسی کا آتا ہے انسر جنسی کے لازم میں تخریب کاری خوف اور دہشت TERROR اور مسلح جدوجہد ہوتا ہے ریاست وحکومت کی عملداری ور جواز کو کمزور کیا جاتا ہے اور ریاستی متبادل پیدا کیا جاتا ہے اب سوال پیدا ہوتا ہے قومی آزادی جدوجہد کے تقاضے کیا ہیں؟

اب اگر ہم علم' نظریہ' تاریخی سچائی اور سائنسی انداز بالخصوص امریکی تازہ ترین دستاویز کے بیانیہ اور توجیح سے اتفاق کریں کہ قومی آزادی کی ''ابتدائی دورانیہ'' کی شروعات ''لڑائی' جنگ اور انسر جنسی'' کا ہے تو یقیناً تقاضے بھی جنگ کی ضروریات اور تقاضوں کے ہونگے یہ ممکن نہیں میدان جنگ گرم ہے قتل وغارت گری ہے اور کوئی احتجاج وگریہ کررہا ہے کہ بمباری کیوں کی جارہی ہے' قتل مقاتلہ کیوں بجائے جنگ کی مددگار ہونے لوگوں کو ماتم اور سوگ کی ترغیب دی جائے عملی اقدام کی بجائے اخلاقی حمایتوں پر تکیہ کے پیغامات عام کئے جائیں (بلوچ سیاست

وقیادت کی مضحکہ خیزی اپنی انتہا کو اس وقت پہنچی نو جون 2009 کے مخصوص اخبارات نے چاروں طرف بلوچ نیشنل فرنٹ کے لیڈروں کے پریس ریلیز اور بیانات سے بھر دیئے واجہ واحد قمبر کو اسلام آباد کیوں لے جایا گیا اس کی مذمت کی گئی یاد رہے سالوں سے مطالبے ہو رہے تھے سپریم کورٹ نوٹس لے۔ درمیان میں بڑے بڑے جلی الفاظ میں سرخی نکالی (پاکستان سپریم کورٹ کے چیف جسٹس نے ازخود نوٹس کے ذریعہ واجہ واحد قمبر کو اسلام آباد پیش کرنے کا حکم نامہ جاری کیا اور وہ پیش کئے گئے (-----) انہی فرنٹ کے ردعمل میں واجہ واحد قمبر کے اسلام آباد لے جانے کی مذمت میں سہ روزہ سوگ منانے کی بھی اپیل موجود ہے شہید سازی میں دیر لگ گئی تھی پریس ریلیز کیلئے موقع کی تلاش میں مقامی مخصوص پریس نے خوب مذاق اڑایا ہے قومی آزادی جدوجہد میں نفسیاتی جنگ کو بھی یکساں اہمیت حاصل ہوتی ہے اور نفسیاتی جنگ کی بنیاد "ساکھ اور اعتماد" کا ہوتا ہے بلوچ سیاست وقیادت "بے خبری" کے خوابوں میں رات دیر دیر جاگتے ہیں صبح دیر سے اٹھتے ہیں تصدیق وتحقیق سے ہی ساکھ واعتماد بحال ہوتا ہے کسی نے آواز لگائی کتا کان لے گیا بھاگ کھڑے ہوئے یہ مثال مقامی پریس کے مخصوص حلقے نے کتنی چالاکی اور شرارت سے بلوچ قومی آزادی کی قیادت پر منطبق کی ہے اب ہم اندازہ لگا سکتے ہیں کہ جہاں اتنی غیر سنجیدگی ہو لمحہ بہ لمحہ سستی شہرت کے شوق میں اعتماد اور ساکھ داؤ پر لگا ہو قومی آزادی جدوجہد لڑائی اور جنگ کا میدان گرم کیا ہو بلوچ سیاست قوم پر غیر عسکری پارلیمانی طرز سیاست گریہ واحتجاج آئینی قانونی پرامن ماحول پیدا کر رہا ہو اخلاقی حمایتوں کا درس دیا جا رہا ہو متحرک اور موبلائزیشن کے عسکری اور میدان

جنگ کی توجیح کی بجائے جلسہ جلوس اور ریلیوں کے نعروں کے لئے بلایا جا رہا ہو تو ہم قیاس کر سکتے ہیں قومی آزادی جدوجہد کا تعین اور تقاضوں کی عملی صورت کیا ہو سکتی ہے۔

بلوچ موجودہ صورتحال میں جنگ گریزی کی انتہاء اس وقت دیکھنے میں آئی جب ایک فکری نشست میں ایک سابق کمانڈر نے بلوچ معاشرہ میں خانہ جنگی کے امکان کو معدوم قرار دیا گیا خانہ جنگی کے امکان کا معدوم ہونا منفی یا مثبت پیش رفت ہے؟ ہم سمجھتے ہیں خانہ جنگی کے امکان کے معدوم ہونے کا مطلب معاشرہ میں انکار اور بغاوت کے جذبوں کا ٹھنڈا ہونے اور بے حسی کا پھیلاؤ ہے قارئین کی یاددہانی کے لئے نجی ٹیلی ویژن بحث مباحثہ میں جب ہم سے خانہ جنگی کے اشاروں کی بابت پوچھا گیا تو ہم نے کہا تھا ''کون کم بخت خانہ جنگی کی مخالفت کرے گا خانہ جنگی کی مخالفت انقلاب کے راستے روکنے کے ہیں''

آج نواب خیر بخش تک کو کوئی سننے کے لئے تیار نہیں غائبانہ نماز جنازے، جلسے جلوس کو انہوں نے جنگ کے ماحول میں توجہ ہٹانا بتایا وجی.کے اترنے کے امکان یقیناً معدوم ہیں تاریخی سچائیوں کی رو سے بتائی جائے یہ جو بلوچ قومی آزادی جدوجہد کی سیاست درجنوں ٹکڑوں میں بٹی ہے عسکری تنظیمیں درجن سے زیادہ ڈیڑھ انچ کے مورچوں کے مساجد سجائے ہیں خانہ جنگی کے امکان معدوم ہیں وحی اترے گا نہیں طلسماتی قومی رہنماء کی سنتا کوئی نہیں جنگ گریزی انتہاء کو پہنچی ہے ایسے میں حقیقی معنوں میں قومی آزادی کا تعین کن الفاظ میں کن پیمانوں میں کریں گے؟

## پس تحریر

اس تحریر کو آج 17 جولائی 2009 لکھ رہے ہیں بلوچ قومی آزادی کے نام پر سیاست کو چار پانچ سال ہوتے ہیں، بلوچ نیشنل فرنٹ کو ایک سال ہوتا ہے فرنٹ اجتماعی حیثیت پر فرنٹ کی ابتدائی تشکیل پر اپنے ریمارکس میں ہم نے موقف اختیار کیا تھا ''مخالفت نہیں کرنی چاہیئے'' البتہ ہمارا کہنا تھا ایک کمان، ایک کنٹرول اور ایک شناخت و پہچان ہونا چاہیے البتہ عملی طور پر یہ کہ نہ صرف سیاسی، عوامی سطح کی سیاست تقسیم کے عمل پر قابو نہ پا سکی فرنٹ کے اپنے ممبر پارٹیاں نظم وضبط قائم نہ کر سکیں عسکری مسلح جدوجہد ایک سال کے دوران تقسیم در تقسیم کا شکار ہوئی، تقسیم کا کوئی جواز نہیں دیا جاتا۔ ان کی عمومی پہچان شخصیت کا محتاج ہوا نو نو برادری نے قوم پرستی کی سند کی حیثیت اختیار کی، لوگوں کو عمومی طور پر اور میڈیا، پریس اور باشعور طبقہ کو ''کم علم، انجانہ'' سمجھا گیا، بہلانے اور گمراہ کرنے کی کوشش کی گئی۔

ہم نے اس تمام قومی آزادی جدوجہد کی بابت غیر سائنسی رویہ قرار دیا۔ اس میں شک نہیں، کہ قومی آزادی تحریک کا سائنسی انداز اور پہچان ڈی کالونائزیشن پروسیس قومی مزاج، قومی نفسیات علاقائی جغرافیائی حالات کا محتاج ہے۔ ایڈورسعید نہ صرف معلم اور ایڈیمک پروفیسر اور استاد ہے عالمی شہرت کے مسلمہ دانشور ہیں۔ وہ قومی آزادی کی بابت علمی اور عملی تجربہ رکھتے ہیں۔ وہ میدان جنگ میں شامل رہے انہوں نے کہاں (انگریزی متن اس لئے دیتے ہیں، اول یہ کہ اُردو میں متبال عموماً نہیں اور دوم ہماری اُردو ماشاءاللہ کافی ''دقیق''

سمجھا جاتا ہے دراصل لاعلمی کا شاخسانہ ہے جنہیں زبان پر عبور ہوتا ہے انتہائی سلیس، آسان اور عام فہم زبان میں لکھتے نہیں)

Decolonization is a very complex battle over the course of different political destines, different histories and eograplies,and it is replete with works of the amagination scholarship and counlir scholar ship(to paralyse state and state constition not symoblically)the strugle took the from of strikes. marrcher voilant the from of strikes .marcher voilent allacks retribution and coonter - tetribotion-

مختلف جغرافیہ، سیاسی اہداف، مختلف تاریخی روایات واقدار (وغیرہ) قومی آزادی اور ڈی کالونائزیشن جنگ کافی گنجلک (محنت طلب) ہے۔ یہ نظریاتی تصورات، علم، جواب العلم کے ساتھ مربوط ہے۔

(ریاست، ریاستی اداروں کو مفلوج بنانے کے لئے نہ کہ علامتی اور پریس ریلیز کی خاطر تاکہ مارکیٹ قیمت بڑھے) ہڑتالیں، مارچ، تشدد بھرڈے کاروائیاں، انتقامی کاروائیاں، بڑھ بڑھ کے بدلے کے ساتھ چلائی جاتی ہے۔

اب اس بابت آروبندہ گھوس کی تعلیمات قابل توجہ ہیں "اتنی منظم عوامی حمایت حاصل

ہو، جب کبھی (ہر روز نہیں تکرار سے بیزاری آ جاتی ہے) ہڑتال اور مارچ کی اپیل آئے ایک پتہ نہ ہلے کوئی شخص گھر میں نہ ہو۔ ریاست اور ریاستی ادارے مفلوج ہو کر رہ جائیں اور اگر سرکاری ادارے پولیس اور دیگر سیکورٹی بشمول حواری (گماشتہ) اس سے قبل کہ مارنے کے لئے ہاتھ اٹھائیں ایسے ہاتھ توڑ دیئے جائیں قومی آزادی تحریک اور جدوجہد کو "ہندی ناری" نہیں بننا چاہیے جو ظلم وتشدد اور زیادتیاں ہنسنے کی عادی ہے۔ ردعمل نہیں دکھاتی، قومی آزادی تحریک کے خلاف سوچنے تک کی جرات نہیں ہونی چاہیے (ردعمل میں بدترین دہشت کا نمونہ ہو۔

اب سوال پیدا ہوتا ہے معروضی طور پر کیا ہم بلوچ معاشرہ اور اس کے تضادات کا علم رکھتے ہیں تا کہ اس تجزیے کی رو سے تحریک اور جدوجہد کو استوار کریں یا یہ کہ عالمی تحریکوں بالخصوص قومی آزادی تحریکوں کا ادراک ہے تا کہ عمومی متفقہ نکات کا ادراک کر کے انحراف سے بچیں ہم سمجھتے ہیں بلوچ معاشرہ معاشرتی تضادات اور عالمی تحریکوں کے علم دونوں کو ہم نے نظر انداز کیا زور رسی شہرت کیمرہ کشش، پریس ریلیز اور اخباری بیانات کو دی قومی آزادی وابستگی تحریک اور جدوجہد میں "ذات" self کی نفی ہوتی ہے نظریہ اور وابستگی کی اولیت ہوتی ہے بلوچ قومی آزادی کے نام پر جو سیاست ہو رہی ہے وہ شخصیت سے شروع ہوتی ہے اور فوٹو برادری پر ختم ہوتی ہے۔ اگر قارئین نے پولیس پریس ریلیز پر غور کیا ہو۔ تو آج کے قومی آزادی کے بیانات اور مشترکہ بیانات کے لب ولہجہ میں کوئی فرق نہیں پولیس پریس آئی جی کے نام سے شروع ہوتا۔ ڈی آئی جی۔ ایس پی کے بعد تھانیدار کی سربراہی میں پولیس سپاہیوں کے نام آتے ہیں۔ بلوچ قومی آزادی کسی ایک یا متعدد شخصیت کے نام کر کے توجہ



CamScanner

چاہتے ہیں پھر مشترکہ بیان میں ایک طویل ناموں کی فہرست ہوتی ہے جو اشخاص کی پروجیکشن مقصود ہوتی ہے متن وہی گھسی پٹی جملوں کا ہوتا ہے جس پر ایڈورڈ سعید کا دلچسپ مشاہدہ ہے، فقط نیشنلزم کی کہانیاں بیان کرنا امپیریلزم اور کالونیلزم کے استحکام اور وسعتوں کا باعث ہوتا ہے قومی، آزادی تحریک اور جدوجہد کے نام پر جو جو علامتی بھوک ہڑتال علامتی مظاہرے اور دیگر فعالیت ہو رہی ہے بادی النظر میں مقصد ایک رپورٹ واخباری تراشہ کو متوجہ کرنا ہے اخباری رپورٹ نے قومی آزادی جدوجہد سے اولیت حاصل کی ہوئی ہے حالانکہ ہم جانتے ہیں 1950, 1960 اور 1970 کی دہائیوں میں اخباری رپورٹ اور کیمرہ کشش فعالیت کا وجود نہ تھا۔

1980 اور 1990 اخلاقی انحطاط، خودغرضانہ سیاست اور ہوس اقتدار وزر وگماشتگی چھایا تھا 2001 کو قومی آزادی کی انسرجنسی نے سر اٹھایا، اس میں کسی علامتی جلسہ جلوس، علامتی ہڑتالوں اور علامتی مظاہروں کا ہاتھ نہ تھا۔ پارلیمانی یہ طرز سیاست جو آئین اور قانون کے دائرے میں ہو دراصل، اصل مسئلہ یعنی قومی آزادی کے معروضی اور سائنسی راہوں سے توجہ ہٹاتا ہے احتجاج اور مطالبے "ریاستی وجود، جواز اور رٹ وساکھ کو تسلیم کرنا ہوتا ہے تھوڑے ہی عرصہ میں "میڈیا" اصولوں کے مطابق تکرار اپنی افادیت کھو بیٹھتا ہے میڈیا اور قاری وسامعین پھس پھسے پن اور تکرار سے فوراً بیزار ہوتا ہے۔

رومانویت کی رعنائی دھندلا جاتا ہے چنانچہ بلوچ نیشنل فرنٹ (بی ایس او آزاد) بی آر پی، بی این یم، وغیرہ کی موجودگی میں جولائی 2009ء کے اوائل سے قومی آزادی مخالف

یعنی نیشنل پارٹی، بی این پی مینگل جو دبک کر بیٹھ گئے تھے سرمچاروں کی حمایت اور حق خودارادیت کے نام پر قومی آزادی کا مبہم پیغام دے رہے تھے۔ یک دم میر حاصل بزنجو کے ٹی وی انٹرویو کے ساتھ کھل کر بلوچ قومی آزادی کے خلاف اعلان جنگ کرنے کی جرات کر بیٹھے اور اگلے ہی روز ایک دیگر، انٹرویو میں سردار اختر مینگل نے ٹی وی انٹرویو میں کھلے عام کہا کہ بی این پی پشتونوں کے ساتھ مل کر پاکستانی الیکشن میں بھرپور حصہ لیں گے۔ اب لوگوں کو اس طرف پلٹنے سے روکنا مشکل ہوگا۔

قومی آزادی کے نام نہاد متوالے بلوچ نیشنل فرنٹ۔ بی این یم۔ بی آر پی، جو ایک دوسرے کی ٹانگ کھینچنے میں مصروف ہیں میڈیا وار میں جم نہ سکے ہیں اور جم نہیں پائیں گے میڈیا وار کا ہتھیار سرکار کی سرپرستی میں ہیں قومی آزادی کے نام نہاد جو فوٹو کے قوم پرستی سندات پر تکیہ کئے ہیں ان کی اصل پس پائی جان سلوکی کے اغواء کے مسئلہ کو مس ہینڈلنگ اور غیر سائنسی انداز فعالیت سے شروع ہو چکی تھی، ہر کوئی نواب خیر بخش مری کے ترجمان کا تاثر دینے لگا تھا چنانچہ نہ یار ملا اور نہ وصال خدا ہوا بی ایس او سمیت کسی نے آج تک یہ زحمت نہیں کی بی ایل اے کی موجودگی میں بی ایل ایف اور بی آر اے کا جداگانہ پہچان کیوں؟ قطع نظر بی ایس او کا 1967ء سے زرسری کردار، اب جب نیشنل پارٹی اور بی این پی (مینگل) کھل کر بلوچ قومی آزادی کے خلاف اعلان جنگ کر چکے ہیں ان کا بی این پی (مینگل) پچار، کردار کیا ہوگا۔

# بلوچ قومی تحریک آزادی اور شدت طلب کا پیمانہ!!!

حفیظ حسن آبادی

بلوچ اور اُس کے دشمن میں جو بنیادی فرق ہے وہ یہ کہ بلوچ پیٹھ پیچھے وار کو اپنے لئے عیب سمجھتا ہے فریب و دھوکہ دہی اسکی سرشت میں نہیں ہے جو آج کے دور میں شاہد بڑی کمزوریاں تصور ہو لیکن اس کے باوجود کوئی طاقت اُسے اپنی یہ بہترین صفات ٹھگی میں بدلنے کا نہیں کہہ سکتا اگر ایسی سادگی، بہادری اور سرزمین سے لگاؤ نے اُسے لاکھوں مربع کلومیٹر زمین ڈیڑھ ہزار کلومیٹر خوشگوار ترین ساحل کا مالک بنادیا ہے اسکا مطلب ہے اُس کی یہ خاصیت کبھی بھی اُسکے آزاد و باعزت زندگی گزارنے کے سامنے رکاوٹ نہیں بنی ہے اب اگر بلوچ کیلئے جو چیز سب سے زیادہ مشکلات پیدا کررہی ہے وہ اس کے درمیان اُن لوگوں کی وجہ سے ہے جو ٹھگی پر اُتر آئے ہیں۔

ٹھگ چونکہ ٹھگ ہوتا ہے اس کے لئے کوئی سرحد نہیں ہوتی جب وہ غیروں کے ساتھ ٹھگی کرتا ہے تو وہ عادت سے مجبور اپنوں سے بھی ویسا کر کے دونوں کو ٹرخا کر ہر اک کو الگ وفاداری کی یقین دہانی کراسکتا ہے بعض اوقات ایسے لوگوں کی مدد سے قوم و وطن کے دشمن اسکے قوم و وطن کو ناقابل تلافی نقصان پہنچاتے ہیں۔

بلوچستان میں حق خودارادیت کے بحث کے اردگرد بھی کچھ بلوچ سیاستدان مہا ٹھگی کا پریکٹس کرنے میں مگن سب کچھ غارت کرنے کی طرف جارہے ہیں وہ پاکستان، ایران،

وافغانستان کے ساتھ اپنے رشتوں کا تعین کئے بغیر ایک طرف حق خودارایت اور دوسری طرف منزل کا تعین بغیر اتحاد کی بات کرتے ہیں، بلوچستان کے موجودہ صورتحال سے صرف نظر غیر جمہوری ملکوں میں رہ کر جمہوری جدوجہد پر زور دے رہے ہیں۔ اپنی تاریخی گلز مین بارے ابہام کا شکار ہوکر بے جان صوبائی خودمختاری کو حق خودارادیت و آزادی کی پوشاک میں سجا کر سب کی نظروں کو دھوکہ دینا چاہتے ہیں۔

بلوچ چونکہ فطرتاً بہادر و سادہ دل واقع ھوا ہے اس لئے اُس کے لئے بزدل ٹھگوں والا کردار نبھانا بھی خاصا مشکل ہے یہی وجہ ہے کہ ہمارے اکثر بلوچ بہت جلد سیاسی شعبدہ بازی میں پکڑے جاتے ہیں جس سے اُن کی اپنی باتیں اُن کے گلے میں سانپ بن کر لپٹ جاتے ہیں۔

گذشتہ دو تین مہینوں سے کچھ بلوچ پارلیمان پسند سیاسی جماعتیں قریب آرہی ہیں لیکن جو چیز اُن کی بدنیتی کی چغل خوری کرتی ہیں وہ یہ کہ یہ جماعتیں اپنے اخباری بیانوں حق خودارادیت پر اتفاق کی بات کرتے ہیں۔ بظاہر تو یہ نعرہ بہت پُرکشش نظر آتا ہے لیکن حقیقت میں قطعاً ایسا نہیں ہے کیونکہ جب ان سے پوچھا جاتا ہے کہ آپ حق خودارادیت کی بات کرتے ہیں اور آپ کبھی کبھی موج میں بھی کہتے ہیں کہ حق خودارادیت بھی آزادی ہے تو بلوچستان کے آزادی پسند قوتیں کیوں آپ کی کارکردگی سے نالاں ہے اُن آزادی پسند قوتوں کی جدوجہد پر کسی شک کی گنجائش اس لئے نہیں ہیں ہے کہ وہ پاکستانی مقتل میں قطار لگائے ہوئے ہیں برسوں سے اُن کے ورکر عقوبت خانوں میں سڑ رہے ہیں تو یہ لپک کر کہتے ہیں کہ ہم پرتشدد سیاست نہیں کرتے ہم جمہوری لوگ ہیں اس لئے سرکار ہم پر اتنی سختی نہیں

کرتی اور آزادی پسند ہمیں سمجھنے سے قاصر ہیں۔ جہاں تک مقصد کی بات ہے تو ہمارا اور اُن کا سب کچھ مشترک ہے تو ان سے اگلا سوال یہ پوچھا جاتا ہے کہ اگر آپ آزادی و حق خودارادیت کو واقعی ایک سمجھتے ہیں تو براہ راست کیوں کھل کر اس کا اظہار نہیں کرتے تو یہ بیگناہ صورت بنا کر فرماتے ہیں کہ چونکہ حق خودارادیت اقوام متحدہ کے چارٹر کے مطابق ہے اس لئے ہم بین الاقوامی قوانین کے مطابق حق خودارادیت مانگتے ہیں یہی وہ موڑ ہے جہاں پتہ چلتا ہے کہ یہ سیدھے سادھے بلوچ ہیں اُنھیں کسی لالچ نے ٹھگی پر اُتر آنے کو مجبور کرلیا ہے لہذا وہ لاکھ کوشش کے باوجود فطرت کے سامنے بے بس ہو کر اپنی اصلی صورت چھپا نہیں سکتے

''اقوام متحدہ حق خودارادیت کی مخالفت نہیں کرتا''

یہ جملہ کہہ کر وہ کبھی بھی غلطی سے بھی یہ بات کہنے کی زحمت یا جرات نہیں کریں گے کہ اقوام متحدہ نے کہاں آزادی کی مخالفت کی ہے حقیقت یہ کہ اقوام متحدہ نے آج تک کسی قوم کی آزادی کے خلاف بات نہیں کی ہے البتہ اس بحث میں ایک بات کبھی بھی نہیں بھولنا چاہئے کہ اقوام متحدہ یا طاقتور دنیا صرف اس صورت میں قومی آزادی کی تحریک بارے دوٹوک پالیسی اپناتی ہے جسمیں اُسکی اپنی دلچسپی ہو یا وہ قوم واقعی حتمی فیصلہ کے ساتھ ایسے سامنے آئے کہ اُسکی مانگ کو مسترد کرنا ممکن نہ ہو کوسووا، جنوبی ایشیاء، مغربی تیمور وغیرہ اسکی زندہ مثالیں ہیں البتہ ایشیاء کی آزاد حیثیت روس کے علاوہ کسی دوسرے ملک نے قبول نہیں کیا ہے لیکن جس استقامت کے ساتھ یہ قوم اپنی آزادی کے لئے مرنے کو تیار ہے اس سے بخوبی اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ دنیا بدیر یا زود اُنکی آزاد حیثیت تسلیم کرے گی۔ فلسطین کی آزادی

بھی بہترین مثال کے طور پر پیش کی جاسکتی ہے وہاں تقریباً پوری مغربی بلاک امریکہ واقوام متحدہ سمیت کی ہمدردیاں اسرائیل کے ساتھ تھیں لیکن فلسطینیوں کی بے پناہ قربانیوں نے کئی ممالک کو مجبور کیا ہے کہ وہ اُن کی حمایت کریں۔

یہاں بات بلوچستان کے آزادی کی تحریک کی حمایت یا مخالفت کا نہیں بلکہ فیصلہ کن پوزیشن لینے کا ہے۔اگر آپ شدت اور فیصلہ کن انداز سے آزادی لینے کی ٹھان لیتے ہیں تب آپ کے پاس طویل وقلیل مدتی جدوجہد،کم وزیادہ نقصان پر اُس کی دستیابی معنیٰ نہیں رکھتی ۔دوسرے لفظوں میں آپ کی آزادی کا فیصلہ دنیا آپ کی شدت طلب کے پیمانے سے کرتی ہیں ۔اگر آپ صرف یہ نعمت مانگ رہے ہیں تو یقین کیجئے آپ کو کچھ نہیں ملے گا صرف مانگنے والوں اور عمل سے خالی تحاریک کیلئے اقوام متحدہ کے سابقہ سیکرٹری جنرل بطرس غالی کے الفاظ نوشتہ دیوار ہیں جو اُنھوں نے کہا تھا اگر ہر قوم کو آزادی دی گئی تو دنیا کے نقشے پر تین ہزار سے زاہد مملکتیں وجود میں آئیں گے۔لیکن ان ریمارکس کے بعد بھی کوسووا،تیموریہ،گرین لینڈ جیسے چھوٹے چھوٹے مملکتیں وجود میں آئیں۔اگر اقوام متحدہ دس ہزار کی آبادی نادروNAURU کی آزادی تسلیم کرتی ہے تو وہ بلوچستان جیسے وسیع وعریض سرزمین اور بلوچ جیسی قوم کی آزادی کو بھی تسلیم کرے گا شرط صرف یہ ہے کہ اس قوم نے اپنی آزادی لینے کا اٹل فیصلہ کیا ہے یا اس نعرے کو بلیک میلنگ کے طور پر استعمال کر کے کچھ مراعات لیڈروں کے جھولی میں ڈالنا ہے اور خاص ایسے تحاریک ہیں جب وہاں بے گناہ لوگوں کے جانوں کے ضیاع کا اندیشہ ہے۔

دوسری بات جوان پارلیمان پسندوں کی کاہلی کی وکالت کرتی ہے وہ کہ ہم اگر براہ

راست آزادی کی بات کریں تو پاکستان ہمیں غدار قرار دے کر لٹکائے گا اس لئے ہم اُسے دھوکہ دینے کیلئے حق خودارادیت کا نعرہ لگاتے ہیں چونکہ پاکستان خود ہی یہ نعرہ کشمیر کیلئے لگاتا ہے اس لئے وہ ہمارے خلاف کوئی قدم نہیں اُٹھا سکتا یوں ہم اُن کے ساتھ چل کر حق خودارادیت کی بات کریں گے اور جب ضرورت پڑے تو اسے داخلی خودارادیت بھی کہیں گے لیکن آپ بلوچ ہماری حق خودارادیت کو مطلق آزادی سمجھو''

ہے نہ یہ مہاٹھگی کی کوشش کہ جسمیں وہ عاقل کے بجائے بیوقوف لڑکے بن جاتے ہیں تو اُن سے بجاطور پر یہ سوال پوچھا جاسکتا ہے اگر آپ پاکستانی حاکموں کے ڈر سے خود انہی حاکموں کو دھوکہ دیتے ہیں آیا اُنہی کے ڈر سے آپ اپنی قوم کو دھوکہ نہیں دے سکتے ؟'' کیا پاکستانی حاکم وایجنسیاں اپنی جان کے دشمن ہیں کہ آپ کے اس برملا اظہار یہ کو صرف نظر کر کے آپ کو اقتدار سونپیں گے تاکہ آپ انکی ریاست کو اندر سے کھوکھلا کر دیں۔ اگر انھیں بھوک بھی لگ جائے تو آپ کبھی بھی اقتدار کے مزے نہیں لوٹ سکتے وہ بے وقوف ضرور ہو سکتے ہیں لیکن اپنی جان کی دشمنی کبھی نہیں کر سکتے اسکا مطلب ہے وہ تصدیق وگارنٹی کے بعد ہی آپ کو شریک اقتدار کر سکیں گے جسکے لئے پہلی شرط قومی آزادی کی تحریک کو سبوتاژ کرنے کے ساتھ سرزمین کی ملکیت سے دستبرداری ہوگی۔ اس کے بعد بھی اگر یہ لوگ کہتے ہیں کہ ہم پاکستان کے ساتھ استادی اور آپ لوگوں کے ساتھ سچ کہتے رہے ہیں تو اُن سے ہر بلوچ پوچھنے کا حق رکھتا ہے کہ آپ کہیں پاکستانی حاکموں کو تو یہ نہیں کہہ رہے ہیں کہ عوامی ردعمل اور آزادی پسند تنظیموں کی مقبولیت کی وجہ سے حق خودارادیت کی بات کرتے ہیں جونہی تمام مزاحمتکار ختم ہو جائیں اور جنگ ختم ہو جائے



CamScanner

پھر اُسی صوبائی خودمختاری اور پاکستان کی سالمیت کی بات کریں گے۔

اپنی اس مہااستادی میں وہ ایک اور پھڈے کی بات بڑی ''معصومیت'' سے کہتے ہیں کہ آپ اپنی جدوجہد اپنے طور طریقے سے جاری رکھیں اور ہم اپنے طریقے سے منزل کی طرف آئیں گے ہوگئی نہ یہ وہی چالاکی جو ایک ٹھگ بھائی نے اپنے سیدھے سادھے بھائی کے ساتھ جائیداد کی تقسیم کے وقت کیا تھا جس نے کھجور کا اوپر کا حصہ خود اپنے پاس رکھا اور نچلا حصہ سادھے بھائی کو دیا تاکہ وہ اسے پانی دیتا رہے جس سے فصل ہوشیار بھائی اور دیکھ بھال بھولے بھائی کے حصے میں آئی اس طرح گائے کا اگلا حصہ سادھے بھائی کو دیا تاکہ وہ اسے چارہ پانی دے سکے خود پچھلا حصہ لے لیا تاکہ دودھ حاصل کر سکے گھر کے ایک ہی کمبل کو بھی ایسے تقسیم کیا دن کو کمبل بھولے بھائی کا ہوا اور رات کو وہ کمبل خود اوڑھ کر آرام سے سوتا تھا بظاہر تو اُس نے انصاف کیا تھا سب میں بھائی شریک تھا لیکن حقیقت میں بدترین بددیانتی تھی۔

جب اُس سیدھے انسان کو کسی نے رحم کھا کر نیک مشورہ دیا تو سیدھے سادھے بھائی نے کلہاڑی لیکر درخت کاٹنے کی کوشش کی اُسے ایسا کرنے سے کوئی نہیں روک سکتا تھا کیونکہ نچلا حصہ اُس کا تھا تب ہوشیار بھائی واقعی انصاف کرنے پر مجبور ہوا اسی طرح دودھ دھوتے وقت جب بھولے بھائی نے گائے کے اگلے حصے کو مارنا شروع کیا اور پچھلے حصے سے ہوشیار بھائی دودھ لینے میں ناکام ہوا تب انصاف کا فیصلہ کرنے پر مجبور ہوا کمبل کے فیصلے تک پہنچنے کیلئے بھولے بھائی نے کئی دنوں تک کمبل کو سارا دن پانی میں ڈبو کے رکھا اور رات کو گیلا کمبل اُس کے سپرد کرتا یوں ہوشیار بھائی صحیح راستے پر آیا اور نتیجے میں تمام فیصلے درست ہونے لگے۔

یہاں پارلیمانی سیاست کے حامی بلوچ سیاستدانوں نے بھی زبردست تقسیمات کی ہے جنہیں بے انصافی کا شاہکار نمونہ کہا جاسکتا ہے یعنی سرمچار اور آزادی پسند تنظیموں کے ورکر لیڈر کٹتے مرتے رہیں اور پارلیمان پسند اُنھیں اپنا ساتھی کہہ کر مزاحمت کے نام پر زیادہ سے زیادہ فنڈ لیکر ہڑپ کرتے رہیں جب یہ آزادی پسند کامیاب ہو گئے اور بلوچستان آزاد ہو گیا تو پھر یہ پہلے کے لوٹے ہوئے خزانوں کیساتھ نئی اسمبلیوں میں نئے زور وشور کے ساتھ آئیں اور وہی گندہ ذہن وہی کلچر اپنے ساتھ لائیں جس سے جان چھڑاتے لوگ مرے جارہے ہیں اگر خدانخواستہ سارے سرمچار مارے گئے یا ناکام ہوئے تو یہ اسی پارلیمنٹ میں اُسی طرح براجمان رہیں گے ضرورت پڑنے پر سرمچاروں کا نام استعمال کریں گے اور ضرورت محسوس نہ ہونے پر اُن پر کیچڑ اچھال کر طنزیہ طرز کلم لئے بولیں گے ہم کہتے تھے جنگ سے کچھ نہیں ہوگا دیکھا ہماری بات اُنھوں نے نہیں مانی اور اب شکست کھا گئے۔

ایسا کہتے ہوئے وہ ایک لمحے کے لئے بھی یہ نہیں سوچیں گے کہ اگر ہم اس وقت پاکستانی عملداری میں مدد دینے کے بجائے اُن کے ساتھ ہوتے تو وہ سو فیصد کامیاب ہو سکتے تھے اور اُن کی (خدانخواستہ) ناکامی میں ہماری بے عملی اور دشمن کا ہاتھ مضبوط کرنے کا براہ راست ہاتھ ہے۔ مختصر یہ کہ آج بلوچ موت وذیست کے دہانے پر کھڑی ہے اور حالات ہمارے اندازے سے زیادہ گھمبیر وسنگین ہیں اگر بلوچ نے کراچی میں بلوچوں کی گمنامی آج اُن کے اقلیت وشہر کے پسماندہ تر شہریوں میں شمار ہونے سے سبق نہیں سیکھا تو وہ دن دور نہیں جب بلوچستان کا بلوچ بھی اسی طرح ایک ایک شہر سے یکے بعد دیگرے نکل کر دیہاتوں کی

طرف جاتے ہوئے گمنامیوں کی طرف دھکیلا جائے شہری حکومتیں اور طاقت آج بھی اُن کے ہاتھوں سے تقریباً نکل چکا ہے ریاستی طریقے سے اگر کام چلے تو آج بھی بلوچ اصل قوت سے بہت دور ہے پنجاب وسندھ کے بلوچوں کا بکھر جانا اور اپنی گلزمین سے کٹ جانے اور اسکے کسی کام نہیں آنا یا کم آنا الگ داستان ہے افغانستان وایران میں بلوچ قوم کی گلزمین وقومی شناخت کو خطرات پر بھی الگ بحث کی ضرورت ہوگی لہذا جب حالات ایسے سنگین ہوں تو کسی بھی جماعت یا لیڈر کو سیاسی بیان بازی وشعبدہ بازی کی اجازت نہیں دی جاسکتی اور نہ ہی اُن کے بے عمل سیاسی نعروں کی کوئی قدر و قیمت ہوگی۔

آج بلوچستان پوری دنیا کے توجہ کا مرکز ہے اور بلوچ قوم کسی بھی وقت سے زیادہ آج اپنی سرزمین وپہچان کی تگ ودو میں مصروف ہے اقوام متحدہ امریکہ یا دنیا کی کسی بھی طاقت کیلئے بلوچ اپنی محنتی طبعیت وفطری طور پر مذہبی انتہا پسندی سے دور صفت کی وجہ سے آزاد حیثیت سے قابل قبول ہے اس میں پاکستان یا ایران کے توڑنے کی کوئی ضرورت نہیں جب پاکستان بنا بلوچستان اسکا حصہ نہیں تھا ایران وافغانستان بھی بلوچ سرزمین کے بغیر مکمل ہے بلوچ قوم اگر متحد ہوکر جاندار طور پر اپنی تحریک آگے لے جائے تو بنگلہ دیش جیسے حالات اور بڑی تعداد میں انسانی جانوں کے نقصانات کے بغیر سارا معاملہ طے ہوسکتا ہے۔

شرط صرف یہ ہے کہ بلوچ قوم کے سربراہاں ادھر اُدھر لٹک کر اپنے آپ سمیت مملکتوں کو بیوقوف بنانے کی چکر سے نکل کر اُسی بہادری اور صاف گوئی سے اپنا مدعا بیان کریں جس طرح اُن کے اجداد نے اپنی صفحات کی بدولت یہ گلزمین حاصل کی تھی۔

# مسلح جدوجہد، طاقت اور ہنر کا موثر استعمال

اسلم بلوچ

یہ روز روشن کی طرح عیاں ہے کہ روزِ نقل سے اس دنیا میں توسیعی پسندانہ سوچ جو کسی بھی کمزور پر برتری۔ قبضہ گیری، لوٹ مار کے بابت ظلم وستم قتل وغارت گیری کی وجہ بنی نے کمزور کے لئے دفاع اور بچاؤ بارے بنیاد فراہم کی مزاحمت وار جنگ کو اور کسی بھی جنگ میں کامیابی کے لئے ضروری ہیں۔ طاقت، ہنر، تدبیر، اوزار وہتھیار اور دشمن کے ساتھ روا رکھے جانے والا سلوک (جسکی ایک مثال عراق کی مزاحمتی تحریک میں عراق دشمن اور امریکی فوجوں پر ہونے والے حملوں کی بے رحمانہ نوعیت ہے)۔

مثلاً اگر کسی مقام پر ہم ایک ہی عمل کو مختلف انسانی ساخت کی نوعیت اور قوت کے ساتھ بار بار دہرائیں تو ہمیں یقیناً نتائج مختلف ملیں گے کسی بالکل سنسان مقام پر ایک موٹی سی رقم رکھ کر دیکھ لیں تو کسی بھی نظر پڑنے پر وہ رقم کو بے خوف ہو کر اُٹھائے گا اب اگر ہم رقم کے ساتھ کسی کمسن لڑکے کو کھڑا کر کے دیکھ لیں تو رقم حاصل کرنے والے کو لڑکے کو بغیر دھوکہ دئے یا بہلائے پھسلانے کے رقم حاصل کرنا مشکل ہوگا۔ اس کے بعد یہی عمل کسی صحت مند بالغ عاقل کی موجودگی میں دہرائی جائے تو نتیجہ ضرور مختلف ہوگا جب تک وہ جوان غافل نہ ہو یا پھر کسی دھوکے اور فریب کا شکار نہ ہو یا پھر ختم نہ ہو جائے تو اس رقم کا حصول مشکل ہوگا اگر ہم اس میں اس طرح اضافہ کریں کہ کسی شخص کو مسلح کر کے رقم کی حفاظت پر مامور کریں تو پھر رقم کے حصول کے لئے بھی مسلح ہونے اور پھر مزاحمت کے صورت میں جانی نقصان اور اس کے اثرات سے دوسری قوتوں کے متوجہ ہونے کا اندیشہ اب ان تمام سے ہٹ کر کسی ایسے شخص کو

جو اپنے طاقت، ہنر وتربیت، بے رحمی، سخت گیری بارے مشہور ہو رقم کا محافظ بنایا جائے تو آپ خود اندازہ کریں کہ اس کا نتیجہ کتنا مختلف ہوگا یہ سب کچھ بیان کرنے کا مقصدان باتوں کی نشاندہی ہے جو ضروری ہوتی ہیں کسی بھی قیمتی اثاثے یا ملکیت کے حفاظت اور نگہبانی کے لئے جو رکھتا ہو اپنے لئے بہت سے دشمن جنکے عزائم مکر وفریب، جبر، ظلم وستم لوٹ مار کے لئے ہنر وتدبیر کا روک تھام یا مقابلہ کیسے بہتر انداز میں ممکن ہو سکتا ہے ہم دیکھتے ہیں کہ عراق میں امریکی فوج اپنے تمام شرمناک اقدامات کو نظر انداز کر کے معصوم عراقی بچوں میں چاکلیٹ تقسیم کر کے اپنے کو انسان دوست ظاہر کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ ایک دن بچوں کے ہجوم جس میں دو امریکی فوجی چاکلیٹ بانٹ رہے تھے خودکش حملہ ہوا 24 عراقی بچے اور دو امریکی فوجی مارے گئے وقت وحالات کے مطابق حملہ آوروں کا فیصلہ، تدبیر، ہنر اور سلوک ایک ہی پیغام موجودہ قابض کے ساتھ ساتھ اپنے عوام اور مستقبل میں ہر اس قوت کے لئے چھوڑ رہے ہیں جو اپنے سے کمزور اقوام کے وسائل کو سچائی ہوئے نظروں سے دیکھتے ہیں۔

زمینی حقائق میں سے یہ ایک ٹھوس حقیقت ہے کہ جنگ اپنے اندر موجود تمام بے رحمیوں کے باوجود ایک ایسی بھٹی ہے جسکی آگ انسانی ہڈیوں اور خون سے جلتا ہے مگر اس میں قوموں کے تہذیب کی بنیادیں مضبوط اور شعور کی صحت مندانہ پرورش ہوتی ہے جو اتفاق اتحاد نظم وضبط کو ضرورت بنا دیتی ہے ہم میں سے اکثریت اس دنیاوی حقیقت سے ناآشنا یا پھر منکر ہیں۔ ہم ایک قوم ہیں ہماری اپنی سرزمین جس میں بیش بہا قدرتی وسائل ہزروں سالہ پرانی تاریخ زبان ثقافت ساحل ہے مگر بدقسمتی سے اختیار واقتدار نہیں کیونکہ اس پر ایک غیر قوم بزور طاقت (مسلح فوج) کے قابض ہے اس قابض سے نجات، دفاع اقتدار واختیار کے حصول کے لئے سب سے اہم جز دفاعی قوت یعنی ایک منظم مضبوط نظریاتی مسلح فوج نہیں وہ ہمیں کسی

بچے کے مانند کبھی بہلا پھسلا کر اور کبھی ڈرا دھمکا کر لوٹ رہا ہے۔ جہاں کسی مقام پر ہم قومی بلوغت یا قوت کی طرف جاتے ہیں تو وہ ہمیں جلد از جلد بے رحمانہ طریقے سے ختم کرنے کی بھرپور کوشش کرتا ہے اس دنیا میں ایسے غیر اخلاقی اور حیوانی سوچ جس میں کسی بھی کمزور کو جیسے بھی کچل سکو کچلو اور اُسکے مال و اسباب سے استفادہ کرو کی موجودگی میں بلوچ کی اولین ضرور ایک مضبوط منظم نظریاتی مسلح فوج کی رہی ہے فوجی طاقت بنتی ہے تو نوجوانوں سے اور اس طاقت کو ناقابل شکست بناتی ہے نظریہ اور ہنر و ہتھیار اور ان کے لئے ضرورت ہوتی ہے وسائل کی ان کے لئے کوششیں اپنی جگہ آج ہم بلوچ سیاست میں دیکھ رہے ہیں کہ ہمیں ہر مقام پر اُلجھایا جا رہا ہے وہ ایشوز جو غیر اہم نہیں انکو اچھال کر ایک بے وجہ کی بحث شروع کی جاتی ہے اور دوسری طرف ہمارے سیاست کرنے کا انداز بالکل ویسا ہی ہے جیسا کہ کسی آزاد دیس کے باسی اپنے ہی حکمرانوں کے بیچ کرتے ہیں۔ اس سیاست میں دشمن قبضہ گری، قومی اقتدار و اختیار کے چھین جانے جیسی چیزیں نظریں حکمت عملی کے تحت پالیسیوں کا مبہم ہونا مختصر مدت کے لئے ہوتا ہے مگر اس میں بھی عمل راہ راست کی نشاندہی کرتا ہے مگر سالہا سال سے ایک ہی ٹریک پر چلنے والے اپنے کمزوریوں کو حکمت عملی کا نام دیں تو یہ منافقت ہوتی ہے حکمران مان کر ایشوز پر مطالبات، مانگ رونا دھونا، لین دین، گلے شکوے ناراض و خوش ہونا کیسے شکوک و شبہات کو جنم نہ دے یہ بھی ضرور دیکھا جائے کہ پچھلے دس سالوں میں وہ کونسے طریقہ کار ہیں جس نے بلوچ معاشرے میں تبدیلی کے سفر کو تیز کر دیا یہاں ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم جلد از جلد غیر حقیقی ایشوز پر بحث مباحثوں میں الجھنے کی بجائے حقیقی طریقہ کار مسلح جدوجہد اور اوپن گراؤنڈ پر انقلابی سیاسی انداز کو اپناتے ہوئے اس فکر و احساس کے ساتھ جس میں آزاد و خود مختار قوم کی حیثیت سے اپنے سرزمین پر اپنی قومی اقتدار و اختیار ہو وہ بھی

اس نظریے کے بنیاد پر جس میں انصاف، برابری، قومی ملکیت کے بارے تصور کی بنیادیں مضبوط کرنے کی جدوجہد ہو۔

اور جدوجہد بھی ان شرائط کے بنیاد پر جس میں سب کچھ قربان کرنے کا جذبہ، باکردار عمل دن رات محنت، ذات، ذاتی قبائلی اور گروہی مفادات سے بالاتر ہوکر قومی اجتماعی فکر کا سپاہی یا کارکن ہونا، لالچ، خوف وحسد سے ذاتی انفرادی جنگ قومی فکر کی بنیاد پر ( کیونکہ لالچ، خوف، حسد، ہر انسان کے اندر وجود رکھتے ہیں اور یہ مختلف اوقات وحالات میں سر اٹھاتے رہتے ہیں اور یہ انسان پر آسانی سے حاوی ہوتے ہیں ایک بہتر کردار وہی انسان ادا کرسکتا ہے جو ان موذی امراض پر قابو پاسکے اور ان کو ہمیشہ کے لئے دفن کرسکے )۔

جھوٹ چاہے کتنی بھی چھوٹی کیوں نہ ہو اجتماعی اور اجتماعی جدوجہد میں زہر کی حیثیت رکھتا ہے اور اسی طرح موقع پرستی بھی دھوکہ وفریب کے جنم کا ذریعہ بن جاتا ہے مدمقابل دشمن سے نبرد آزما کوئی بھی گروہ یا قوت اس وقت تک اپنے آنے والے نسلوں کے لئے ایک مضبوط قومی فکر کی بنیادیں فراہم نہیں کرسکتا جب تک وہ اپنے اندر موجود ان برائیوں سے جان نہیں چھڑا سکتا کیونکہ جذبات کو قومی فکر کے تابع بنا کر اجتماعی مفادات کے حصول کے لئے بطور ایندھن فراہم کرنا ہی سودمند ثابت ہوسکتا ہے۔

بصورت دیگر اگر یہی جذبات، ذاتی خواہشات، انا، ذاتی دوستی اور گروہی مفاد میں کام آئے تو یہ بن جاتے ہیں قومی جدوجہد میں رکاوٹ اور ہو جاتے ہیں ایک سیاسی کارکن کے سیاسی موت کا سبب ان تمام باتوں کو مدنظر رکھ کر جدوجہد کرنے والا ہی کسی بھی مشکل حالات میں ہر آزمائش پر پورا اتر سکتا ہے جس میں مقابلہ کرنے کی قوت ہوتی ہے یہ تو ہمیں کسی بھی لمحہ ہرگز نہیں بھولنا چاہیے کہ ہم قومی آزادی کی جنگ لڑ رہے ہیں اور حالت جنگ میں ہمیں



CamScanner

ہمارے سامنے ایک فاک بے رحم اور مکار دشمن ہے جو ازل سے طاقت کا رضا کارانہ غلام رہا ہے اکثر مقامات پر ہمارے سیاست کا انداز آ کر دیکھا جائے تو اس میں مطالبات و احتجاج بالکل حکمران و رعایا جیسے پیش ہوتے یا کئے جاتے ہیں۔

ہمیں اس انداز پر بھی غور کرنا ہوگا اور تیزی سے بلوچ عوام کو یہ شعور دینا ہوگا کہ دشمن اور حکمران میں فرق محسوس کریں دشمن کا تمام نظام ہی ہمارا دشمن ہے کوئی ایک شخص یا چند افراد رحم دل ضرور ہو سکتے ہیں مگر مد مقابل یا آپکے ردمند میں چلنے والا نظام کبھی بھی رحم دل نہیں ہوگا مثلاً ایک مطالبہ آج کل زور و شور سے اُڑایا جا رہا ہے کہ مشرف کو انصاف کے کٹہرے میں لایا جائے تو کچھ بلوچوں کے دکھوں کا مداوا ہا گا ہمارے کچھ نادان دوست بھی اس کا حصہ بن رہے ہیں اگر مشرف پھانسی چڑھ بھی جائے جو ناممکنات میں سے ہے تو پھر سوال یہ ہے کہ بحیثیت بلوچ شہید بابو نوروز کا قاتل ، شہید حمید کا قاتل ، مجید اور اس وقت کے ہزاروں بلوچوں کا قاتل ، شہید نواب اکبر کے شہادت کے بعد شہید ڈاکٹر خالد ، شہید چیئرمین غلام محمد ، شہید رسول بخش ان سب کے قاتل اور دوسری بات آج کل چھاؤنیاں نا بنانے کا احسان کچھ سیاسی شعور سے عاری دوستوں نے ایسے ایک قابل تحسین قدم گردانا میرے خیال میں کسی مخصوص علاقے میں فوج کی موجودگی یا غیر موجودگی کوئی بہت بڑی اہمیت نہیں رکھتا مثلاً سبی سے کاہان ، ملتان سے کوہلو ، کشمور سے سوئی آنے میں فوج کو کتنا وقت لگے گا کوئٹہ سے قلات یا خضدار سے قلات آج بلوچ جس حالت میں ہے جو اسکی مزاحمتی قوت ہے اس فوج کے راستے میں رکاوٹ بن کر مزاحمت کرنے میں اگر پنجابی آرمی کو اسکی فضائیہ کو اڑا دے تو یہ کتنے مدت کے لئے ہوگا کسی بھی مرکزا اثاثے کے دفاع کے لئے میرے خیال میں آج مسلح آرمی کے گرفت کے حکمت عملی کے حوالے سے پورا کا پورا بلوچ گل زمین ایک چھاؤنی ہے کسی مخصوص علاقے

میں اس کا موجود ہونا نہ ہونا کوئی اہمیت نہیں رکھتا۔

ویسے مسلح فوج کے علاوہ ویسے ہی ایسے سرداروں کے علاقے جن کی ہمدردی پاکستان آرمی سے ہے یا جو کسی خوف ولالچ میں مصلحت پسندی کا شکار ہیں وہ تو اسی نظام کو بڑھاوا دے رہے ہیں اور وہی کام کر رہے ہیں جو ایک مسلح فوج اپنے استحصالی آقاؤں کے لئے کر کے ان کے استحصالی نظام کے وسعت کا باعث بنتا ہے۔

جس کی واضح مثال جل مگسی، بیلہ، وڈھ، زہری، سنی شوران وغیرہ ہیں۔ بحیثیت بلوچ ہمیں اپنے بلوچ عوام کے لئے اس فرق کو واضح کرنا ہوگا کہ وہ فرض اور جرم کو سمجھے دشمن کے نظام، قانون کی نظر میں بلوچ جغرافیہ زبان ثقافت وقومی وسائل کا دفاع ایک سنگین جرم ہے اور دفاع کرنے والا دشمن اول اور بلوچ کے لئے وہ ایک محافظ ونگہبان ہے اب اگر کوئی بلوچ اپنی قومی فرائض کے ادائیگی میں دشمن کے زیر عتاب آجاتا ہے تو ہم اسی دشمن سے اسکی رہائی اور انصاف کی یا جان بخشی کا مطالبہ کسی بنیاد پر کرتے ہیں پنجابی بحیثیت بلوچ دشمن اور جنگی حالت میں گرفتاری ہم جنگی قیدی کے حقیقت کے لئے مطالبہ واحتجاج کیوں نہیں کرتے اس سے کم از کم اس حقیقی بلوچ پنجابی تضاد کو ابھارنے کا ذریعہ بنایا جاسکتا ہے جس کے اثرات اور نتیجے ہمارے نجات کے جدوجہد میں فائدہ مند ہوسکتے ہیں۔ قومی آزادی کے جنگ لڑنے والوں کو یہ ذہن نشین کر لینا چاہیے وہ مسلح محاذ پر ہوں یا اوپن گراؤنڈ غیر مسلح محاذ پر جنگ ہوتی ہے جو ایک بے رحم وسفاک عمل ہے کام کرنے کے طریقے میں فرق ہونے سے جنگ کی شکل تبدیل نہیں ہوتی اور نہ اسکی بے رحمی اور سفاکی میں فرق آتا ہے صرف اور صرف کسی بھی بے رحمانہ واردات کے لئے کوئی بھی جواز بنیاد بنا کر اس سے ما قصد حاصل کئے جاتے ہیں مثلاً مسلح محاذ پر شہید ڈاکٹر دلجان کو گھیر کر قتل کرنے کی واردات ہو یا قلات میں شہید گلبہار، واحد، صوبیدار کو

گھیر کر قتل کرنے کی واردات ہو یا ڈیرہ بگٹی سے لیکر تراتانی تک قتل کرنے کی واردات جواز یہ ہے کہ مسلح ہو کر بندوق برداروں کا آمنا سامنا ہو جانا مسلح تصادم میں دونوں اطراف سے جانی نقصان کا اندیشہ ایک حقیقی امر ہے۔ لیکن واردات کی نوعیت، نیت، ارادہ، مقاصد یا حادثہ حقائق معلوم کرنا بہت ہی مشکل ہوتا ہے ہاں ایسا ضرور ہے کہ کسی بھی واردات کا تسلسل سے ہونا ہی ارادوں کو آشکار کرنے کا باعث ہوتا ہے تو دوسری طرف اوپن گراؤنڈ میں شہید غلام اور ساتھیوں کو ہاتھ پاؤں باندھ کر قتل کرنا اسی طرح شہید رسول بخش کے قتل کی واردات یا تمپ میں جلسہ گاہ میں فائرنگ کر کے قتل کرنے کی واردات جس کے لئے کوئی جواز کچھ بھی نہیں قتل کر کے خاموش ہو جانا کیا مقاصد کا حصول یکساں نہیں۔ جواز اور کبھی بغیر جواز کے یکساں سلوک کر جانا دشمن ایک مقصد ایک اوپن گراؤنڈ کے ساتھی کس بنیاد پر رحم دلی اور انسان دوستی یا انسانی حقوق کے پاسداری کی امید کرتے ہیں اور عصاء ظفر اخباری بیان میں بشام بلوچ سے لاتعلقی ظاہر کر کے کیسے کیا پیغام دینا چاہتا ہے۔

عدالت، قانون، انصاف، انسانی حقوق، شہری حقوق، برابری و اخلاقی اقدار کا اگر کوئی عامل ہوتا تو وہ قبضہ گیر نہیں ہوتا۔ کوئی آزادیکا متوالا یا طالب قبضہ گیر کے عدالت میں انصاف اور اس سے انسانی اور اخلاقی سلوک کے لئے اسکے ہی اداروں میں خاک چاٹے تو یہ عمل کیا کہلائے گا۔ فکر کی ناپختگی، مصلحت پسندی، انقلابی حکمت عملی، جنگی حکمت عملی، یا پھر فکر و عمل میں تضاد ان پر بحث ضرور ہونا چاہیے۔

ہمارے اوپن گراؤنڈ کے ساتھیوں کو دوران عمل، متحرک موجودگی کے ساتھ صرف دشمن سے اوجھل رہ کر اپنے مقاصد حاصل کرنا کیوں ناممکن لگتا ہے۔

ہمارے لئے کمزوری اور نقصان کا باعث بننے والی باتیں (جو عام زبان میں راز کہلاتے ہیں)

ہمارے اندر سے دشمن تک کیسے پہنچ جاتے ہیں ان روٹس کی پہچان وہ طریقہ کار اور اس سے جڑے عناصر کی سد باب یا ان کو بائی پاس کر کے کیسے کسی گروہ کو متحرک اور فعل رکھا جا سکتا ہے جو اپنے منزل و مقصد کی جانب بغیر رکاوٹ اور کم سے کم نقصان میں گامزن ہو کیا کسی بھی تحریک میں عوامی رابطیہ بحث مباحثوں سے کوئی انکار کر سکتا ہے عوام کی وہ اکثریت جو بہت سے باتوں سے نا آشنا ہوتی ہے ان کے سوچ میں وسعت اور پختگی لا کر ان کو متحرک کرنے کے لئے ان سے بحث مباحثے حد درجہ ضروری ہیں تو کیا ہمارے اوپن گراؤنڈ پر موجود پارٹیاں اور انکی قیادت نے اپنے کارکنان کے اس بنیاد پر تربیت کی ہے کہ وہ 20 افراد کے گروہ میں بیٹھ کر حالات اور اپنے نظریے اور فکر بارے ایک مدلیل بحث کر سکے اور کسی بھی اُٹھنے والے سوال کا جواب تاریخ، عمل، کردار کی بنیاد پر علمی دلائل و زمینی حقائق کو مدنظر رکھ کر دے سکیں اور عوام کو عوامی قوت کا احساس دلا کر متحرک کر سکے مختلف طبقات و گروپس اور دور دراز علاقوں کے عوام کو ایک نظریے و فکر کے تحت جوڑ سکے۔

ہمارے ہاں ایک ہی انداز ہے، جلسہ جلوس، مظاہرے، ان کی حیثیت سے انکار لیکن جلسے جلوس اور مظاہرے جن مقاصد کے لئے ہوتے ہیں اکثر حالات اور انکی نوعیت مختلف ہوتی ہے وہ کبھی بھی یکساں نہیں ہوتے مگر ہمارے ہاں ان میں مکمل یکسانیت ہے جو ایک ضرورت سے زیادہ فیشن جیسا لگتا ہے۔

اگر ہم اپنے سابقہ کارکردگی کا جائزہ لیں تو ان میں جلسہ کے ذریعے ہم نے عوام کی کتنی تعداد کو متحرک رکھا یا پھر کسی بھی جلسہ یا جلوس میں عوامی قوت کا مظاہرہ کر کے دنیا کو متوجہ کیا یا کوئی پیغام دیا ہمارے لئے تو باعث حیرت یہ ہیکہ ایک ہی پارٹی کے افراد ایک ہی اسٹیج پر مختلف خیالات کا اظہار کر کے تضاد بیانی کا شکار ہوتے ہیں جو مزید عوام کے لئے الجھن کا باعث بن

جاتا ہے۔
اورعوامی رابطہ کی اصلیت یہ ہے کہ وہ علاقے جہاں پارٹی کارکنان ہیں ان کی مخصوص نشست میں مہمان بنکر جانا دعوت رات دیر تک بحث مباحثوں کو کوئی کیسے عوامی رابطہ مہم قرار دے سکتا ہے کسی بھی چھوٹے بڑے علاقے مخصوص اور گنتی کے چند کارکنان کو عوام کیسے قرار دیا جاسکتا ہے بلوچ معاشرے میں عوام جنکی اکثریت زمینداری، بزگر یا مالدار مال مویشی پالنے والے یا پھر ملازمت پیشہ افرادان کے یونین طالب علم، بزرگ، خواتین ان سب میں کون کس طرح یہ احساس اجاگر کررہا ہے کہ ان کی قومی شناخت، قومی سرزمین، اس پر قابض دشمن قومی وسائل وساحل کی اہمیت ان کی لوٹ مار کے ساتھ ساتھ ایک زمیندار و بزگر کی محنت کو لوٹ کھسوٹ بجلی کھاد اور مارکیٹ ریٹ کے صورت میں جبری استحصال، اور مالدار سے اسکی محنت منڈی دلالی کی صورت میں مہنگے دوا اور سستی ریٹ استحاصل کی صورت میں طالب علموں سے وقت جوانی اور طاقت کو ایسے کنٹرول کرنا اس اسکول نظام کے تحت جو فرنگی کی دین ہے جس میں سے تیار ہو کر نکلنے والا اپنے کو ایک پرزے کے طور پر بخوشی پیش کرتا ہے اس استحصالی سرمایہ داری نظام کے لئے جو صدیوں سے کمزور اقوام کا خون چوس کر پھل پھول رہا ہے۔ یہاں آکر ہم ایک غیر جانبدارانہ تجزیہ کریں تحقیق کریں تو ہمیں پتہ چل جائے گا کہ آج تک ان اسکولوں اور کالجز اور یونیورسٹیز سے فارغ ہونے والے رینجرز، بیوروکریٹ، ڈاکٹرز، حتیٰ کہ کلرکس کیا ہنگامہ برپا کررہے ہیں۔ آج تک اس غیر فطری ریاست میں کوئی ایک خدائی خدمتگار ڈاکٹر دیکھا نہیں۔ جو مجبور اور بے بس لوگوں کو اپنے علم سے فائدہ پہنچا رہا ہو لٹیروں اور ڈاکوؤں کی ایک لائسنس یافتہ طبقہ عوام کا خون چوس رہا ہے عبدالستار ایدھی ان پڑھ ہے یہ بھی باعث حیرت ہے کہ کرپٹ انجینئر، انسانوں اور فرشتوں کے بیچ تشکیل پانے والی مخلوق

بیورو کریٹس ، اس نظام میں استحصال ، اخلاقی اور انسانی قدروں کی پامالی ، محنت مزدوری بارے قومی وسائل بارے ، مارکیٹ ریٹ کنٹرول بارے ، شعوری و آگاہی دینا ان کے روک تھام و سدباب کے لئے آمادہ جدوجہد کرانا اور اتفاق و اتحاد کے فوائد طاقت و قوت کے حصول کے ذرائع بارے تعلیم و شعور دینے کی بار آوار کوششیں کرنا صرف اور صرف چند کارکنان کی نشست برخاست مزدوران کارکنان کے بھی مخصوص علاقے ہیں جن میں ان کے گھر خاندان ، اور ذاتی دوست ہونگے ان خاندان اور دوستوں میں یہ کارکن اپنے کردار کے حوالے سے کیا حیثیت رکھتے ہیں کیونکہ کسی بھی حلقے میں اثر ورسوخ کے حوالے سے کردار کے اہمیت سے کوئی انکار نہیں کر سکتا مثلاً کسی بھی حلقے میں اگر کوئی کسی بھی فعل جس میں جھوٹ ، ذاتی خواہشات کے لئے اخلاقی قدروں سے گر کر ، نشہ وغیرہ خاندانی ہمسایہ علاقائی حیاء کی پابندی سے آزاد ، امانت رسوم ورواج کے پابندی سے نابلد حادثہ و مشکل حالات میں سماجی خدمت اور رضا کارانہ جذبات سے خالی ، خود غرض لالچی و کرپٹ مشہور ہو تو وہ کتنا با اثر ہوگا اپنے حلقے میں کسی بھی تبدیلی کے لئے مجھے تو بے حد افسوس اس بات پر ہوتا ہے کہ آج تک ہمارے سیاسی پارٹیوں میں کردار کی اہمیت کو مد نظر رکھ کر اداروں کی تشکیل نہیں ہوئی پارٹیوں میں اداروں کا فقدان اپنی جگہ ، کردار کے متعلق تربیت ، کچھ اصول ان پر کار بند رہنے کی پابندی ، کچھ تو سوچو اور وقت و حالات کے مطابق کچھ تو تقاضوں کو پورا کرنے کی کوشش ہو جو ایک انقلابی قدم کہلائے ۔

# بلوچستان قبل از شہادت نواب بگٹی : مابعد نواب بگٹی

تحریر: میر سالی

بلوچ قومی آزادی کی تحریک نے اسلام آباد اور اس کی مقتدرہ کو اس حد تک تشویش اور پریشانی میں مبتلا کر دیا ہے کہ اب اس ریاست کے اصل غم خوار بھی اپنی بے چینی کو چھپا نہیں پا رہے۔ عمران خان اور چوہدری شجاعت حسین کے حالیہ بیانات ریکارڈ پر ہیں کہ وہ اس سے پہلے زندگی میں اتنے مایوس کبھی نہیں ہوئے جتنے آج کل ہیں۔ اس مایوسی کے عالم نے پنجابی اسٹیبلشمنٹ کو بھی بہت کچھ سوچنے پر مجبور کر دیا۔ چند سال قبل تک جب "بلوچ مسئلہ" کو کوئی رتی بھر اہمیت دینے کو تیار نہیں تھے۔ لیکن اب اس مسئلہ نے پنجابی حکمرانوں اور ان کے حواریوں کی نیندیں حرام کر دی ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ اب اس تحریک سے نمٹنے کیلئے مختلف آپشنز پر غور کیا جا رہا ہے۔

ان میں کوئٹہ سمیت شورش زدہ بلوچ علاقوں میں مکمل اور بڑے پیمانے پر فوج کشی کا آغاز، قومی تحریک کی راہ میں آزادی دشمن قوتوں کا اکٹھا کرنا رئیسانی حکومت اور نام نہاد صوبائی اسمبلی کی تحلیل کے علاوہ بلوچوں کو سول وار سے دوچار کرنے کے آپشنز شامل ہیں۔

کوئٹہ کے بلوچ علاقوں میں مکمل فوجی آپریشن کی قیاس آرائیوں نے جون کے دوسرے عشرے میں شدت اختیار کر لی۔ جس پر ثبت مہر ایف سی کے ترجمان نے ایک بیان کے ذریعے لگا دیا جو 18 جون کے اخبارات میں چھپا گو کہ اس بیان کے ذریعے کوئٹہ میں فوج کشی

کے اراکان کورد کیا گیا۔ لیکن جاننے والے پاکستانی سرکار اور ریاست کی تردیدوں سے خوب آگاہ ہیں۔ اندرون خانہ اطلاعات ہیں کہ فوج کشی کی بھرپور تیاریاں ہو رہی ہیں۔ ہسپتالوں کو ایمرجنسی نافذ کرنے کی ہدایات جاری کی گئی ہیں۔ تادم تحریر یہ قیاس آرائیاں جاری ہیں کہ کوئٹہ کے تعلیمی اداروں اور سرکاری دفاتر کو ایک ماہ کیلئے بند کر دیا جائے گا۔ تاہم سرکاری سطح پر اب تک اس حوالے سے کوئی خبر جاری نہیں کی گئی ہے۔ اگر ریاست فوجی آپریشن کا آغاز کر دیتی ہے تو اس کا ایک واضح مطلب یہی ہوگا کہ وہ قومی تحریک کے سامنے عاجز آچکی ہے۔ اب اس کے پاس کھلی جارحیت کے سوا کوئی چارہ نہیں۔ حالانکہ اس میں کلام نہیں کہ مختلف بلوچ علاقوں میں فوجی کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے۔ لیکن بلوچستان کی تاریخ میں یہ پہلی مرتبہ ہوگا کہ کسی شہر اور بالخصوص کوئٹہ کے گنجان آباد شہری علاقوں میں فُل سکیل پر آپریشن کا آغاز کر دیا جائے۔ ایسے کسی بھی ممکنہ آپریشن سے یہ بات واضح ہو جائے گی کہ ریاست کو اپنے سرکاری نمائندوں اور آزادی دشمن قوتوں پر کوئی بھروسہ نہیں رہا۔ اس آپریشن کے کیا نتائج نکلیں گے؟ بلوچ آبادی کس حد تک متاثر ہوگی؟ حکومت اور تحریک مخالف بلوچ پارٹیوں پر اس کے اثرات کیا ہونگے؟ اس کا اندازہ لگانا کوئی مشکل بات نہیں۔

حکومت کے سامنے ایک آپشن یہ بھی ہے کہ قومی تحریک کو کمزور بنانے کیلئے اور بلوچوں کی اپنی سیاسی صف سے غداروں اور موقع پرستوں کو ایک بار پھر آزمانے کیلئے رئیسانی حکومت اور نام نہاد صوبائی اسمبلی کو تحلیل کیا جائے۔ اور نئے انتخابات کا انعقاد کروا کے نئی اسمبلی کے ذریعے نام نہاد بلوچ قوم پرستوں کی حکومت قائم کی جائے اور دنیا کو یہ تاثر دیا جا سکے کہ

بلوچستان میں آزادی کی کوئی تحریک برپا نہیں۔ بلکہ بلوچوں کے اصل نمائندے حکومت میں شامل ہیں اور وہ پاکستان کی ریاست کو دل و جان سے قبول کرتے ہیں لیکن یہ اتنا آسان سودا نہیں ہے۔ بلوچستان میں حکومت کے عدم استحکام کا مطلب اسلام آباد میں پیپلز پارٹی کی حکومت کے خاتمے کی جانب پہلا قدم ہوگا پنجابی مقتدرہ پہلے ہی آصف زرداری سے بیزار بیٹھی ہوئی ہے۔ لیکن زرداری حکومت کو گھر بھیج دینے کا مطلب سندھیوں کو یہ پیغام دینا ہوگا کہ اب ریاست کی نئی پالیسی سازی میں ان کیلئے گنجائش کم ہوگئی ہے۔ سندھی عوام کا ردعمل کیا ہوگا؟ اس سے قطع نظر سندھ میں سیاسی بے چینی کا آغاز ہوگا۔ جہاں پہلے ہی سوات کے مہاجرین کے باعث لوگ مضطرب ہیں۔ جبکہ کراچی کے اُردو بولنے والے مہاجر بھی پاکستان کی تاریخ میں پہلی مرتبہ اپنی بقاء کے مسئلے سے دوچار ہیں۔ اور وہ کسی بھی قیمت پر کراچی میں پشتونوں کی آبادی میں اضافہ کو قبول کرنے کیلئے تیار نہیں ہیں اس کیلئے وہ کوئی بھی قیمت ادا کرنے کو تیار ہیں۔ جس کے باعث کراچی میں سول وار کے خدشات کو یکسر نظر انداز نہیں کیا جا سکتا یعنی نواب محمد اکبر خان بگٹی کی شہادت سے ریاست جس بڑے بحران کا شکار ہوگئی تھی۔ اب اس بحران کے بطن سے نئے بحرانات جنم لے رہے ہیں۔ اور بلوچستان میں طاقت کے استعمال یا حکومت کی وقت سے پہلے تبدیلی نئے دھماکہ خیز واقعات کو جنم دے گی۔ جس کا شاید پاکستانی مقتدرہ نے تصور بھی نہیں کیا ہو۔ رئیسانی حکومت کی ممکنہ تبدیلی کی صورت میں تحریک مخالف بلوچ قوم پرستوں کو آگے لایا جائے گا۔ اندرون خانہ ایسے قوم پرستوں سے رابطوں اور ملاقاتوں کا سلسلہ جاری ہے اس تناظر میں پارلیمانی پارٹیاں بی این پی اور نیشنل

پارٹی کے رہنماؤں کے بیانات جن میں کسی حد تک قومی تحریک کی حمایت کی جاتی ہے۔اتنے اہم نہیں ہیں۔ جتنے ان کے اقدامات ان کی اصل پالیسی کو ظاہر کریں گے۔ بی این پی کی قیادت لاکھ بلوچ پرستی کے دعوے کرے لیکن بلوچ عوام کو اس کے عملی اقدامات کو دیکھنا ہوگا۔ گوکہ اس کا جھکاؤ واضح اور صاف نظر آرہا ہے یہی وجہ ہے کہ بی این پی کے اندر کارکنوں میں بڑی بے چینی اور اضطراب پایا جاتا ہے۔ نیشنل پارٹی کی کوشش ہوگی کہ وہ زیادہ چالاکی کا مظاہرہ کرتے ہوئے سامنے آنے کی بجائے بی این پی کو پہلی رو میں رہنے پر مجبور کرے۔ تاہم مقتدرہ کے کہنے پر وہ کسی وقت بھی بی این پی سے اتحاد کا ڈرامہ رچا سکتی ہے۔ کیونکہ اس طرح کے ڈرامے بلوچ پارلیمانی سیاست میں پہلے بھی ہوتے رہے ہیں۔ لیکن اب کی بار بلوچ عوام ایسے کسی بھی ناٹک سے متاثر نہیں ہونگے کیونکہ تجربات انسان کو بہت کچھ سکھا دیتے ہیں ایک اور آپشن سرکار کے پاس یہ ہے کہ چونکہ وہ اعصابی طور پر بلوچ قومی تحریک سے شکست کھا چکی ہے۔ لہذا اب قومی تحریک کے سامنے ایسی قوتوں کو صف آراء کیا جائے۔ جن کے باعث بلوچستان سول وار میں مبتلا ہو جائے۔

اس پلان کے تحت اس کو کئی فائدے مل سکتے ہیں لیکن ریاست اور سرکار بڑی عجلت میں نظر آتے ہیں۔ اس لئے خیال ہے کہ شاید ایسے کسی منصوبے کی نوبت نہ آئے۔ اور اس سے قبل ہی ریاست خود اپنی طاقت کا استعمال کر کے ردِ آزادی قوتوں کو بھی دوراہے پر کھڑی کر دے۔ ان تمام خونی منصوبوں کے باوجود سرکار کا ایک حصہ آج بھی مفاہمتی عمل اور بلوچستان اے پی سی کے انعقاد کے راگ الاپ رہا ہے۔ اس میں پیش پیش شہباز شریف ہیں۔ جو بلوچستان کی صورتحال کے

باعث سب سے زیادہ تشویش ظاہر کرنے والے رہنماء ہیں۔ان کی یہ تشویش اس وقت اور بڑھ گئی جب غلام محمد بلوچ، لالہ منیر بلوچ اور شیر محمد بلوچ کی شہادت کا سانحہ رونما ہوا۔اس سانحہ پر بلوچ عوام نے جس شدید ردعمل کا اظہار کیا اس کی شاید ریاست کو بھی توقع نہیں تھی۔یہی وجہ تھی کہ اس آگ کو سرد کرنے کیلئے جہاں پنجابی مفادات کے حامل تجزیہ نگاروں اور ٹی وی اینکرز پرسن نے بے ہودگی کی حد تک یہ الزام عائد کیا کہ بلوچ رہنماء اقوام متحدہ کے مغوی اہلکار جان سولیکی کی رہائی کے بدلے ملنے والے تاوان کی رقم کے تنازعے پر مارے گئے اس کے ساتھ ساتھ ایک بار پھر یہ کہا جانے لگا کہ نواب محمد اکبر خان بگٹی نے غار کو خود اڑا دیا تھا۔تاکہ بپھرے ہوئے بلوچ عوام کو باور کرایا جا سکے کہ نواب بگٹی اور دیگر تین بلوچ رہنماء پاکستانی فوج کے ہاتھوں شہید نہیں ہوئے لیکن یہ بے ہودہ الزامات کسی بھی ذی شعور کو متاثر نہیں کر سکے۔

شہباز شریف اور اس کے حامی دانش ور اور ریاستی حلقے بلوچستان اے پی سی اور نام نہاد مفاہمتی عمل کے تحت ''بلوچ مسئلہ'' کے حل کیلئے جو تجویز پیش کر رہے ہیں۔وہ ان کی ''بلوچ مسئلہ'' مسئلہ سے عدم واقفیت کو ظاہر کرتی ہے۔وہ ایسے اقدامات تجویز کرنے کو جا رہے ہیں۔گویا وہ مابعد شہید نواب بگٹی کے بلوچستان کی بجائے قبل از شہادت نواب بگٹی کے بلوچستان کی بات کر رہے ہیں۔یعنی صوبائی خودمختاری دینے کے وعدے کنکرنٹ لسٹ کا خاتمہ، این ایف سی ایوارڈ کی تشکیل نو، فوجی چھاؤنیوں کو موخر کرنا، جیسے اقدامات، شاید قبل از شہادت نواب بگٹی کسی حد تک قابل قبول ہو سکتے تھے۔لیکن اب بلوچ عوام کیلئے ایسے اعلانات اور اقدامات میں دلچسپی کا کوئی سامان موجود نہیں۔کیونکہ ہم بہر حال مابعد نواب بگٹی کے عہد میں جی رہے ہیں

۔اوراس عہد پر نواب بگٹی کی شخصیت اور قربانی کی چھاپ اتنی واضح اور روشن ہے کہ اس کو جھٹلایا نہیں جا سکتا۔ اربوں روپے خرچ کر کے نواب بگٹی کو شہید کرنے والے، اب مزید اربوں روپے بلوچستان میں صورتحال کو کنٹرول کرنے پر صرف کر رہے ہیں لیکن بات نہیں بن رہی۔ مابعد شہید نواب بگٹی جب تین بلوچ رہنماؤں کی شہادت کا واقعہ رونما ہوا۔ اس نے بلوچ شہری و دیہی علاقوں کے گلی کوچوں میں بالکل انقلابی کیفیت پیدا کر دی۔ جس کے باعث بلوچستان کے اکثر تعلیمی اداروں بالخصوص سکولوں میں پاکستانی جھنڈے کو لہرانے اور پاکستانی ترانے کو پڑھنے تک روک دی گئی۔ اور جا بجا آزاد بلوچستان کے جھنڈے لہرائے جانے لگے ۔اس کے ساتھ بلوچ سیاسی رہنماؤں اور کارکنوں کو غائب کئے جانے کے سلسلہ میں ایکبار پھر تیزی پیدا ہو گئی۔ اور یہی وہ حالات تھے جب سرکار اور پاکستان کی مقتدرہ نے رد آزادی تمام قوتوں کو متحرک کرنے کا فیصلہ کیا۔ ڈیرہ بگٹی میں میر عالی بگٹی کو سرکاری سرپرستی میں لایا گیا ۔انہیں اسلحہ گولہ بارود اور خطیر رقم فراہم کی گئی۔ میر عالی بگٹی نے سوئی پہنچنے کے بعد اپنی نوابی کا اعلان کر دیا۔ شاید وہ یہ بھی بھول گئے کہ اسی سرکار کے ہاتھوں نواب بگٹی کی شہادت سے تین روز قبل 23 اگست کو اچانک ضلعی انتظامیہ نے بگٹی قبیلہ کا گرینڈ جرگہ طلب کیا۔ یہی وقت تھا جب نواب بگٹی کے ٹھکانہ کو گھیرے میں لے لیا گیا تھا اور ہر طرف گن شپ ہیلی کاپٹر اتر رہے تھے 23 اور 24 اگست کو گھمسان کی جنگ کی اطلاعات ملیں۔ 24 اگست کو گرینڈ جرگہ نے فیصلہ دیا کہ نواب بگٹی قبیلہ کے قومی مجرم ہیں اور وہ سخت سے سخت سزا کے مستحق ہیں۔ جرگہ نے ان کی جائیداد اور اثاثوں کی ضبطگی کا فیصلہ بھی کیا۔ یہ فیصلہ نواب بگٹی کے خلاف آخری

کارروائی کیلئے گرین سگنل تھا۔ ویسے بھی سابق فوجی آمر پرویز مشرف نے ٹیلی وژن پر اپنے خطاب میں اعلان کیا تھا کہ نواب بگٹی اب نواب نہیں رہے۔ اسی طرح کا اعلان ڈی سی او ڈیرہ بگٹی صمد لاسی نے اس سے پہلے کیا تھا۔ 25 اگست کو کاہان اور ڈیرہ بگٹی کے درمیانی علاقے میں نواب بگٹی اور حکومت کے درمیان آخری لڑائی شروع ہوئی جو 26 اگست کو اختتام پذیر ہوئی۔ مذکورہ گرینڈ جرگہ نے سرکار کے ایماء پر جو بے ہودگی کی۔ اسے میر عالی بگٹی بھول گئے ہونگے۔ لیکن بلوچ عوام کے حافظہ میں یہ کل کی طرح محفوظ ہے۔ میر عالی بگٹی کے ساتھ ساتھ چنگیز مری کو بھی ایک بار پھر متحرک کیا گیا ہے۔ رئیسانی حکومت کی تحلیل یا گورنر نواب ذوالفقار علی مگسی کے استعفیٰ یا علیحدگی کی صورت میں ان کو گورنر اور وزیر اعلیٰ میں سے کسی ایک عہدے پر لایا جاسکتا ہے۔ اس پر بس نہیں کیا گیا بلکہ ایک اور مورچے کے طور پر بی این پی کو کام میں لایا جارہا ہے بعض مواقع پر سردار اختر مینگل نے قومی تحریک آزادی کے حوالہ سے جو بیانات دیئے وہ بی این پی کے نئے کردار کو واضح کرنے کیلئے کافی ہیں۔ بلوچ عوام کیلئے بی این پی کا یہ کردار اس لئے حیران کن ہے کہ بلوچستان میں چوتھی فوجی کارروائی کا آغاز اس وقت ہوا جب ستر کے عشرے میں نیپ کی حکومت کو برطرف کیا گیا جس کے سربراہ سردار عطاء اللہ مینگل تھے۔ اس فوج کشی کے دوران سردار مینگل کے بڑے صاحبزادے اسد مینگل کو غائب کیا گیا۔ اور آج تک ان کی نعش بھی نہیں مل سکی بی این پی کی قیادت اگر اسد مینگل کو بھول گئی ہے تو وہ اور بات ہے لیکن بلوچ عوام اسد مینگل کو آج تک نہیں بھولے۔ بی این پی کو تعاون فراہم کرنے کیلئے سرکار نیشنل پارٹی کو اس کے ساتھ نتھی بھی کرسکتی ہے۔

بی ایس او (آزاد)

سگار

تا کہ دونوں کے اتحاد کا ناٹک رچا کر اگلی حکومت ان کی تحویل میں دی جائے۔تا کہ میر عالی بگٹی، چنگیز مری، بی این پی اور نیشنل پارٹی کو قومی تحریک کے سامنے کھڑا کیا جا سکے اور سول وار کا آغاز کیا جا سکے۔اس مقصد کیلئے سرکار کے پاس پشتونخوا میپ، جے یو آئی (فضل الرحمٰن) کے کارڈز بھی موجود ہیں۔گزشتہ کچھ عرصے سے پشتونخوا میپ اور جے یو آئی نے خواہ مخواہ بلوچ قومی تحریک کے خلاف اشتعال انگیزی کا سلسلہ شروع کر دیا ہے۔جس کا مقصد بلوچ قومی تحریک کی راہ روکنے کے سوا کچھ بھی نہیں۔

ایک بات طے ہے کہ ریاست جو بھی منصوبہ بندی کرے۔سو کرے لیکن بلوچستان میں تضادات اتنے بڑھ گئے ہیں کہ وہ کسی وقت بھی دھماکے کے ساتھ پھٹ سکتے ہیں۔اس دھماکہ خیز صورت حال میں حکومت اور اسلام آباد کی مقتدرہ کی چالاکیاں گلیوں اور سڑکوں کو خون میں تو نہلا سکتی ہیں لیکن بلوچ تحریک آزادی کو کسی بھی صورت میں کمزور نہیں کر سکتی ہیں کیونکہ ہم بلا شبہ مابعد شہید نواب بگٹی کے عہد میں رہ رہے ہیں۔جہاں بلوچ سیاست اور سیاسی معاملات کا نقشہ بالکل ہی تبدیل ہو چکا ہے، ستر، اسی اور نوے کے عشرے کے اقدامات، ڈرامے اور ناٹک اب کسی کام کے نہیں رہے۔

☆☆☆

# بھگت سنگھ کے انقلابی ثمرات

چمن لال (انڈیا)

بھگت سنگھ کی زندگی (28 ستمبر 1907ء - 23 مارچ 1931ء) کارنامے اور خیالات نو آبادیاتی نظام اور سامراجیت بشمول فرقہ واریت اور نسلی منافرت کے خلاف واشگاف مخالفت سے عبارت ہے یہ مقالہ ان کی حیات، انقلابی سرگرمی، ان کے نصب العین، نقطہ نظر اور ان کے ثمرات کے ایک حیات آفریں جائزے پر مشتمل ہے۔ (ادارہ)

امریکہ کی نو سامراجیت پسندی صرف بھارت کیلئے ہی خطرے کا باعث نہیں ہے بلکہ یہ خطرہ خصوصی طور پر ایشیاء، افریقہ، عرب ممالک، لاطینی امریکہ بشمول پوری دنیا کے لئے ہے۔ یہ خطرہ عراق، لبنان اور فلسطین میں (امریکہ اور اسرائیل کی سرپرستی میں) براہ راست فوجی مداخلت کی صورت اختیار کر چکا ہے۔ ایران اور شمالی کوریا ہر طرح کی دھمکیوں کی زد میں ہیں، جبکہ کیوبا اور وینزویلا کو مستقل طور پر سازشوں کے خلاف برسرپیکار ہونا پڑ رہا ہے۔ ہندوستان اور بعض دیگر ممالک پر بھی یہ خطرہ اس دباؤ کی صورت میں منڈلا رہا ہے کہ وہ اپنی خارجہ پالیسی کو آزادانہ طور پر تشکیل نہ دے سکیں اور نہ اپنے عوام کی ضرورتوں کے مطابق داخلی پالیسی ترتیب دے سکیں۔ اس مشکل وقت میں ہمیں بھگت سنگھ اور چی گویرا کی یاد آ رہی ہے۔ ان دونوں نے ہر نوع کی سامراجیت اور نو آبادیاتی نظام کے خلاف جنگ لڑی۔ چی گویرا کی

داستان سے ساری دنیا واقف ہے، لیکن بھگت سنگھ کی کہانی...... جو برطانوی سامراجیت کے خلاف نبرد آزما رہا...... آئس لینڈ کی قدیم رزمیہ داستان کی طرح دوبارہ بیان کرنے کی متقاضی ہے، کیونکہ اس کہانی میں وہ جوہر موجود ہے جو دنیا کے مختلف علاقوں میں سامراجیت کے خلاف جدوجہد کرنے والوں کے حوصلوں کو بلند کر سکتا ہے۔

8اپریل1929ء کو بھگت سنگھ اور بی۔ کے۔ دت نے مرکزی مجلس مقننہ میں غیر مہلک بم پھینکے، مقصد یہ تھا کہ محروم سماعت کو سماعت ملے ''انقلاب زندہ باد'' اور ''سامراجیت مردہ باد'' کے نعرے کو پھیلایا جا سکے، جو ہندوستانی جنتا کے ذہنوں سے چپک کر رہ گئے تھے۔ غالباً1947ء سے ہندوستان کی تاریخ میں سوائے ان دونکات کے حوالوں کے کسی اور نکتے نے اتنی اہمیت اختیار نہیں کی تھی جتنی کہ آج اہمیت کے حامل ہو گئے ہیں۔ حقیقت تو یہ ہے کہ یہ نعرے ہندوستان کے انقلابی تحریک کے مخصوص تناظر میں وصفی طور پر ارتقاء پذیری کے حامل تھے۔ ان نعروں نے ماقبل پسندیدہ نعرے ''بندے ماترم'' کی جگہ لے لی۔ یہ تغیر سنسکرت سے خالص ہندوستانی اور انگریزی میں صرف لسانی سطح پر نہیں تھا بلکہ یہ ملک کی انقلابی تحریک کے شعور کی اعلیٰ نشو ونما کو نشان زد کر رہا تھا۔ اس اعلیٰ شعور کی تبدیلی میں اہم کردار بھگت سنگھ کے سوا اور کسی نے ادا نہیں کیا بھگت سنگھ نے انقلاب کی تحریک کے تجربات اور دنیا میں رونما ہونے والی تبدیلیوں کا باقاعدہ مطالعہ کر کے خاص طور پر سوویت یونین کے مطالعاتی تجربوں سے اس نتیجے پر پہنچے کہ مادرِ ہند کو غیر ملکیوں کی زنجیر غلامی سے آزاد کرا لینا ہی کافی نہیں بلکہ اس سے زیادہ اہم قوموں کو زیر نگیں بنانے اور استحصال کرنے کے پورے

کے ایک اسکول میں زیر تعلیم تھے اپنے دادا کو اس بات سے آگاہ کیا کہ ریلوے کے ملازمین ہڑتال کی تیاریاں کر رہے ہیں۔

بھگت سنگھ نے پندرہ سال کی عمر میں نیشنل کالج لاہور میں داخلہ لیا۔ قبل ازیں وہ اپنے گاؤں کی اس تحریک کو خوش آمدید کہہ چکے تھے جو اکالی کارکنوں نے اس وقت چلائی تھی جب 4 فروری 1921ء میں مہانت نرائن داس نے برطانوی حکام سے مل کر 140 پجاریوں کو ننکانہ صاحب کے گردوارے میں قتل کر دیا تھا۔

بھگت سنگھ کے بڑھتے ہوئے انقلابی رجحان نے ان کے گھر والوں کو تشویش میں مبتلا کر دیا تھا، خاص طور سے ان کے والد ان کے اندر نشو نما ہوتے ہوئے باغیانہ کردار کی وجہ سے خدشات میں مبتلا تھے اور ان کے اس انقلابی رجحان پر قابو پانے کے لئے انہوں نے بھگت سنگھ کو شادی کے بندھن میں باندھنے کا سوچا۔ گھر میں پہلے ہی دو جوان سال عورتیں موجود تھیں۔ ایک بھگت سنگھ کے چھوٹے چچا سوارن سنگھ کی بیوہ اور دوسری بی بی ہرمن کور تھیں جوان کے انقلابی چچا اجیت سنگھ جو جلاوطنی کی زندگی گزار رہے تھے ان کی بیوی تھیں۔ بھگت سنگھ کے والد نے سوچا کہ جب اجیت سنگھ کو شادی کی زنجیر نہیں روک سکی تو کیا بھگت سنگھ کی شادی کرا کے اس کے پاؤں میں بیڑی ڈالی جا سکتی ہے؟

بھگت سنگھ اپنی دونوں چچیوں کی سوگوار حالت سے بہت رونہسا اور جذباتی سا ہو رہا تھا۔ خاص طور سے اجیت سنگھ کی بیوی کے دکھ سے جن سے وہ بہت قریب تھا۔ جے دیو گپتا (بھگت سنگھ) کے ایک قریبی ہم جماعت کے مطابق جب اجیت سنگھ کو غیر معینہ مدت کے

لئے جلاوطن کر دیا گیا تھا تو گھر والوں نے بھگت کو اس کی بڑی چچی یعنی اجیت کی بیوی ہرن کور کی گود میں منہ بولے بیٹے کے طور پر دے دیا تھا۔ وجہ جو بھی تھا ہو بھگت سنگھ اجیت سنگھ کے سیاسی بیٹے کی طرح تھا۔ بھگت سنگھ، اجیت کی غیر حاضری کے باوجود ان سے گہرے طور سے وابستہ رہا۔

فکر اور نظریاتی لحاظ سے اجیت سنگھ پنجاب کے کانگریسی لیڈروں سے بہت زیادہ جدید سوچ رکھتے تھے۔ خاص طور سے اس تناظر میں کہ ہندوستان کی آزادی کا کیا مطلب ہے۔ وہ فکر کے لحاظ سے کانگریسی لیڈروں سے زیادہ انقلابی تھے۔ وہ اس بات کے متمنی تھے کہ بڑے بڑے جاگیرداروں کی اقتصادی استحصال اور نو آبادیاتی نظام کے استبداد کا احساس دلا کر کسانوں کو بیدار اور متحد کیا جائے۔ بھگت سنگھ اپنے چچا اجیت سنگھ کی جدید سوچ سے بھی آگے نکل کر مارکس کے نظریہ آزادی کی منطقیت تک جا پہنچے تھے۔

بھگت سنگھ 15 برس کی عمر کو پہنچے تو اپنے والد سے یہ سوال کیا کہ مہاتما گاندھی نے عدم تعاون کی تحریک، سانحہ چوری چورا، کی بنا پر کیوں واپس لے لی۔ حقیقت یہ ہے کہ عدم تعاون کی تحریک واقعہ ''چوری چورا'' 1922 کے بعد پورے ہندوستان کے نوجوانوں اور انقلابیوں کے لئے فریب نظر ثابت ہوئی۔ چندرا شیکھر آزاد...... جس پر ''ماہتما گاندھی کی جے'' کے نعرے لگانے کی پاداش میں کوڑے پڑے...... وہ بھی ان نوجوانوں میں ایک تھا جو بدلتی ہوئی صورت حال کا تلخ تجربہ رکھتے تھے، بعد ازاں اپنے انقلابی رویوں اور سرگرمیوں کے سبب وہ ماہتما گاندھی پر کبھی اعتماد قائم نہ رکھ سکے۔ یہ انقلابی نوجوان گاندھی جی کے

بجائے سی۔آر۔داس، جواہرلال نہرو، سوبھاش چندر بھوس، لالالجپت رائے اور مدن موہن مالویہ پہ جاملے۔البتہ ثانی الذکر سے مراسلت کا سلسلہ قائم رہا۔سکھ دیو کا خط، گاندھی کے جواب کے ساتھ ''ینگ انڈیا'' میں اس کی پھانسی کے بعد شائع ہوا۔اگر چہ یہ خط کافی پہلے لکھا گیا تھا لیکن یہ درست ہے کہ سکھ دیو کا خط گاندھی جی کو اس وقت موصول ہوا جب سکھ دیو اور اس کے ساتھ بھگت سنگھ اور راج گرو کو پھانسی پر چڑھایا جاچکا تھا۔

1922ء میں ترک ''تحریک عدم تعاون'' نے پورے ملک میں انقلابی تحریک کو بڑھاوا عطا کیا، اگر چہ انقلابی یونٹیں پہلے ہی بنگال میں 'اہوشیلان' اور 'یوگانتر' کی صورت میں اور متحدہ صوبے میں' ہندوستان ریپبلکن ایسوسی ایشن (ایچ۔آر۔اے) وغیرہ کی شکل میں موجود تھیں۔

بھگت سنگھ اپنے والد کو خط کے ذریعے یہ بتانے کے بعد کہ انہوں نے اپنی زندگی قوم کے لئے وقف کردی ہے اور یہ کہ اب وہ شادی کے بارے میں کچھ سوچنے کو تیار نہیں۔1923ء میں کانپور گئے۔کانپور پور جاتے وقت نیشنل کالج میں بھگت سنگھ کے ایک استاد جے چندرودیالنکر نے اسے گنیش شنکر ودیارتھی، مدیر 'پرتاپ' اور کانپور کانگریس متحدہ صوبے کے رہنما کے نام ایک خط دیا تھا جس میں بھگت سنگھ کا تعارف تھا۔بھگت سنگھ نے نہ صرف کانپور میں 'پرتاپ' کے لئے کام کیا بلکہ وہ زیرزمین انقلابی تنظیم ہندوستان ریپبلکن ایسوسی ایشن (ایچ۔آر۔اے) میں بھی شامل ہوگئے جس کے منتظم 'بندی جیون' کے مصنف سچندر ناتھ سنیال تھے۔سچندر ناتھ سنیال اس وقت انڈمان جیل میں تھے۔بھگت سنگھ کی ملاقات

ان سے لاہور میں ہوئی۔ یہ کانپور ہی تھا جہاں بھگت سنگھ کی ملاقات بجائے کمار سنہا، شیو ورما، جید کپور، بی۔ کے۔ دت اور اجئے گھوش سے ہوئی۔ لاہور میں سکھ دیو اور بھاگوتی چرن وہرا اس کے کامریڈ ساتھی تھے۔ کانپور میں بھگت سنگھ کا قیام صرف چھ ماہ رہا۔ اس اثناء میں بھگت سنگھ ''پرتاپ'' میں بلونت (قلمی نام) سے مضامین لکھے۔ فلڈ ریلیف میں جز وقتی طور پر منسلک رہے، علی گڑھ سے قریب واقع نیشنل اسکولوں میں بحیثیت ہیڈ ماسٹر فرائض ادا کیئے۔ دادی کی علالت کی خبر سن کر وہ لاہور واپس آئے، لیکن اس یقین دہانی ملنے کے بعد کہ ان سے ان کی شادی کے بارے میں کوئی کچھ بات نہیں کرے گا۔

سترہ سال کی عمر تک وہ دانشورانہ بلوغت کو پہنچ چکے تھے، اس حد تک پہنچ گئے تھے کہ انہوں نے پنجاب میں زبان کے مسئلے پر ہندی میں ایسا مضمون لکھا کہ انہیں اس پر انعام ملا۔ انہوں نے 1924ء اور 1925ء میں 'وشو پریم' (عالمگیر محبت) اور 'یوواک' کے نام پر علی الترتیب وہ کتابیں لکھیں جو مٹوالا میں شائع ہوئیں۔ یہ دونوں کتابیں انہوں نے اپنے قلمی نام ہی سے لکھی تھیں۔ انہوں نے ایک مضمون 'ہولی کے دن خون کے چھینٹے' کے عنوان سے ان چھ ببر اکالی انقلابیوں پر بھی لکھا تھا جن کو 1926 میں سولی پر چڑھا دیا گیا تھا۔ بھگت سنگھ نے یہ مضمون 'ایک پنجابی نوجوان' کے نام سے لکھا تھا اور پھر 1930 میں انہوں نے 'میں خدا کا منکر کیوں ہوں' کے عنوان سے ایک مقالہ لکھا تھا جس میں انہوں نے 1926ء میں جب وہ ابھی 19 برس کے بھی نہیں ہوئے تھے، اپنی لامذہبیت قبول کرنے کے بارے میں منطقی جواز پیش کئے تھے۔ مارکس ازم کے بارے میں ان کی وسیع معلومات اور شعوری پختگی

کا سبب یہ تھا کہ دوار کہ داس لائبریری میں مارکس ازم سے متعلق کافی لٹریچر پہنچتا رہتا تھا۔ یہی وجہ تھی کہ 1924 کے لگ بھگ بھگت سنگھ اس کتب خانے کے ایک بہت ہی جوشیلے اور پرشوق قاری بن گئے تھے۔

بھگت سنگھ نے اپنی جستجو کولادینیت تک محدود نہیں رکھا اس کی وجہ یہ تھی کہ وہ ایک وسیع انسانی آزادی کے حامل نظریات کی تلاش میں تھے۔جب ان کا رابطہ جریدہ 'کرتی' گروپ سے بڑھا جس کا تعلق پنجاب کے گھدر رائٹ انقلابیوں سے تھا تو وہ تقریباً ایک کمیٹڈ مارکسسٹ بن چکے تھے۔انہوں نے بڑی باقاعدگی کے ساتھ 'کرتی' میں مختلف موضوعات مثلاً 'فرقہ پرستی اور اس کا حل'؛ 'اچھوت پن کے مسائل'؛ 'مذہب اور ہماری جدوجہد آزادی' وغیرہ جیسے مسائل پر مضامین تحریر کئے۔اگرچہ وہ گھدر رائٹ انقلابیوں سے کچھ اختلافات رکھتے تھے مگر اس کا تعلق انقلابی پارٹی کے پروگرام کے حوالے سے تھا۔بھگت سنگھ اور اس کے دیگر انقلابی ساتھی پورے ملک کو خواب غفلت سے بیدار کرنے پر آمادہ ہو چکے تھے۔ضرورت اس بات کی تھی کہ نوجوان نسل جرات مندی کے ساتھ قومی انقلابی کارکردگی کا مظاہرہ کریں اور نوآبادیاتی نظام کے خلاف چلنے والی تحریک کو آگے بڑھائیں۔

## سوشلسٹ ایجنڈا کی قبولیت

1928ء تک نہ صرف بھگت سنگھ بلکہ سکھ دیو بھگواتی چرن وہرہ پنجاب میں اور بجوائے کمار سنہا جے۔دیو کپور یو۔پی میں اس نتیجے پر پہنچ چکے تھے کہ ان کی انقلابی



CamScanner

جماعت کاایک ایجنڈا ہونا چاہئے۔اس مقصد کوعمل جامعہ پہنانے کے لئے انہوں نے ہندوستان ریپبلکن ایسوسی ایشن (ایچ۔آر۔اے) کی مرکزی کمیٹی کاایک ہنگامی اجلاس 8اور9 ستمبر 1928ء کو بمقام فیروز شاہ کوٹلا دہلی میں بلایا۔اس اجلاس میں طویل بحث ومباحثہ ہوئے اور بالآخر بھگت سنگھ کی تجویز پر جس کی حمایت سکھ دیو، بھگواتی چرن وہرہ، بجوائے کمار سنہا شیورما اور جے۔دیو کپور نے کی 'ہندوستان ریپبلکن ایسوی ایشن' (ایچ۔آر۔اے) کے نام کو بدل کر'ہندوستان سوشلسٹ ریپبلکن ایسو سی ایشن (ایچ۔ایس۔آر۔اے) ایچ۔آر۔اے رکھا گیا۔کے نام میں لفظ سوشلسٹ کااضافہ سجاوٹ کے لئے نہیں کیا گیا تھا، جیسا کہ اندرا گاندھی نے ایمرجنسی کے نفاذ کے دوران ہندوستان کے دستور کی تمہید میں لفظ' سوشلسٹ' بڑھا کر کیا تھا۔ہندوستان میں انقلاب کی منزل تک پہنچنے کے تناظر میں یہ اضافہ اپنے اندر گہری آگہی کی اعلیٰ صفات رکھتا تھا جیسے چندر شیکھر آزاد کی منظوری حاصل تھی گو انہوں نے اجلاس میں ہونے والے فیصلوں کے مسودے کو اچھی طرح نہیں پڑھا تھا اس کے باوجود انہوں نے بھگت سنگھ پر مکمل اعتماد کا اظہار کیا۔

'ایچ۔ایس۔آر۔اے' کے قیام سے قبل بھگت سنگھ کو عوامی تنظیمی کام کا تجربہ حاصل تھا۔یہ تجربہ ان کو اس وقت حاصل ہوا تھا جب اٹلی میں مازینی اور گاری بالدی تحریک سے متاثر ہو کر وہاں نوجوانوں کی تحریک چلی تھی اور 1926ء میں اس تحریک سے متاثر ہو کر ہندوستان میں بھی ویسی ہی تنظیم 'نوجوان بھارت سبھا' (این۔بی۔ایس) کے نام سے قائم کی گئی تھی۔جس کے جنرل سیکرٹری بھگت سنگھ اور بھاگواتی چرن وہرہ پروپیگنڈہ سیکرٹری تھے۔این

۔بی۔ایس نے دیگر سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ حب الوطنی کی عکاسی کے لئے مشعل بردار شو کے سلسلے میں بھی کام کیا تھا۔اس تحریک کو کرتار سنگھ سرابھا کی قربانی نے بہت پُر جوش بنادیا تھا۔انگریزوں نے 1915 میں تحریک آزادی میں ملوث رہنے کے جرم میں بمقام لاہور انہیں عین نوجوانی میں پھانسی دے دی تھی۔اس وقت ان کی عمر 19 برس کی تھی۔بھگت سنگھ ہمیشہ اپنی جیب میں کرتار سنگھ سرابھا کی تصویر رکھتے تھے۔این۔بی۔ایس کے تمام عوامی جلسوں میں ڈائس پر کرتار سنگھ کی تصویر پھولوں کے گجرے کے ساتھ رکھی جاتی تھی۔اس دوران میں گھدر رائٹ گروپ کے کارکن ماسکو سے انقلابی اشتراکی نظریات کی تربیت سے آراستہ ہوکر واپس آگئے تھے اور 'کرتی گروپ' کی داغ بیل ڈال دی تھی۔سنتوکھ سنگھ نے 'کرتی' کے نام سے پنجابی زبان میں ایک مجلّے کا اجراء کیا جس سے بھگت سنگھ ایک قلمی معاون کی حیثیت سے منسلک تھے۔سنتوکھ سنگھ کی بے وقت موت کے بعد 'کرتی' کے مدیر سوہن سنگھ جوش ہوگئے۔بھگت سنگھ نے کچھ عرصے 'کرتی' کے اسٹاف کے طور پر کام کرنے کے بعد اس فرائض کو خیرباد کہہ دیا مگر وہ این۔بی۔ایس کی سرگرمیوں کے سبب وہ سوہن سنگھ جوش سے ہمیشہ رابطے میں رہے۔لاہور میں این۔بی۔ایس کے قیام سے پہلے بھی بھگت سنگھ کانپور کے اپنے ابتدائی زمانے کے اشتراکی ساتھیوں سے ہمیشہ رابطے میں رہے۔اس زمانے میں کانپور محنت کشوں کا شہر کہلاتا تھا۔کانپور کے اشتراکی ساتھیوں میں جن سے ان کا مسلسل رابطہ رہا ان میں ستیا بھگت، رادھا موہن گوکل جی اور شوکت عثمانی قابل ذکر ہیں۔عملی کارکردگی کے تناظر میں دیکھا جائے تو بھگت سنگھ ہندوستان کی کمیونسٹ تحریک کے ابتدائی عہد ہی سے اس

جز ولا ینفک بنے رہے اس حقیقت کی تصدیق ان کے بعد کی سرگرمیوں کرتی ہیں۔البتہ وہ اس زمانے میں کمیونسٹ پارٹی کے باقاعدہ رکن نہیں تھے کیونکہ اس وقت یہ تحریک یا پارٹی اپنی ابتدائی عمر میں تھی۔مگر وہ یکے از بانیاں اشتراکی تنظیم مظفر احمد سے مل چکے تھے۔مظفر احمد سے بھگت سنگھ کی ملاقات اس وقت ہوئی تھی جب وہ 1924ء میں کانپور سازش کیس کے تحت جیل سے رہا ہو کر لاہور آئے تھے۔اس زمانے میں بھگت سنگھ کمیونسٹ پارٹی میں شمولیت کا کوئی ارادہ نہیں رکھتے تھے۔کیونکہ اس وقت وہ اور ان کے دوسرے قریبی ساتھی خود اپنی تنظیم این۔بی۔ایس کو ایک انقلابی جماعت بنانے میں کوشاں تھے۔بھگت سنگھ پر یہ حقیقت واضح تھی کہ ہندوستان سوشلسٹ ریپبلکن ایسوسی ایشن (ایچ۔ایس۔آر۔اے) کے جھنڈے تلے کسانوں، طالب علموں اور معاشرے کے دیگر انقلاب پسندوں کو جمع کرنا ضروری ہے لہٰذا بھگت سنگھ اور ان کے انقلابی ساتھی اس نتیجے پر پہنچے کہ سیاسی طور پر ہندوستان کے غیر ترقی یافتہ سیاسی شعور کے حامل عوام کو بیدار کرنے کے لئے کچھ قابل دید انقلابی سرگرمی دکھانی چاہئے۔خاص طور سے نوجوان انقلابیوں کی طرف سے ایسے مثالی کارنامے کے مظاہرے کی ضرورت ہے جن سے نیند کے ماتے عوام کو بیدار اور مجتمع کر کے حکومت برطانیہ کے نوآبادیاتی نظام کے خلاف عوامی جدوجہد کا آغاز کیا جاسکے۔اس ضمن میں سوہن سنگھ جوش نے بھگت کے ساتھ چار میٹنگوں میں بہت مناسب انداز میں کچھ اقدامات کا تعین کیا۔

لیکن ستمبر 1928 میں ہندوستان سوشلسٹ ریپبلکن ایسوسی ایشن کے معرض وجود میں آنے کے بعد کچھ سیاسی واقعات رونما ہوئے، جس کی وجہ سے ایچ۔ایس۔آر

اے کوایک بھر پور عوامی طاقت سے مملو تنظیم بننے کی مہلت نہ ملی۔ بہ ایں ہمہ اسی اثناء میں این۔بی۔ایس کے علاوہ لاہور اسٹوڈنٹس یونین، بال اسٹوڈنٹس یونین اور بال بھارت سبھا جیسی تنظیمیں معرض وجود میں آتی رہیں۔

اس کا جاننا دلچسپی سے خالی نہیں کہ بال بھارت سبھا کے قیام میں این۔بی۔ایس نے مدد کی تھی۔ یہ تنظیم 12 سے 16 برس کے اسکول کے طلباء پر مشتمل تھی۔ کوئی مورخ ابھی تک جدوجہد آزادی کے اس رخ پر توجہ دیتا نظر نہیں آتا۔ امرت سر بال بھارت سبھا کا صدر، کاہن چندکو، جس کی عمر صرف گیارہ سال تھی، تین ماہ کی قید بامشقت سزا کاٹنے پر مجبور کیا گیا تھا۔ یاش جس کی عمر 10 برس تھی اور جو بڑا ہو کر بعد میں معروف اردو روز نامہ 'ملاپ' کا ایڈیٹر ہوا، وہ اس تنظیم کا جنرل سیکرٹری تھا۔ اس پر تین قسم کے مقدمے چلائے گئے جن میں لاہور سٹی کانگریس اور این۔بی۔ایس کی اعانت کا الزام بھی شامل تھا۔ ان دنوں ایک ہزار ایک سو بیانوے (1192) نوعمروں کو جو پندرہ برس سے کم کے تھے ان کی سیاسی سرگرمی کے جرم میں سزا دی گئی۔ بال بھارت سبھا کے علاوہ بال اسٹوڈنٹس یونین بھی اس جدوجہد میں شامل تھی۔ اس زمانے میں نہ صرف بھگت سنگھ نے پنجاب کے نوجوانوں کو طلباء تنظیموں میں شمولیت کی ترغیب دی بلکہ لاہور سٹی کانگریس بھی بھگت سنگھ کے مقناطیسی شخصیت سے متاثر تھی۔ لالا لجپت رائے کا پوتا بلدیوراج بال اسٹوڈنٹس یونین کا سیکرٹری اور دیانت رائے اس کا صدر تھا۔ یہ سب کچھ بھگت سنگھ اور ان کے ہم خیال ساتھیوں کی حب الوطنی کے جذبوں کو پھیلانے کی کوششوں کا ثمر تھا۔



سگار

## نوآبادیاتی استبداد

نوجوانوں پر اپنے اثرات مرتب کرنے والے بھگت سنگھ کو لاہور کی پولیس نے مئی 1927ء کو گرفتار کرلیا۔ان کو اکتوبر 1926ء میں دسہرہ بم دھماکے میں ملوث ہونے کے الزام میں قید کرلیا گیا تھا۔اسی زمانے میں بھگت سنگھ پنجاب میں ایک بڑی عوامی جدوجہد کا منصوبہ بنا رہے تھے مگر اس سے پہلے کہ یہ عظیم منصوبہ پایہ تکمیل کو پہنچتا ہندوستان میں سائمن کمیشن آدھمکا 28 اکتوبر 1928ء کو این۔بی۔ایس کی جانب سے سائمن کمیشن کے خلاف مظاہرے کا انتظام کیا گیا، بھگت سنگھ لالا لجپت رائے سے فرقہ پرستوں سے گٹھ جوڑ رکھنے کے سبب اختلاف رکھتے تھے۔اس کے باوجود ان سے اس مظاہرے کی قیادت کی درخواست کی اگر چہ بھگت سنگھ خود اس مظاہرے میں شریک نہیں تھے مگر این۔بی۔ایس کے کارکن لالا لجپت رائے کے ساتھ ساتھ تھے اور ان کو بھرپور تقویت پہنچا رہے تھے۔اس مظاہرے میں برطانوی پولیس سے تصادم ہوگیا۔لاہور سٹی کے ایس۔پی اسکاٹ نے لاٹھی چارج کرنے کا حکم دے دیا اور اسکاٹ کا ڈپٹی سائونڈرز نے بہ نفس نفیس لالا جی کو زدوکوب کیا جس کے نتیجے میں 17 نومبر کو وہ راہی ملک عدم ہوئے۔

اس سانحے کے پیش نظر سی۔آر داس مرحوم کی بیوی بسنتی دیوی نے ملک کے نوجوانوں کو شدید اور پُرزور انداز میں کہا کہ وہ قوم پر مسلط کی جانے والی ذلت کا انتقام لیں۔ بھگت سنگھ نے اس موقع کو ضائع ہونے نہیں دیا، اس طرح ایچ۔ایس۔آر۔اے نے

اسکاٹ سے بدلہ لینے کی ٹھانی جولالا لجپت جی پر حملے کا حکم دینے کا ذمے دار تھا۔ بھگت سنگھ اور راج گرو کے ذمے اسکاٹ کو ہلاک کردینے کا کام سونپا گیا۔ جے گوپال کے سپرد اسکاٹ کو پہچاننے کا کام دیا گیا اور پوری ٹیم کی معاونت کے فرائض چندر شیکھر آزاد کو ادا کرنے تھے۔ بھگت سنگھ کو اسکاٹ پر پہلے گولی چلانی تھی مگر جیسے ہی جے گوپال نے برطانوی افسر کی شناخت کا سگنل دیا راج گرو نے چشم زن میں اسکاٹ کے ڈپٹی ساؤنڈر پر گولی چلادی جبکہ بھگت نے بلند آواز میں راج گرو کو بتانے کی کوشش کی کہ وہ اسکاٹ نہیں ساؤنڈر پر گولی چلادی جبکہ بھگت نے بلند آواز میں راج کو بتانے کی کوشش کی کہ وہ اسکاٹ نہیں ساؤنڈر ہے (لاہور سازش کیس کی کاروائی کے مطابق ۔سکھ دیو کا نوٹ) اس سے پہلے کہ بھگت کی آواز راج گرو تک پہنچتی ساؤنڈر ان کی گولی کا نشانہ بن چکا تھا۔ راج گرو ہمیشہ ہراول دستے میں رہنے اور اس قسم کی کاروائی میں سبقت لے جانے کیلئے مستعد رہا کرتے تھے۔ بھگت سنگھ کے لئے اس کے سوا اور کوئی چارہ نہ تھا کہ وہ مزید تین یا چار گولی ساؤنڈر کے جسم میں پیوست کردیں تا کہ اس کی موت یقینی ہو جائے اور وہ زندہ نہ بچے۔ دوسری صبح پوسٹرز نکلے جس میں ساؤنڈ کو قتل کرنے کی ذمے داری انقلابیوں کی طرح یہ فیصلہ کرلیا کہ زندگی کے ان باقی دنوں میں جتنی بھی نمایاں انقلابی کاروئی کی جاسکتی ہے کرلی جائے۔

کاکوری ڈاکہ زنی کیس میں ملوث ہونے کی وجہ سے بھگت سنگھ کے بہت سے ساتھی جن میں چندر شیکھر آزاد بھی شامل تھے روپوش ہو گئے تھے۔ ساؤنڈر کے قتل کے واقعے کے بعد بھگت سنگھ ،راج گرو، سکھ دیو اور دیگر کامریڈ کو بھی روپوش ہوجانا پڑا تھا۔ بھگت سنگھ

،درگا بھابھی کے ساتھ کلکتے جا نکلے جہاں وہ بہت سے بنگالی انقلابیوں سے رابطہ پیدا کرتے رہے۔ان انقلابیوں میں سے جتندر ناتھ اس بات پر راضی ہو گئے کہ وہ لاہور جا کر وہاں کے انقلابیوں کو بم بنانے کا گر سکھائیں گے۔

اس عرصے میں ایچ۔ایس۔آر۔اے کی سرگرمی جو اشتراکی نظریات کی حامل آزاد ہندوستان کی حامی تھی معطل رہی۔جیسا کہ اوپر کہا جا چکا ہے اس تنظیم کے انقلابی اس بات کے کیلئے کوشاں تھے کہ محنت کشوں، کسانوں، طالب علموں اور دیگر نوجوانوں کو متحد کیا جائے، مگر ساؤنڈرز کے قتل کے واقعے اور دیگر مقدمات کے سبب وہ اس مقصد کی تکمیل کے لئے کھلے بندوں کام نہیں کر سکتے تھے۔نہ یہ لوگ کانگریس کی آڑ لے کر آزادانہ سیاسی سرگرمی دکھا سکتے تھے کیونکہ وہ لوگ کانگریسیوں سے سنجیدہ اور بنیادی باتوں پر شدید اختلاف رکھتے تھے۔

ان جکڑ بندیوں سے پُر صورت حالات میں بھگت سنگھ اور ایچ۔ایس۔آر۔اے کے لئے عوام کو نیند سے بیدار کرنے کے لئے انقلابی کارروائیوں کو جاری رکھنے کے سوا اور کوئی راستہ نہیں تھا، لیکن کم سے کم جانی نقصان سے ساتھ اور کارروائیوں میں انقلابی اس طرح اپنی جانوں کی قربانی پیش کریں کہ عوام ان کے نظریات اور منزل کے بارے میں آگاہ ہو جائیں بھگت سنگھ اس بات کے بھی متمنی تھے کہ تنظیم کے دامن پر دہشت گردی کا جو داغ لگا ہے وہ مٹ جائے اور انفرادی طور پر کارکنوں پر لگا ہوا یہ الزام بھی باقی نہ رہے۔اس مقصد کے لئے انہیں ایک ایسے پلیٹ فارم کی ضرورت محسوس ہوئی جہاں سے ان کی آواز ملک کے کروڑوں عوام تک پہنچ سکے۔بھگت سنگھ کو اندازہ تھا کہ انقلابی نوجوانوں کی جاں نثاری کو کس طرح کام

میں لایا جا سکتا تھا لیکن وہ یہ چاہتے تھے کہ جان کی قربانیاں اس انداز میں پیش کی جائیں کہ اس کے اثرات ملک کے طول وعرض میں بھرپور انداز میں پھیل جائیں ۔روز روشن میں ساؤنڈ کو ختم کر کے ایچ ۔ ایس ۔ آر ۔ اے نے صداقت کا صحیح راستہ اختیار کر لیا تھا کیونکہ اس واقعے سے ملک کے لاکھوں افراد کے اندر جوش پیدا ہو گیا تھا۔ بہر حال بھگت سنگھ نے اپنے عدالتی بیان میں واضح کر دیا تھا کہ نوجوان انقلابیوں کو کسی سے ذاتی دشمنی نہیں ہے۔

## بے حس سماعتوں کو حساس بنانے کی کوشش

جاتن داس لاہور آئے اور کچھ بم کرائے کے مکانوں میں تیار کئے گئے ۔ ساؤنڈ کے قتل سے لوگوں کے اندر جو جوش وخروش پیدا ہو گیا تھا اسے قائم رکھنے کے لئے بھگت سنگھ اس بات کے متمنی تھے کہ اس کے مساوی ایک اور نمایاں کاروائی کا مظاہرہ کیا جائے ۔حکومت برطانیہ ان ہی دنوں عوام اور ارکان مرکزی اسمبلی کے شدید احتجاج کے باوجود پبلک سیفٹی بل، اور تجارتی تنازعہ بل کو قانونی حیثیت دینے میں مصروف تھی ۔ بھگت سنگھ اور ان کے ساتھیوں نے یہ فیصلہ کیا کہ مرکزی اسمبلی میں واویلا مچانے کے لئے کچھ بے ضرر قسم کے بم پھینکے جائیں یہ معاملہ ایچ ۔ ایس ۔ آر ۔ اے کی مرکزی کمیٹی میں پیش کیا گیا۔ اس میٹنگ میں سکھ دیو شریک نہیں ہوئے تھے ۔ بھگت سنگھ نے جلسے میں اس انقلابی کاروائی کے لئے سکھ دیو کا نام پیش کیا گیا مگر شرکا نے اس بنیاد پر اسے رد کر دیا کہ ساؤنڈر کیس میں وہ مطلوب ہیں ۔اس لئے تنظیم ایسی سنگین صورت حال میں ان جیسے رہنما کو گنوانا نہیں چاہتی ۔ اگر چہ بھگت سنگھ اور سکھ دیو

یک، ہندومہا سبھااور دیگر فرقہ پسند جماعتوں نے بھی اس نعرے کو اپنا نعرہ بنالیا جن کا انقلاب سے دور کا واسطہ نہ تھا۔

اصل میں یہ نعرہ جس کا مطلب ہے 'انقلاب کی عمر دراز ہو' پوری دنیا کے محنت کشوں کا نعرہ تھا۔ بعد میں اس نعرے کا ہندی ترجمہ 'کرانتی چرجیوی ہو' کیا گیا مگر یہ ترجمہ عوامی مقبولیت حاصل نہ کرسکا۔ انقلاب زندہ باد کا نعرہ نہ صرف ہندی بولنے والوں میں مقبول اور پسندیدہ تھا بلکہ اس نعرے کی مقبولیت اگرتلہ سے چنیئی اور سری نگر سے ممبئی تک پھیلتی چلی گئی۔ 'انقلاب زندہ باد' کا نعرہ پورے برصغیر سمیت دوسرے ممالک کا بھی مقبول نعرہ بن گیا۔ بھگت سنگھ اپنی قلیل زندگی میں اس بات پر ناز کرنے میں حق بجانب تھے کہ انہوں نے اپنا یہ نعرہ ہندوستان کے کروڑوں عوام تک پہنچادیا تھا۔ جس نے آخر کار 'بندے ماترم' کی جگہ لے لی۔ بھگت سنگھ اور دت سے قبل 'بندے ماترم' کا نعرہ قومی تحریک کے دوران (جو 1905ء سے 8اپریل 1929ء تک چلی) بڑا مقبول تھا۔ قومی تحریک کے حوالے سے بھگت سنگھ کے کارناموں کے کسی بھی معروضی تجزیے میں ان کے اس کارنامے کو نظرانداز نہیں کیا جاسکے گا کہ انہوں نے 'انقلاب زندہ باد' کے نعرے کو عوام الناس میں مقبول بنایا۔

## عدالت اور قید

مرکزی اسمبلی میں انقلابی کارروائی احتیاط کے ساتھ کی گئی تھی۔ کارروائی سے پہلے بھگت سنگھ اور دت کی تصویریں لی گئی تھیں۔ اسی دن یعنی 8اپریل 1929ء میں ان کے

بیانات کی وافر کاپیاں دستیاب تھیں جو پریس کو وقت پر ملیں ۔ برطانوی پولیس بھگت سنگھ اور دت کو گرفتار کرنے میں خوف محسوس کر رہی تھی کیونکہ ان دونوں کے ہاتھ میں پستول تھا۔نعرے لگاتے ہوئے دونوں نے اپنے اپنے پستول میز پر رکھ دیا اس عندیے کے ساتھ کہ وہ گرفتاری دینے کے لئے تیار ہیں مگر پولیس افسران ان کو حراست میں لینے کے لئے نہیں بڑھے۔ جب انہوں نے اپنے پستول اپنے پاس سے ہٹا دیئے تب وہ حراست میں لینے کے لئے آگے بڑھے۔اس دوران جے۔ دیو کپور اسمبلی ہال سے باہر نکل چکے تھے۔

کارروائی کا ابتدائی نتیجہ وہ حاصل کر چکے تھے اب دوسرا کام یہ کرنا تھا کہ اس انقلابی کارروائی کی تشہیر ایسی کی جائے کہ اس ملک کے تمام عوام تک یہ خبر پہنچ جائے۔ بھگت سنگھ نے ایک اور عمدہ منصوبہ بنایا وہ یہ کہ عدالت میں وہ دونوں اپنا دفاع نہیں کریں گے بلکہ وہ برطانوی عدالت کو اپنا پیغام اور اپنے سیاسی بیانات پھیلانے کے لئے ایک پلیٹ فارم کے طور پر استعمال کریں گے۔ان لوگوں نے اپنی پیشی میں کسی وکیل کی مدد نہیں لی البتہ ایڈوکیٹ کے مشوروں کو قبول کرتے رہے۔ان کے لئے قوم پرست ایڈووکیٹ آصف علی کی خدمات دستیاب تھیں۔ یہ وہی آصف علی ہیں جنہوں نے 6 جون 1929ء میں 'دہلی بم دھاکہ کیس' کے تحت بھگت سنگھ اور بی۔ کے۔ دت کے تاریخی بیانات کو دونوں کی پیشی کے وقت پڑھ کر سنایا تھا۔ یہ بیانات تنظیم کی پالیسی کی دستاویز کی حیثیت رکھتے تھے جن میں انقلاب کے اغراض ومقاصد کو بہت صراحت کے ساتھ بیان کر دیا تھا (شیو ورما کی مرتب کردہ کتاب The Selected Writtings of Shaheed Bhagat Singh,

(national Book centre, New Dehli, 1986, Page 71) کے مطابق
'ہم عاجزانہ طور پر اس کے سوا کوئی دعویٰ نہیں کرتے کہ ہم تاریخ کے طالب علم اور اپنے ملک کی حالت اور اس کے توقعات کے ترجمان ہیں۔ ہم منافقت سے نفرت کرتے ہیں۔ ہمارا عملی احتجاج اس ادارے کے خلاف ہے جس نے اپنے قیام کے آغاز سے ہی نہ صرف نمایاں طور پر فضولیات اور سست کارکردگی کا مظاہرہ کیا بلکہ وہ ناانصافی کی دوررس قوتوں کو تقویت بھی پہنچائی۔ ہم نے غور کیا اور بہت غور وغوض کے بعد اس نتیجے پر پہنچے ہیں کہ اس ادارے کا وجود اس لئے قائم ہے کہ یہ پوری دنیا میں ہندوستان کی ذلت اور بے بسی کا شہرہ کرے اور اس امر کی علامت ہے کہ ہندوستان پر ایک ناقابل احتجاج استبدادی قوت کی حکمرانی ہے۔ سلومن قرارداد جسے ایوان نے پاس کیا تھا اسے ہندوستان کی پارلیمنٹ میں عمداً پیروں تلے کچل دیا گیا'۔

بھگت سنگھ اور بی۔کے۔دت نے اپنے اغراض ومقاصد کی مزید وضاحت کرتے ہوئے کہا کہ:

'ہم عمداً اپنے آپ کو اس کارروائی کے جرمانے کے لئے پیش کرتے ہیں جس کے ہم مرتکب ہوئے ہیں اور سامراجی استحصال پسندوں کو یہ جتادینا چاہتے ہیں کہ انفرادی غارت گری کے عمل سے نظریات کو مٹایا نہیں جاسکتا۔ دو غیر نمایاں افراد کو صفحہ ہستی سے مٹا کر کسی قوم کے وجود کو نیست ونابود نہیں کیا جاسکتا۔ (آئی۔بی۔آئی۔ڈی، صفحہ 73)

انہوں نے نوآبادیاتی قوت کے سامنے حوصلے کا مظاہرہ کرتے ہوئے سوال اٹھایا:

'کیا آر ڈی نینسوں اور سیفٹی بلوں سے ہندوستان میں آزادی کے بھڑ کتے ہوئے شعلوں کو بجھایا جا سکتا ہے؟ کیا سازشی مقدموں اور ان نو جوانوں کو جنہوں نے ایک عظیم مقصد کو لبیک کہا ہے پا بہ زنجیر کر کے انقلاب کا راستہ روکا جا سکتا ہے۔ اگر صورت حال پر بروقت توجہ سے گریز نہ کیا گیا تو جانی نقصانات اور عمومی پریشانیوں کو روکا جا سکتا ہے۔ ہم نے اپنے طور پر اس وارننگ کو آپ تک پہنچا کر اپنا فرض ادا کیا ہے۔ (آئی۔بی۔آئی۔ڈی۔ صفحہ 73-74)

بھگت سنگھ اور کے۔بی۔دت نے اپنے بیان میں بتایا کہ کس ہوشیاری کے ساتھ انہوں نے دو غیر مہلک بم پارلیمنٹ کی خالی جگہوں پر پھینکے تھے جن سے کوئی جانی نقصان نہ ہوا، ماسوائے اس کے کہ چند افراد کو ہلکی خراشیں آئیں۔ جب ان سے لوور کورٹ میں پوچھا گیا کہ انقلاب سے ان کا کیا مطلب ہے تو انہوں نے سیشن کورٹ میں اپنے بیان میں انقلاب کی تشریح کی جو مارکسی ٹرمالوجی سے بالکل قریب تھی۔ انہوں نے سرمایہ داری کے بارے میں بھی بتایا اور انقلاب کے نظریات کی کامیابی کے لئے پرولتاری حاکمیت کی اہمیت سے آگاہ کیا۔ انہوں نے برطانوی نوآبادی قوت کو مارکس ازم کی صفات بیان کرتے ہوئے یہ بھی گوش گزار کیا کہ پرامن انتقال اقتدار بھی ممکن ہے اگر حکمراں ہماری وارننگ پر توجہ دیں۔ ان کا بیان ایک بار پھر 'انقلاب زندہ باد' پر ختم ہوا۔

بھگت سنگھ نظریہ انقلاب سے اس قدر منسلک ہو گیا تھا کہ اس نے اپنی ساری توجہ اور توانائی اس نظریے کو تشریح و توضیح کے لئے وقف کر دی تھی۔ وہ نہ صرف اپنی واقفیت کے لئے اپنے کامریڈ ساتھیوں، ملک کے عوام نیز سامراجی قوتوں کو بھی انقلاب کی اہمیت

اور فضیلت سے آگاہ کرنا چاہتا تھا۔ یہی وجہ تھی کہ جب 'ماڈرن ریویو' کے مدیر رامانند چٹرجی نے 'انقلاب زندہ باد' کا مذاق اڑایا تو بھگت سنگھ اور کے۔ بی۔ دت نے ایک مراسلے میں اس پر تنقید کی۔ یہ مراسلہ 'دی ٹریبیون' کے 24 دسمبر 1929ء کے شمارے میں شائع ہوا تھا۔ انقلاب غیر ضروری طور پر خونی تصادم میں ملوث نہیں ہوتا۔ اس کا مسلک بم اور پستول سے عبارت نہیں ہے۔ البتہ کبھی کبھی اپنے مقاصد کے حصول کے لئے یہ اس قسم کی کارروائی کرنے پر مجبور ہو جاتا ہے۔ انقلاب کا مقصد خونی بغاوت نہیں ہے مگر اس کا اختتام اس قسم کی بغاوت پر بھی ہو سکتا ہے۔ (مرتب: شیو ورما، صفحہ 81)۔ بھگت سنگھ کے نزدیک انقلاب کا مطلب 'بہتر تبدیلی لانے کی جدوجہد ہے' اور وہ اس بات کا ادراک رکھتے ہیں کہ انقلاب انسانوں کی روح میں سرایت کر جاتا ہے اس لئے رجعت پسند قوت کی اس قوت کو نہیں روک سکتی جو انسانوں کی اندرونی جذبے کے تحت آگے بڑھتی ہے۔ عدالت اور قید میں بھگت سنگھ اور ان کے ساتھیوں کے دو مقاصد پیش نظر رہے ہیں:

1۔ عدالت کے پلیٹ فارم کے توسط سے برطانوی نوآبادیاتی نظام کو طشت از بام کرنا اور اپنے نظریات کو پھیلانا۔

2۔ جیل میں برطانوی نوآبادیات کے تحت ہونے والی بربریت کا پردہ فاش کرنا اور عوام کی توجہ مبذول کرنے کے لئے جیل میں بھوک ہڑتال کرنا۔

برطانوی حکام ان کے منصوبوں سے ناواقف نہیں تھے مگر بھگت سنگھ اور ان کے رفیقوں نے خود کو قربان کرنے کے جذبے کے تحت خود ملزموں کے کٹہرے میں لا کھڑا کیا۔ بھگت سنگھ کا تیسرا



CamScanner

مقصد اپنے نظریات میں پختگی پیدا کرنا تھا۔ یہ کتنی حیران کن بات ہے جو پھانسی چڑھنے کا والا ہے خود کو پوری توجہ کے ساتھ خود کو عالمی انقلابی تاریخ کے مطالعے میں محو کرنا چاہتا ہے اور وہ بھی ایسے صبر آزما حالات میں عدالتی بیانات کی تیاری کے دوران اپنے طور پر مارکسزم کے مطالعے نے بڑی مدد کی۔ انہوں نے کئی کئی مہینوں تک بھوک ہڑتالوں کو منظم کیا حالانکہ اس دوران پولیس نے ان کی وحشیانہ طریقے سے پٹائی کی اور وہ اپنے زخموں کی دیکھ بھال کرتے تھے۔ انہوں نے جیل میں مطالعے کا سلسلہ جاری رکھا، لکھنے کا سلسلہ جاری رکھا اور کتابوں سے اہم نوٹس لیتے رہے۔

## جیل میں لکھے گئے مسودات

جیل کے دنوں میں بھگت سنگھ نے چار مسودے لکھے جو حسب ذیل ہیں (۱) خودنوشت سوانح عمری۔ (۲) سوشلزم کا نصب العین۔ (۳) ہندوستان انقلابی تحریکات کی تاریخ۔ (۴) موت کے دروازے پر۔ شیو ورما کے کہنے کے مطابق یہ مسودات جالندھر کی کماری لاجوتی کے ذریعے اسمگل کئے گئے۔ جو انہوں نے 1938ء میں بجوئے کمار سنہا کے حوالے کئے ان کی انڈمان جیل سے رہائی کے بعد۔ سنہا نے یہ مسودے رکھنے کے لئے اپنے ایک دوست کو دیئے مگر اس شخص نے پولیس کا چھاپہ پڑنے کے ڈر سے یہ مسودے ضائع کر دیئے۔ جیل کی ڈائری کا مسودہ کلبیر سنگھ یا بھگت سنگھ کے خاندان کے کسی فرد نے جمع کیا۔ کانگریس کی سرگرم کارکن کماری لاجوتی جو بھگت سنگھ رہائی کمیٹی کی سیکرٹری تھیں مقدمے

مواد کے بارے میں کوئی نوٹس لئے۔ یہ بات بھی ابھی تک پردہ راز میں ہے کہ شیوورما نے ان مسودوں کا متن کیسے حاصل۔ کیا ہوسکتا ہے کہ جیل میں خود بھگت سنگھ کے پاس دیکھا ہولیکن یہ بات وثوق سے نہیں کہی جاسکتی کہ یہ مکمل مسودات تھے یا 'جیل کی نوٹ بک' کی طرح نوٹس تھے۔ اس کا امکان نظر نہیں آتا کہ کبھی یہ معمہ حل ہو سکے۔ بہر حال بھگت سنگھ کی سوچ کے بنیادی پہلو سامنے آگئے ہیں اور ان حاصل شدہ دستاویزات سے بھگت سنگھ کے فکری ارتقاء کا پتہ لگایا جاسکتا ہے۔

بظاہر یہ مشکل معلوم ہوتا ہے کہ بھگت سنگھ نے اس قدر کم وقت میں 8 اپریل 1929ء سے مارچ 1931ء۔ چار بھرپور قسم کی کتابیں لکھی ہوں جبکہ وہ بھوک ہڑتالیں منظم کرنے اور عدالتی معاملات میں مصروف ہو۔ مذکورہ چار کتابوں میں سے دو ایک دوسرے سے جڑی ہوئی لگتی ہیں۔ ان کی 'سوانح عمری' اور 'موت کے دروازے پر'۔ دوسری دو کتابیں اگر پمفلٹ ہوتے تو وہ اسے مکمل کر سکتے تھے لیکن ہندوستان میں انقلابی تحریکوں کی مکمل تاریخ لکھنا وہ بھی زندگی کے آخری دو سالوں میں جو مشکلات سے پُر تھے، قیاس آرائی لگتی ہے۔ 'ریاست کی سائنس' جس کے لئے انہوں نے تفصیلی نوٹ لئے تھے وہ ان کی 'جیل نوٹ بک' میں شامل ہیں۔ جو ان کے مسودوں کا حقیقی حصہ ہیں۔ اپنی مجوزہ کتاب میں بھگت سنگھ نے کوشش کی ہے کہ ریاست کے ترقی کر کے جدید سوشلسٹ ریاست تک پہنچنے کے عمل کو بیان کریں۔ اگر انہیں کتاب لکھنے کا وقت ملتا تو ان کی یہ کوششیں ممکن ہے ریاست کے مارکسی تجزیے میں ایک اضافہ ہوتا۔ یہ بات اس موضوع پر لکھے گئے نوٹس کی بنیاد پر کہی جاسکتی ہے۔

وہ مسودہ جو محفوظ رہا پہلی بار 1994ء میں شائع ہوا جسے بھو پندر ہوجا، نے ایڈٹ کیا تھا۔ یہ بذات خود ایک اہم دستاویز ہے۔ یہ ایک نوٹ بک نہیں ہے ویسی جیسی کہ گرامچی جیسے دوسرے لوگوں کی جیل کی نوٹ بکیں یا لینن کی فلسفیانہ نوٹ بکیں۔ نہ ہی یہ چی گویرا کی ڈائریوں کی جیسی ہے۔ یہ ڈائری ہی نہیں ہے یہ اپنے طور پر ایک منفرد نوٹ بک ہے۔ اس میں وہ نوٹس شامل ہیں جو بھگت سنگھ نے پھانسی چڑھنے سے پہلے پڑھی ہوئی کتابوں سے لئے تھے۔ انتخاب میں اہم ہونے کے علاوہ یہ نوٹس بھگت سنگھ کے تصورات میں ارتقاء کی نشاندہی کرتے ہیں۔ یہ حوالے ظاہر کرتے ہیں کہ بھگت سنگھ ایک کم یاب حساسیت رکھنے والے انقلابی تھے۔ طالب علمی اور اس کے بعد کے زمانے میں بھگت سنگھ کے فلموں کے شیدائی تھے۔ انہیں 'انکل ٹامز کیبن' اور 'تھری مسکیٹرز' جیسی فلمیں بھی پسند تھیں۔ اچھا گلوکار ہونے کے علاوہ انہوں نے کالج کے ڈراموں میں اداکاری بھی کی۔ یہ ان کی ادب اور دیگر فنون سے دلچسپی کو ظاہر کرتی ہے۔ شاید یہی وجہ ہے کہ ان سے زیادہ عمر کے انقلابی رام ساران داس نے اپنی شاعری کے مجموعے 'ڈریم لینڈ' کا تعارف بھگت سنگھ سے لکھنے کو کہا۔

یہ جاننا بھی دلچسپ ہوگا کہ بھگت سنگھ کی 'جیل نوٹ بک' کے ہندوستان کے علمی حلقوں کی توجہ حاصل کرنے سے پہلے سوویت یونین نظریہ داں ایل۔ وی۔ میتروخن نے اپنی کتاب 'لینن اینڈ انڈیا' میں اس پر تفصیلی بحث کی ہے۔ یہ کتاب 1981ء میں شائع ہوئی تھی اور اس کا ہندی ترجمہ 1990ء میں شائع ہوا تھا۔ اس کتاب میں ایک پورا باب بھگت سنگھ کے بارے میں ہے جس کا عنوان ہے 'بھگت سنگھ کے آخری ایام'۔ اس کتاب کے سابقہ

مطالعوں کا حوالہ دیا گیا مثلاً اے۔وی۔ریکوف کا 1971ء کا مضمون 'بھگت سنگھ اور ان کا نظریاتی ورثہ'خود میتروخن کا اپنا مضمون 'وہ کتابیں جن کا بھگت سنگھ نے مطالعہ کیا' جو 1971ء میں شائع ہونے والے 'انڈیا آن لینن' میں شامل ہوا ہے۔ان روسی تصانیف میں بھگت سنگھ نے دانش ورانہ ارتقاء کا معروضی تجزیہ کیا گیا ہے اور بھگت سنگھ کو مارکسی فکر کے زمرے میں شامل کیا گیا ہے۔

میں نے بھگت سنگھ کی 'جیل نوٹ بک' کا مسودہ نہرو میموریل میوزیم اینڈ لائبریری میں 1984ء میں دیکھا تھا اور اس کے بارے میں ہندی اخبارات میں لکھنا شروع کر دیا تھا۔اس بات پر افسوس کیا تھا یہ شائع نہیں ہوا ہے۔میوزیم نے یہ مسودہ بھگت سنگھ کے چھوٹے بھائی کلبیر سنگھ سے اس شرط کے ساتھ حاصل کیا تھا کہ اسے شائع نہیں کیا جائے گا۔یہ 1992ء کی بات ہے کہ آنجہانی بھوپندر ہوجا نے اپنے رسالے جس کے وہ چیف ایڈیٹر تھے'انڈین بک کرانیکل' جے پور میں قسط وار چھاپنا شروع کیا میرے تعریفی خط سے ہوجا نے اس کے اصل ہونے کے بارے میں مزید اعتماد محسوس کیا۔تب انہوں نے اپنے ادارتی نوٹ کے ساتھ اسے کتابی شکل 1994ء میں جے پور سے شائع کیا۔چند اچھے تبصروں اور ایک اہم تاریخی دستاویز ہونے کے باوجود نوٹ بک کو وہ توجہ حاصل نہ ہو سکی جس کی وہ مستحق تھی۔ستم ظریفی یہ کہ نوٹ بک کے ترجمے ہندی اور دوسری زبانوں میں شائع ہوئے مگر کسی نے اس کا سہرا نوٹ بک کے عمر رسیدہ مگر توانا مدیر بھوپندر ہوجا کے سر نہیں باندھا۔توقع ہے کہ اگلا ایڈیشن اس تاریخی دستاویز کو صحیح روشنی میں لے آئے گا اور مورخوں، ہندوستان کی تحریک

آزادی کے انقلابی بازو کے طالب علموں اور سرگرم سیاسی کارکنوں کی توجہ حاصل کرلے گی۔

دستاویز بھگت سنگھ کی دوسری دستاویزوں 'میں دہریہ کیوں ہوں'، 'عدالتی بیانات'، 'نوجوان سرگرم سیاسی کارکنوں کے نام خط' کے ساتھ ساتھ پڑھی جانی چاہیے۔ ان کواب ہندوستان کی انقلابی تحریک کی کلاسیکی دستاویزوں کی حیثیت حاصل ہوگئی ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ نوٹ بک میں جو حوالے ادبی حوالوں کے سواوہ جمہوری سیاسی فکر، قدیم یونانی فکر سے لے کراس وقت تک کی مارکسی تحریروں میں سیاسی فکر کے فروغ کی طرف راغب کرتے ہیں۔ ایک طرح سے نوٹ بک بھگت سنگھ کی شخصیت کا عکس بھی ہے۔ اس کتاب کا خاتمہ لینن کی اس کتاب پر ہوتا ہے جو وفات کے دن 23 مارچ 1931ء زیر مطالعہ تھی۔ پنجابی کے انقلابی شاعر پاش نے بھگت سنگھ اور ان کے آخری لمحات کو زبردست خراجِ عقیدت پیش کیا ہے۔

'ہندوستانی نوجوانوں کے لئے ضروری ہے کہ وہاں سے لینن کی کتابیں پڑھیں جہاں بھگت سنگھ نے اپنی زندگی آخری دن صفحہ موڑا تھا'۔

## بھوک ہڑتال

بھگت سنگھ اور ان کے رفقاء کی جیل میں غیر معینہ عرصے کے لئے بھوک ہڑتالیں پرعزم تھیں اس کا ثبوت ان کے عزیز ساتھی جیتن داس کی وفات ہے 13 ستمبر 1929ء کو 63 روزہ تامرگ بھوک ہڑتال کے نتیجے میں واقع ہوئی۔ زبردستی دودھ پلانے کی وجہ سے

جیتن کے پھیپھڑوں کو شدید نقصان پہنچا۔ اپنے ساتھیوں کی پُرزور اپیلوں کے باوجود جیتن نے اپنی ہڑتال ختم کرنے سے انکار کر دیا۔ ان کی سوچ واضح تھی اور ارادہ پکا اور وہ ہندوستان کے لئے آزادی حاصل کرنے مقصد کے لئے جانتے بوجھتے اپنی جان دے رہے تھے۔ بھگت سنگھ اور دت نے جیتن کی وفات کے بعد بھی اپنی بھوک ہڑتال جاری رکھی جو اکتوبر کے پہلے ہفتے میں 115 دن کے بعد توڑی گئی۔ بھگت سنگھ نے سانڈرس قتل کی مقدمہ ٹریبونل میں چلانے کے خلاف دوبارہ بھوک ہڑتال کا سلسلہ شروع کیا۔ یہ صدر عدالت کے حکم پر وحشیانہ طریقے پر پٹائی کے خلاف احتجاج کے لئے تھی۔ ٹریبونل کے ہندوستانی جج آغا حیدر نے اس واقعے کے بعد ٹریبونل سے لاتعلق ہو گئے اور انہیں ٹریبونل سے ہٹا دیا گیا۔

بھگت سنگھ اور ان کے ساتھیوں نے بھوک ہڑتال کو سیاسی حربے کے طور پر بہت اچھی طرح استعمال کیا۔ حقیقتاً اس بات پر زور دینے کی ضرورت ہے کہ ایسی قربانی دینے کے جذبے کے ساتھ بھوک ہڑتال ہمیشہ اور ہر سامراج میں اپنی اخلاقی توانائی کی وجہ سے موثر ثابت ہوتی ہے اور اب بھی یہ ایک توانا حربہ ہے۔ ایک خودکش حملہ آور اور بھوک ہڑتالی میں یہ فرق ہے کہ خودکش حملہ آور اپنی جان دینے کے ساتھ دوسرے لوگوں کی جان پہچان لیتا ہے یوں عوام کی ہمدردیاں کھو دیتا ہے، جبکہ بھوک ہڑتالی اپنی صحت کو نقصان پہنچاتا/ پہنچاتی ہے۔ اپنی جان بھی قربان کرتے ہیں جو قوم کے ضمیر کو کچوکے لگاتی ہے۔ بھگت سنگھ اور ان کے رفقاء اس حقیقت سے واقف تھے اور اسے بھرپور طریقے سے استعمال کیا یوں اس تاثر کو زائل کیا کہ وہ قاتل یا دہشت گرد لوگ ہیں۔ اس سے بھگت سنگھ کی سیاسی بلوغت بھی ثابت ہوتی

ہے۔بھوک ہڑتال آج بھی ایک کارآمد طریقہ ہے۔شرط یہ ہے کہ اس کے پیچھے یہ قدم اٹھانے والے کے مقصد کی اخلاقی قوت ہو۔

## مقدمے کی کارروائی اور پھانسی

بھگت اور ان کے ساتھیوں نے سانڈرس قتل مقدمے کا بائیکاٹ کردیا۔ٹریبونل نے جس طرح بھگت سنگھ، راج گرو اور سکھ دیو کو سزائے موت دی، اس کا کچا چٹھا اے۔جی نورانی نے اپنی کتاب 'بھگت سنگھ کا مقدمہ' میں کھولا ہے۔مقدمے کی کارروائی اور سزاؤں کا اعلان بالکل ایسا ہی تھا جیسے برطانوی آباد کار ہندوستانی انقلابیوں کے قتل کا حکم جاری کریں۔بھگت سنگھ نے پھانسی سے تین دن پہلے 20 مارچ کو پنجاب کو گورنر کو بجا طور پر لکھا تھا کہ ان کے ساتھ جنگی قیدیوں جیسا سلوک کیا جائے کیونکہ وہ برطانوی سامراج کے خلاف جنگ کر رہے ہیں اس لئے انہیں پھانسی کے بجائے گولی مار کر ہلاک کیا جائے،لیکن برطانوی سامراجی حکومت اتنی بزدل ثابت ہوئی کہ پھانسی کے لئے مقررہ وقت صبح چھ سے سات بجے پر قائم نہ رہ سکی۔تمام بین الاقوامی روایات کی خلاف ورزی کرتے ہوئے بھگت سنگھ، راج گرو اور سکھ دیو کو 23 مارچ شام سات بجے پھانسی دی گئی۔اس روز لاہور میں نوجوان بھارتی سبھا کے زیراہتمام ایک زبردست جلوس نکالا گیا۔ان کا خیال تھا کہ پھانسی 24 مارچ کو صبح دی جائے گی لیکن لاہور سینٹرل جیل پر اتنے بڑے جلوس سے خوفزدہ ہوکر برطانوی نوآبادیاتی نوکرشاہی نے 23 مارچ کو شام سات بجے پھانسی دے دی۔مگر یہ خبر لاہور کے لوگوں سے چھپائی نہ

جا سکی۔ جس وقت یہ خبر آئی جلوس منتشر ہونے ہی والا تھا۔ لوگ جیل کے گیٹ پر ٹوٹ پڑے۔ خوف زدہ برطانوی افسروں نے شہیدوں کے جسم کاٹ کر ٹکڑے ٹکڑے کر دیے ان ٹکڑوں کو تھیلوں میں بند کیا اور انہیں جیل کے پچھلے دروازے سے نکال کر فیروز پور کے نزدیک دریا ستلج کے کنارے لے گئے۔ جہاں گنڈا سنگھ والا گاؤں کے قریب جنگ میں ان جسموں پر مٹی کا تیل ڈال کر جلا دیا گیا لیکن فیروز پور اور لاہور کے افسردہ اور غصے میں بھرے ہوئے لوگوں نے 24 مارچ کی صبح سے پہلے وہ جگہ تلاش کر لی ان کی جلی اور ادھ جلی ہڈیاں اکھٹی کیں اور انہیں لاہور لے گئے۔ جہاں راوی کنارے تین شہیدوں کی ارتھیوں کے طریقے کے مطابق آگ دی گئی۔

ان دنوں کانگریس پارٹی پنجاب نے شہداء کی میتوں کے ساتھ نامناسب برتاؤ کے حقائق دریافت کرنے کے لئے ایک کمیٹی قائم کی۔ اخبارات نے خاص طور پر الہ آباد کے بھویشیا نے کمیٹی کی سماعتوں کو نمایاں جگہ دی۔ لیکن رپورٹ کبھی منظر عام پر نہیں آئی۔ جبکہ شہداء کو پھانسی دیے جانے کے بعد کانپور فسادات پر کانگریس پارٹی رپورٹ نے عوام کی توجہ حاصل کی۔ حال ہی میں نیشنل بک ٹرسٹ نے اسے دوبارہ چھاپا ہے حیرت کی بات ہے کہ برطانوی نو آبادیاتی حکام کے ہاتھوں شہداء کی میتوں کے ساتھ جو ناروا سلوک کیا گیا اس کے بارے میں کانگریس کی تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ کا کوئی ذکر نہیں کرتا۔ بھگت سنگھ اور ان کے ساتھیوں کو پھانسی دیے جانے کے بعد ہونے والے کانپور فسادات نے فرقہ وارانہ صورت اختیار کر لی۔ اس میں کانگریسی رہنما، قوم پرست صحافی



CamScanner

بھگت سنگھ کے شیدائی گنیش شکر ودیارتھی کی جان گئی۔

یہی صورت حال شہداء کی یادگار کی تھی۔ حقیقت یہ ہے کہ نوجوان بھارتی سبھا نے ایک یادگاری کمیٹی قائم کی تھی تا کہ ایک شایان شان یادگار تعمیر کی جاسکے۔ مگر کانگریس نے اس کوشش کو ناکام کردیا۔ بعد میں فیروز پور کے قریب حسین والا کے مقام پر ایک یادگار تعمیر کی گئی ہے جس کا اس وقت کی قومی تحریک سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ لاہور سیاسی تحریکوں کا مرکز تھا جہاں بھگت سنگھ اور ان کے ساتھیوں نے سیاسی سرگرمیوں میں زندگی گزاری تھی یہیں انہیں پھانسی دی گئی اور یہیں ان کا باقاعدہ کریا کرم ہوا تھا۔ جیسے کہ لالا لجپت رائے کا معاملہ تھا۔ زیادہ مناسب ہوتا اگر لالا لجپت رائے، بھگت سنگھ، راج گرو اور سکھ دیو کی یادگاریں راوی کنارے بنائی جاتیں۔

بھگت سنگھ کے کارنامے کے اور بھی دلچسپ پہلو ہیں۔ ان کا قومی رہنماؤں سبھاش بوس، جواہر لال نہرو، لالا لجپت رائے، مدن موہن مالویہ اور دوسروں سے بہترین رابطے تھے۔ اختلاف رائے کے باوجود وہ رابطے میں رہتے تھے۔ چندر شیکھر آزاد کی نہرو سے الہ آباد میں ملاقات بقول نہرو خوش گوار نہیں تھی۔ آزاد نے نہرو کو متاثر نہیں کیا مگر انہوں نے انقلابیوں کے روس جانے میں مدد کے طور پر ایک ہزار روپے دیئے۔ یہ دورہ آزاد کی وفات کی وجہ سے نہ ہو سکا۔ سبھاش بوس اور نہرو دونوں بھگت سنگھ کو پسند کرتے تھے، حالانکہ کانگریسی لیڈر اور انقلابی نوجوان اکثر متضاد مقاصد کے لئے کام کرتے تھے اس کی وجہ سے آزادی کی جدوجہد میں ان کی حکمت عملیاں اور طریقہ کار بالکل مختلف تھیں۔ جب لالا لجپت رائے نے فرقہ پرستوں سے

رشتہ جوڑ لیا تو بھگت سنگھ اوران کے ساتھیوں نے کھل کران کی مذمت کی لیکن ان سے رابطہ نہیں توڑا۔ لالا لجپت رائے کا پوتا بھگت سنگھ سے متاثر تھا'بال اسٹوڈنٹس یونین' کا سیکرٹری تھا۔موتی لال نہرو، مدن موہن مالویہ اور دیوان چمن لال نے بھگت سنگھ کے سینٹرل اسمبلی میں غیر مہلک بم پھینکنے کی مذمت کی۔گاندھی نے اسے 'دونو جوانوں کی پاگل پن کی حرکت' قرار دیا۔بھگت سنگھ نے اپنے مشہور سیشن کورٹ کے بیان میں دیوان چمن لال کو'جعلی سوشلسٹ'، تج بہادر سپرو کو'برٹشر جیسا' قرار دیا۔مگران ہی پنڈت موتی لال نہرو، دیوان چمن لا، مدن موہن مالویہ، سبھاش بوس اور نہرو کے علاوہ۔عدالتوں میں انقلابیوں کی جان بچانے کی ہرممکن کوشش کی۔وکلاء مثلاً آصف علی، کیلاش ناتھ کانجو، چندر بھان گپتا اور موہن لال سکسینہ نے ان نوجوانوں کا ساتھ دیا۔یہ قوم پرستی کا جذبہ تھا جس نے قومی رہنماؤں اور نوجوان انقلابیوں کو جوڑے رکھا۔وہ ایک دوسرے پرشدید تنقید کرتے تھے لیکن ہنگامی حالات میں متحد ہوجاتے تھے۔خاص طور پر ہندوستانی عوام پر برطانوی جبر کے خلاف یہ ایک ایسی چیز ہے،جس سے آج کے قومی رہنماؤں اور انقلابی نوجوانوں کو سیکھنا چاہیے۔

' بھگت سنگھ اور انقلابی تحریک کا ایک اور پہلو ذات پات اور فرقہ واریت کی شدید مخالفت تھا۔اگر آج کی دلت تحریکیں امبید کر کے سوا کسی اور کو قومی لیڈر تسلیم کرتی ہیں تو وہ بھگت سنگھ ہے۔بھگت سنگھ کی تحریروں اوران کے طرز عمل سے انہیں دلتوں کی محبت اور حمایت ملی۔تختہ دار پر جانے سے پہلے بھگت سنگھ جیل میں صرف لینن کو پڑھ نہیں رہے تھے انہوں نے جیل کے دلت ملازم بوگھا جسے پیار سے ''بے'' کہا جاتا تھا، سے کھانا

مانگا۔ جیل میں کچرا چننے والی سے بھگت سنگھ ایسے پیش آتے تھے جیسے اپنی ماں سے جب بھگت سنگھ، راج گرو اور سکھ دیو پھانسی گھاٹ کی طرف ہنستے اور گاتے ہوئے جا رہے تھے تو یہ حیرت سنگھ اور دوسرے قیدی تھے جو رو رہے تھے اور بھگت سنگھ اور ان کے ساتھیوں کے ساتھ، انقلاب زندہ باد، کے نعرے لگا رہے تھے۔

یہ بات یاد رکھنے کی ہے کہ کسی بھی فرقہ پرست جماعت نے چاہے مسلم ہو، ہندو یا سکھ کسی نے بھی ان انقلابیوں کے حق یا دفاع میں ایک لفظ بھی نہیں کہا۔ یہ بھی جتلانے کی ضرورت ہے یہ صرف بائیں بازو کی تحریک ہے جس نے حقیقتاً انقلابی روح کو جذب کیا اور انقلابی فکر کا علم بلند رکھا۔ بایاں بازو ہی جنگ آزادی کے بائیں بازو کی روایت کا سچا وارث ہے۔

یہ گاندھی اور بھگت سنگھ تھے جو یہ جانتے تھے کہ انقلابیوں کو پھانسی کے پھندے سے کوئی نہیں بچا سکتا۔ گاندھی کا یقین ان کے تصورات کا نتیجہ تھا جبکہ بھگت سنگھ کے یقین کے پیچھے ان کے اپنے شدید اور توانا تصورات تھے۔ برطانوی نوآبادیاتی ادارہ انجام سے واقف تھا کیونکہ وہ ان نوجوانوں خاص طور پر بھگت سنگھ کو ہلاک کرنا چاہتا تھا۔ بھگت سنگھ جس کی شخصیت میں انہیں ایک ابھرتا ہوا ہندوستانی لینن نظر آ رہا تھا۔ برطانوی کانگریس کے ساتھ تو معاملہ کر سکتے تھے جسے بغیر کسی خطرے کے سیاسی اقتدار اس کے حوالے کر سکتے تھے مگر وہ بھگت سنگھ کو زندہ نہیں چھوڑ سکتے تھے، کیونکہ وہ عہد کر سکتا تھا کہ سامراجی اور سرمایہ دارانہ استحصالی نظام کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنے میں حصہ لے گا۔

## اختتامیہ

ایک طرح سے برطانوی نوآبادیاتی طاقت سے جیسے کو تیسا کی بنیاد پر نمٹنے کا بھگت سنگھ کا طریقہ تھا۔ایک سو سے کم لوگوں کے گروہ کے ساتھ وہ روئے زمین پر سب سے زیادہ طاقتور سلطنت کو بدحواس کرسکتا اور ہلا سکتا تھا۔شہادت کے لئے اپنا ایک راستہ چن سکتا تھا۔ کروڑوں لوگوں کو جھنجوڑ سکتا تھا۔کانگریس کے تاریخ نویس تری پوری کانگریس میں سبھاش بوس کے مقابلے میں گاندھی کے امیدوار پٹابھی سیتارامیاس جنہیں یہ اعتراف کرنا پڑا بھگت سنگھ ماہتما گاندھی سے کم مقبول نہیں تھے۔یہ چوبیس سال سے کم عمر آدمی کے لئے کوئی چھوٹی کامیابی نہیں تھی جسے عملی سیاست میں حصہ لیتے ہوئے چھ سات سال ہوئے ہوں۔سزائے موت سنائے جانے کے بعد جے دیو کپور نے بھگت سنگھ سے پوچھا کیا انہیں اپنی جوانمرگی پر افسوس ہے۔بھگت سنگھ سوال سن کر پہلے تو ہنسے پھر سنجیدگی سے جواب دیا۔انقلاب کے راستے پر قدم رکھتے ہوئے میں نے سوچا تھا کہ کیا میں انقلاب زندہ باد کے نعرے کو اپنی جان دیتے ہوئے ملک بھر میں پھیلا سکوں گا۔کوٹھڑی کی سلاخوں کے پیچھے بیٹھے ہوئے میں کروڑوں لوگوں کے نعرے سن رہا ہوں۔مجھے یقین ہے کہ میرا یہ نعرہ سامراج پر حملہ آور ہوگا اور آزادی کی جدوجہد کی تکمیل تک قوت محرکہ ثابت ہوگا۔اس مختصری زندگی کی اس سے زیادہ کیا قیمت مانگتا۔

شیو ورما ایک واقعے کا ذکر کرتے ہیں جو جولائی 1920 میں پیش آیا۔بھگت سنگھ عدالتی کاروائی پر بات چیت کرنے کے بہانے لاہور سینٹرل جیل سے بریل جیل آئے۔ہم

لوگ مذاق میں ایک دوسرے کے خلاف فیصلے سنانے لگے سوائے بھگت سنگھ اور راج گرو کے، جن کے بارے میں جانتے ہوئے کہ انہیں تو پھانسی ہوگی۔ تب بھگت سنگھ نے کہا ہم حقیقت کا سامنا کرتے ہوئے ڈرتے ہیں ہماری سزا ہوگی گردن سے لٹا دیئے جائیں جب تک ہماری موت نہ واقع ہو جائے۔ اس دن وہ 'فارم' میں تھے۔ بات دھیمے لہجے میں کر رہے تھے۔ یہ ان کا انداز تھا۔ دکھاوا ان کی عادت نہیں تھی۔ یہ شاید ان کی قوت بھی تھی۔ اس کے بعد وہ بھگت سنگھ کو اپنے الفاظ میں بیان کرتے ہیں: (شیو درما، صفحہ ۱۴۱)

''یہ وطن سے محبت کرنے والے کے لئے سب سے بڑا انعام ہے اور مجھے فخر ہے میں یہ انعام پانے والا ہوں۔ وہ مجھے مار سکتے ہیں۔ لیکن میرے نظریات کو نہیں مار سکتے۔ وہ میرے جسم کو کچل سکتے ہیں لیکن وہ اس قابل نہیں ہوں گے کہ میری روح کو کچل سکیں۔ میرے نظریات ایک بلا کی طرح ہمیں غلام بنانے والے برطانویوں کا پیچھا کریں گے یہاں تک کہ وہ یہاں سے بھاگ جائیں..........۔

پُرجوش انداز میں انہوں نے اپنی بات جاری رکھی:

''مردہ بھگت سنگھ غلام بنانے والے برطانویوں کے لئے زندہ بھگت سنگھ سے زیادہ خطرناک ہوگا۔ مجھے پھانسی چڑھانے کے بعد میرے انقلابی نظریات کی خوشبو ہماری پیاری سرزمین کی فضا میں جاری و ساری رہے گی۔ میں نو جوانوں کو مست کردوں گا (آمادہ کردوں گا) آزادی اور

انقلاب کے لئے اور پھر یہ برطانوی سامراجیوں کی تباہی کو قریب تر لے آئے گی۔ یہ میرا پختہ یقین ہے۔ جس بے چینی کے ساتھ اس دن کا انتظار کر رہا ہوں جب میں اپنی خدمات اور لوگوں سے محبت کے صلے میں یہ سب بڑا انعام پاؤں گا'

شیوور ما بھگت سنگھ کی تحریروں کا تعارف ان الفاظ پر ختم کرتے:

بھگت سنگھ سچ کہتے تھے۔ روح کبھی نہیں مرتی اور یہ اس وقت بھی نہیں مری۔ (شیوورما، ص۴۲)

بھگت سنگھ کی اس روح کو 1931ء سے کہیں زیادہ زندہ رکھنے کی ضرورت ہے۔ ہمیں بھگت سنگھ کی جیل نوٹ بک، اور دوسری تحریریں پڑھنی چاہئیں۔ بھگت سنگھ کے اپنے الفاظ میں جو انہوں اپنے انقلابی ساتھی رام سارنی داس کے شعری مجموعے کے تعارف میں لکھے۔ (شیوورما، ص۱۲۳)

مہربانی کر کے آنکھیں بند کر کے اس کے پیچھے چلنے اور جو کچھ لکھا گیا ہے اسے مان لینے کے لئے نہ پڑھیے۔ اسے پڑھیے۔ اس پر تنقید کیجیے۔ اس پر غور کیجیے اور اس کی مدد سے اپنے نظریات قائم کرنے کی کوشش کیجیے۔'

☆☆☆

# فرانز فینن اور انقلابی تشدد کی نفسیات

ڈاکٹر خالد سہیل

فرانز فینن بیسویں صدی کا ایک ایسا نابغہ روزگار نفسیاتی معالج، فلاسفر اور سرگرم سیاسی کارکن تھا جس کی ذات سے ایک بڑی تعداد میں سیاسی لیڈروں اور انقلابی تحریکوں نے استفادہ کرتے ہوئے اپنے علاقوں اور ملکوں میں انقلاب کی آبیاری کی ہے۔اس کی کتاب زمین کے ستائے ہوئے The wretched of the Earth تمام دنیا کے انقلابیوں کے لئے بائبل کا درجہ رکھتی ہے۔یہ کتاب قریباً 18 زبانوں میں ترجمہ ہو چکی ہے۔صرف انگریزی زبان میں اس کی دس لاکھ سے زائد کاپیاں فروخت ہو چکی ہیں۔اس کتاب کا دیباچہ مشہور وجودیت پسند فلسفی ژاں پال سارتر نے لکھا ہے،اس مضمون کے ذریعے میں اس غیر معمولی انسان کی شخصیت اور فلاسفی کی ایک جھلک پیش کرنے کی کوشش کروں گا جس کا تذکرہ اس نے اپنی اس پُر مغز اور بصیرت افروز کتاب میں بیان کی ہے۔فینن 1925 میں مارٹینیق میں پیدا ہوا اور صرف چالیس برس کی مختصر عمر میں کینسر کے باعث وفات پا گیا۔فینن جس زمانے میں نفسیاتی مریضوں کے اسپتال میں کام کر رہا تھا وہاں اس کے زیرِ علاج الجیریا کے انقلابی آتے رہے۔وہ ان سرفروشوں کی لگن اور جدوجہد سے اس قدر متاثر ہوا کہ اس نے اپنی سروس کو خیر باد کہا اور الجیرین لبریشن موومنٹ میں شمولیت اختیار کر لی اور بعد میں اس نے اپنے پیشہ ورانہ اور سیاسی مشاہدات کو کتابی شکل میں

شائع کیا تا کہ دوسرے لوگوں کو اپنے تجربات میں شریک کر سکے۔

فینن کا خیال تھا کہ غیر ملکی تسلط سے چھٹکارا پانا ہمیشہ ایک پرتشدد عمل رہا ہے۔(Decolonization is always a violent phenomenon) کیونکہ اس ہمہ گیر تبدیلی میں ایک نظام مکمل طور پر دوسرے سیاسی نظام کے لئے جگہ خالی کرتا ہے، اور چونکہ درپردہ اس کا مقصد پرانے نظام کی اصلاح نہیں ہوتا اس لئے اس تبدیلی کو پرامن طریقے سے عمل میں لانا ممکن نہیں ہوتا۔ اس نے اپنی اس تھیوری کو اس مفروضے پر قائم کیا کہ چونکہ غیر ملکی تسلط سے چھٹکارا پانا دراصل محکومیت کی پالیسی سے آزاد ہونا ہے اور نوآبادیات کو محکوم رکھنے کی پالیسی ایک پرتشدد عمل ہے جس میں استبدادی طاقتیں مقامی افراد کے ساتھ نہ صرف ظالمانہ رویہ روا رکھتی ہیں بلکہ انہیں زیر اثر رکھنے کے لئے غیر انسانی سلوک، ساز باز اور طاقت کا بزور استعمال ضروری سمجھتی ہیں۔ اس لئے اس تسلط سے چھٹکارا پانے کی کوشش میں مقامی لوگ جو برس ہا برس بلکہ صدیوں تشدد کا شکار رہتے ہوئے اس کے عادی ہو تے ہیں ان کے لئے پھر اس کے سوا کوئی دوسرا راستہ باقی نہیں رہتا کہ وہ بھی تشدد کو بروئے کار لاکر آزادی کے حصول کی کوشش کریں۔

فینن نے ترتیب وار ان نفسیاتی ادوار کو بیان کیا ہے جو غیر ملکی تسلط اور پھر اس سے چھٹکارے کی صورت میں پیش آتے ہیں۔ اس کا خیال ہے کہ استبدادی طاقتیں پولیس اور فوج کی مدد سے مقامی لوگوں کو دبانے اور کچلنے کے عمل سے گزرتی ہیں۔ بظاہر ان کا مقصد ملک میں امن وامان کا قیام ہوتا ہے لیکن دراصل یہ لوگوں کے حقوق دبانے، جوڑتوڑ کرنے

اور بزور طاقت انہیں محکوم رکھنے کا عمل ہوتا ہے جس کے نتیجے میں صرف باغیانہ خیالات اور ڈپریشن، کم ہمتی اور مجبوری پھلتی پھولتی ہے، چنانچہ وہ لوگ جو ایسی سیاسی صورتحال میں تبدیلی لانا چاہتے ہوں انہیں بامر مجبوری تشدد کا سہارا لینا پڑتا ہے۔ایسے افراد اور تنظیموں کو اس بات کا ادراک ہونا چاہئے کہ غیر ملکی حاکم ضرور اپنے تسلط کو طول دینے کے لئے تشدد کا بیجا استعمال کرینگے اس لئے لوگوں کو ان حقائق کو پیش نظر رکھتے ہوئے ہر قربانی کے لئے تیار رہنا چاہئے اور اس یقین کے ساتھ آگے بڑھنا چاہئے کہ بہر کیف اچھا انجام ذرائع کو از خود جواز بخش دیتا ہے۔

فینن ایسی نو آبادیات کا تجزیہ کرتے ہوئے لکھتا ہے کہ ہم مقامی آبادی کو ہر شہر میں دو حصوں میں تقسیم کیا ہوا دیکھتے ہیں۔

اول:۔ایک ایسا علاقہ جو امیر، کامیاب اور بارسوخ لوگوں کی رہائش گاہ ہوتی ہے جہاں خود غیر ملکی حاکم بھی رہائش پذیر ہوتے ہیں۔

دوم:۔غرباء، مجبور اور محکوم مقامی لوگوں پر مشتمل خستہ حال آبادی۔

ان حالات میں معاشی بنیادوں پر انسانوں کی طبقاتی تقسیم از خود نسلی مسائل کو جنم دیتی ہے۔شہر کے ایک حصے پر ہم برطانوی ،فرانسیسی اور امریکن نسل کے امراء کو رہائش پذیر دیکھتے ہیں اور دوسرے حصہ پر متوسط اور غریب طبقے سے تعلق رکھنے والے ایشیائی، افریقی اور شمالی امریکہ کے باشندے رہائش پذیر ہوتے ہیں اور اس معاشی تفریق کا منطقی نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ اگر تم امیر ہو تو یقیناً سفید فام اور اگر سفید فام ہو تو یقیناً

امیر ہو۔اندریں حالات ہمیں نوآبادیاتی مسائل کا مارکسسٹ تجزیہ کرتے ہوئے بھی ہمیشہ اس حوالے سے اپنی دلیل میں تھوڑی لچک رکھنی چاہیے۔

فیض کا خیال تھا کہ ظالم اپنے جبر کو قابل قبول بنانے کیلئے مذہب کا سہارا لیتا ہے۔خدا کے نام پر نسلی امتیاز کو قدرت کا قانون کہہ کر وہ اپنی خودساختہ فوقیت کو رنگ پہنا لیتا ہے اور غریب کو یہ چکمہ دینے میں کامیاب ہو جاتا ہے کہ خدا دنیاوی آسائشوں کو پسند نہیں کرتا اور اس کی رضا یہی ہے کہ جنت میں غریبوں کا مستقل ٹھکانہ ہو لیکن انقلابی دنیا میں رہتے ہوئے جنت کے مزے لوٹنا چاہتے ہیں۔وہ کسی تصوراتی جنت کی بجائے حقیقت کا سامنا کرنا چاہتے ہیں۔وہ احمقوں کی جنت میں رہنے کے بجائے ارضی دکھ سکھ کے جنت اور جہنم کو ترجیح دیتے ہیں۔انہیں معلوم ہے کہ اس راہ میں انہیں جاں گسل سختیوں کا سامنا کرنا ہوگا۔تب ہی یہ ممکن ہوگا کہ وہ اپنے لئے ایک پرامن اور عدل پر مبنی سماج قائم کرسکیں۔

فیض ہمیں بتاتا ہے کہ نوآبادیاتی طاقتیں ایسی زبان استعمال کرتی ہیں جس میں مقامی لوگ جانور، درندوں اور غیر مہذب افراد کی طرح پہچانے جاتے ہیں۔وہ مقامی لوگوں کے لباس، روایات اور مذہب کا مذاق اڑاتے ہیں حتیٰ کہ انہیں شیطان صفت کہنے سے بھی نہیں چوکتے۔ان کا مقصد یہ ہوتا ہے کہ مقامی آبادی کی تضحیک کی جائے اور انہیں غیر انسانی ثابت کیا جائے۔

نوآبادیاتی طاقتیں ایسا روپ دھار لیتی ہیں جیسے وہ مقامی لوگوں کو مذہب یا جمہوریت کے نام پر اس کی سیاسی اور روحانی اصلاح کا بیڑا اٹھائے ہوئے ہیں حتیٰ کہ وہ یہ

خواہش بھی رکھتی ہیں کہ مقامی لوگ ان کے شکرگزار ہوں اور ان کے استبدادی رویوں کو سراہیں۔ان کا یہ رویہ مقامی لوگوں کے لئے ناراضگی اور جھنجلاہٹ کا سبب بنتا ہے اور پھر یہی ناراضگی بتدریج نفرت میں تبدیل ہو جاتی ہے اور پھر جب وہ آزادی کی جدوجہد میں شریک ہوتے ہیں تو یہی نفرت بدلے کی آگ میں بہہ نکلتی ہے اور پھر کئی دہائیوں اور صدیوں سے جمع غصے کا لاوا ایک بھیانک تشدد کا روپ دھار لیتا ہے۔اور اس آگ میں زبان، کلچر ،مذہب غرض یہ کہ طاقت کے نام پر تھوپی گئی ہر روایت بھسم ہو جاتی ہے۔اس طرح عوام ان زیادتیوں کا حساب چکتا کر دیتے ہیں۔

فینن کا خیال ہے کہ مقامی لوگوں کی یہ بغاوت بتدریج انقلاب کی شکل اختیار کرتی ہے اور سیاسی شعور کے ادارک کے ساتھ ساتھ وہ اپنے علاقے اور عوام کے لئے ہر قربانی دینے کے لئے تیار ہو جاتے ہیں۔وہ ایک خوش آئند مستقبل کے لئے اپنے آج کو داؤ پر لگا دیتے ہیں اور اس دن کے خواب دیکھتے ہیں جب مقامی اور آبادکار، ظالم اور مظلوم ،غریب اور امیر، آسودہ اور غیر آسودہ لوگ سب کے ساتھ برابری اور مساوات کا سلوک کیا جائے گا۔وہ اپنی آنے والی نسلوں کے لئے عدل وانصاف پر مبنی سماج کا قیام چاہتے ہیں جہاں ان کی اولاد پچھلی نسلوں سے بہتر زندگی گزار سکے۔

فینن لکھتا ہے کہ کس طرح مقامی لوگ آبادکاروں کے ہتھکنڈوں میں جکڑے جانے کے بعد احساس کمتری کا شکار ہو جاتے ہیں اور یہ مجرمانہ احساس مقامی لوگوں کی ذہنی نشوونما کے لئے زہر قاتل ہے کیونکہ یہ احساس عزت نفس کو مجروح کرتا ہے اور مقامی لوگ خود اپنی نظروں

میں گر جاتے ہیں اور اکثر اوقات وہ ایک دوسرے کے ساتھ نفرت کرنا شروع کر دیتے ہیں اور ان کے مابین نسلی تفاخر، مذہبی اور علاقائی چپقلش تشدد کو جنم دیتی ہے۔

ان بستیوں کے مجبور ومحکوم لوگ جن کی ہڈیوں میں غصے کا لاوا دہک رہا ہوتا ہے سب سے پہلے اپنے ہی لوگوں پر غصے اور برتری کی دھاک بٹھانا چاہتے ہیں یہ وہ وقت ہوتا ہے جب افریقی ایک دوسرے کی سر پھٹول میں مشغول ہوتے ہیں۔فینن اس جھنجھلاہٹ اور غصے کو سمجھنے میں قاری کی مدد کرتے ہیں اور وضاحت کرتے ہیں کہ کس طرح یہ نفرت جذباتی اور سماجی طور پر داخلی رخ اختیار کر لیتی ہے۔اور بالآخر جب یہ نفرت ظالم کے خلاف تشدد کی شکل اختیار کرتی ہے تو مظلوم اپنے منفی جذبات کے زیر اثر لاشعوری طور پر اس جلاد کا روپ دھار لیتا ہے جو کسی وقت ظالم کا حقیقی روپ تھا۔مقامی باشندے دبے اور پسے ہوئے انسان ہوتے ہیں جن کا ایک ہی سپنا ہوتا ہے کہ کسی طور وہ ظالم کو انصاف کے کٹہرے میں لا کھڑا کریں۔فینن اس حقیقت کی نشاندہی کرتا ہے کہ مقامی اور آبادکار کے مابین کوئی بھی قریبی یا ذاتی رشتہ نہیں ہوتا اور بہت سے حالات میں گھریلو، بازار یا دفتری سطح پر ان کا آپس میں کوئی میل جول نہیں ہوتا۔وہ علیحدہ علیحدہ بستیوں میں رہتے ہیں لیکن اس کے باوجود مقامی لوگ ہمیشہ آبادکاروں کے استبدادی قوانین کی زد میں رہتے ہیں اور یہ قوانین غیر انسانی ہونے کے ساتھ ساتھ عدل وانصاف پر مبنی نہیں ہوتے یہی وجہ ہے کہ مقامی لوگوں کی بغاوت بھرپور ہوتی ہے کیونکہ مقامی اور آبادکار کا تعلق اجتماعی ہوتا ہے انفرادی نہیں۔

وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ مقامی لوگوں پر یہ حقیقت عیاں ہو جاتی ہے کہ وہ سب

ایک اجتماعی خودکشی کی راہ پر چل رہے ہیں اور اگر انہوں نے اس کا فوری تدارک نہ کیا تو ممکن ہے کہ ان کا وجود صفحۂ ہستی سے یکلخت غائب ہو جائے اس لئے بہتر یہی ہے کہ اپنی بقاء کے لئے ظالم کو نیست و نابود کر دیا جائے۔ ان کے لیڈران کرام انہیں یہ یقین دلاتے ہیں کہ صرف ظالم اور جابر سے چھٹکارا پانے کی صورت میں انہیں آزادی کا سورج دیکھنا نصیب ہوگا اور تب وہ اپنی تقدیر کے خود مالک ہوں گے۔ لیکن سب جانتے ہیں کہ انہیں آگ اور خون کے دریا سے گذر کر ہی اپنے خوابوں کے جزیرے تک پہنچنا ہوگا اور نجانے کتنے اس راہ میں گھائل ہو جائینگے اور شاید کبھی اس پار نہ پہنچ سکیں۔ آہستہ آہستہ سب مقامی لوگ کمر ہمت کس لیتے ہیں اور مہم جوئی کی پرخطر راہ پر چل نکلتے ہیں، مقامی لوگ زمینی حقیقتوں سے آگاہ ہو جاتے ہیں اور انہیں قبول کرتے ہوئے آزادی کے حتمی حصول کے لئے تشدد کو اپنا ہتھیار بنا لیتے ہیں اور پھر وقت آجاتا ہے جب نوآبادیاتی اور استبدادی حکومتیں عوامی تحریک سے خوفزدہ ہونا شروع ہو جاتی ہیں اور اپنی گرتی ہوئی حکومتوں کو سنبھالنے کیلئے مذہبی رہنماؤں اور دانشوروں کے ایک طبقے کو مراعات کی ریل پیل سے اپنی حمایت میں آواز اٹھانے پر آمادہ کر لیتی ہیں۔ یہ لوگ عوام کو خوش آئند مستقبل کا مژدہ سناتے ہیں۔ انہیں پرامن رہنے اور انعامات اور نوازشات کے سراب دکھاتے ہیں لیکن انقلابی مجاہد اپنی جدوجہد میں اس قدر آگے بڑھ چکے ہوتے ہیں کہ ہر قربانی دینے کے لئے ذہنی طور پر آمادہ ہوتے ہیں اور جیسے جیسے انقلابی زور پکڑتے جاتے ہیں ظالم کی طاقت زوال پذیر ہوتی جاتی ہے۔

جب چکنے چپڑے الفاظ اور شاہ کی مدح میں پڑھے جانے والے چاپلوسی خطبات



CamScanner

بے اثر ہوتے دکھائی دینے لگیں تو استبدادی حکومتیں مار پیٹ، جیل اور گھیراؤ کا سہارا لیتی ہیں اور چند ایک انقلابی مجاہدوں کو جیل اور پھانسی جیسی سخت سزائیں سنائی جاتی ہیں تاکہ دوسرے انقلابی ان سے عبرت پکڑیں اور تابعداری اختیار کریں لیکن ایک متحرک انقلاب ان گیدڑ بھبکیوں سے روکا نہیں جاسکتا اور پھر جب ہر ترکیب ناکام ہوتی نظر آئے تو سہمی ہوئی ظالم حکومتیں عوام کو تہہ تیغ کرنے کے لئے ہر ہتھکنڈہ آزمانے پر تیار ہو جاتی ہے وہ عوام کو متنبہ کرتی ہیں کہ اس آزادی کی لڑائی میں ہزاروں معصوم لوگ اپنی جانیں گنوا بیٹھیں گے۔ انقلابی اس حکمت عملی سے آگاہ ہوتے ہیں، انہیں معلوم ہوتا ہے کہ استبدادی حکومتیں تشدد کو مزید ہوا دیں گی۔ جب تک عوام ان کو گھٹنے ٹیکنے پر مجبور نہ کردیں۔ انقلابی بخوبی اس امر سے آگاہ ہوتے ہیں کہ فوجی اور سول تشدد دراصل حکومت کی کمزوری پر دلالت کرتا ہے اور یہ تشدد غلامی کے خاتمے کا نقطہ آغاز ہے۔

بالآخر مسلح جدوجہد اس یقین کے ساتھ پورے زور شور کے ساتھ شروع ہو جاتی ہے کہ صرف تشدد ہی آزادی سے ہمکنار کرے گا۔

دوسری طرف استبدادی حکومتیں یہ پروپیگنڈہ کرتی ہیں کہ مقامی لوگ حکومتی کاروبار سے نابلد ہیں اور اپنی ناتجربہ کاری کے باعث وہ ملک چلا نہیں پائیں گے اور نتیجہ یہ کہ ملک ٹکڑے ٹکڑے ہو جائے گا۔ دراصل استبدادی حکومتیں یہ بھول جاتی ہیں کہ غیر ملکی آقاؤں کے زیر اثر آنے سے مقامی لوگ صدیوں سے ان ملکوں میں آباد تھے اور اپنے ریت رواج کے مطابق اپنی زندگیاں گزار رہے تھے۔



ابھی تک میرے خیال میں بلوچ قومی تحریکیں میں وہ اسٹیج نہیں پہنچا جس میں استبدادی حکومتیں کھلے عام یہ پروپیگنڈہ کریں کہ مقامی لوگ حکومتی کاروبار سے نابلد ہیں۔ اور اپنی ناتجربہ کاری کے باعث وہ ملک چلا نہیں پائیں گے۔

لینن کے خیال میں دوسری جنگ عظیم کے بعد امریکہ یورپ کی طرح دوسرے ممالک پر قبضہ کرنے اور انہیں محکوم بنانے کی راہ پر چل نکلا ہے اور ایشیاء، افریقہ اور لاطینی امریکہ کے ترقی پذیر ممالک کو یہ باور کرانے کی کوشش میں لگا ہوا ہے کہ وہ دنیا میں آزادی، خودمختاری اور حق خودارادیت کا تنہا نمائندہ ہے۔ وہ یہ ماننے کے لئے تیار نہیں یہ دراصل وہ دنیا کی واحد سپر پاور کا رول ادا کرنا چاہتا ہے اور دنیا کے وسائل کو اپنی طاقت کے فروغ کیلئے استعمال کرنا چاہتا ہے۔ امریکہ یہ بھول جاتا ہے کہ یہ ترقی پذیر ممالک محکومیت کے چنگل سے آزاد ہو چکے ہیں اور مغرب کے خلاف نفرت اور غم غصہ سے بھرے بیٹھے ہیں۔ اور بخوبی جانتے ہیں کہ امریکہ ان ممالک میں فوجی اور بیوروکریٹک آمروں کی حکومتیں بنانے میں دلچسپی رکھتا ہے کیونکہ وہ جانتا ہے کہ یہ لوگ امریکہ چاپلوسی میں کوئی دقیقہ فروگذاشت نہیں کریں گے جبکہ جمہوری انداز پر منتخب رہنما امریکہ کی استبدادی چالوں کی مزاحمت کرینگے۔ امریکہ دنیا کے دکھاوے کیلئے انسان دوستی کا راگ الاپتا ہے جبکہ درپردہ وہ صرف طفیلی حکومتوں کا حامی ہے۔

امریکہ کے حکومتی ترجمان آجکل یہ کہنے میں کوئی باک محسوس نہیں کرتے کہ وہ تمام دنیا کے عوام کے آزادی کے سب سے بڑے محافظ ہیں اور یہ بھول جاتے ہیں کہ امریکہ کی مسلح افواج اور ان کے سفیروں کو دنیا میں کہیں بھی ہنسی خوشی خوش آمدید نہیں کہا جاتا اور اگر کہیں وہ زبردستی دخل اندازی کے مرتکب ہوں تو پتھروں اور گھونسلوں سے ان کا استقبال کیا جاتا ہے یا پھر وہ جنگجو سرمچاروں کی گولیوں کا نشانہ بن جاتے ہیں دنیا کی دیگر نوآبادیاتی طاقتوں کی

طرح امریکہ بھی یہ سمجھ نہیں پاتا کہ عوام میں اسے پذیرائی حاصل نہیں ہے کیونکہ عوام آزادی اور وقار کے ساتھ اپنی زندگی جینا چاہتے ہیں اور کسی قسم کے خارجی دباؤ یا فرمانوں کے زیراثر نہیں آنا چاہتے۔

ایسے ممالک جو معاشی کمزوری، غربت اور جاہلیت کا شکار ہوں یقیناً ترقی یافتہ اقوام سے امداد کے خواہاں ہوتے ہیں۔ یہ سچ ہے کہ آزادی محکوم افراد کی اخلاقی نشوونما میں نہ صرف قابل ذکر کردار ادا کرتی ہے بلکہ ان کے وقار میں اضافے کا باعث بھی ہوتی ہے۔

نوآبادیاتی حکومتوں کی غلامی میں جکڑے ہوئے لوگ اس گنجلک کو حل نہیں کر پاتے کہ دراصل غلاموں کے خلاف تشدد اس نظام کی دین اور تشدد کے فروغ میں غیرملکی آقا ہی محکوموں کے لئے نمونہ اور مثال بنتے ہیں۔

غیرملکی آبادکار آقا جب قوم پرستوں کا تشدد بھرا روپ دیکھتے ہیں تو اس تبدیلی پر حیران رہ جاتے ہیں اور بہت چالاکی سے آزادی کے متوالوں کو دہشت گرد کہنا شروع کر دیتے ہیں اور یک قلم فراموش کر دیتے ہیں کہ جدوجہد آزادی کی ابتداء ہی اس بات کا بین ثبوت ہے کہ عوام مسلح اور پرتشدد عوامل کا سہارا لینے پر مجبور ہو گئے اور سب جانتے ہیں کہ غیرملکی آقا صرف اور صرف طاقت کی زبان سمجھتے ہیں۔ اور ہمیشہ کی طرح خود غیرملکی آقاؤں نے ہی عوام الناس کو آزادی کے حصول کا یہ راستہ دکھایا ہے۔

فینن اپنے مفروضے کی توجیح بیان کرتے ہوئے لکھتا ہے کہ ردعمل عموماً عمل کی قوت کے جواب میں اتنا ہی درشت، مخالف اور برابری کی سطح پر ظاہر ہوتا ہے۔ غیرملکی تسلط سے

آزادی کے حصول کا پرتشدد سفر دراصل غلامی کے دور میں استحصال زدہ عوام پر ڈھائے گئے تشدد کا منطقی نتیجہ ہوتا ہے۔ طالع آزماؤں کو اپنے آباؤ اجداد کے مظالم اور جبر کی فصل کاٹنا پڑتی ہے جو کئی نسلوں سے اپنے مفادات کو دائمی تحفظ دینے کے لئے عوام کو تختہ مشق بنائے ہوئے ہوتے ہیں۔ مقامی لوگوں میں تشدد کی ابھرتی ہوئی لہر کا پیمانہ عموماً غیر ملکی آقاؤں کی اپنی ڈوبتی ہوئی حکومتوں کو بچانے کے لئے کئے گئے ظالمانہ تشدد کے مساوی ہوتا ہے۔

فینن کو الجیرین انقلاب کا براہ راست تجربہ حاصل تھا کیونکہ وہ اس میں خاصا فعال رہا تھا۔ اس نے اس جدوجہد آزادی میں ہزاروں لوگوں کو موت کے گھاٹ اترتے دیکھا تھا۔ اس نے تشدد کے اس بے رحمانہ مسلسل استعمال کو ان الفاظ میں بیان کیا ہے۔

''دہشت اور جوابی دہشت، تشدد اور جوابی تشدد الجیریا میں جاری اس جاں گسل نفرت کا اظہار ہے جسے آنے والا مورخ ایک سخت گیر کشمکش سے تعبیر کرے گا''۔

فینن کا خیال ہے کہ مقامی لوگ اس تشدد بھری کیفیت سے دوچار ہوجاتے ہیں جہاں وہ سمجھتے ہیں کہ ان کا آزاد انسان کی حیثیت سے دوسرا جنم اسی وقت ممکن ہوگا جب وہ ظالم کو موت کی نیند سلانے میں کامیاب ہوجائیں گے گویا ان کے دوسرے جنم کا راز قتل کی واردات میں پوشیدہ ہے۔ کچھ لوگوں کے لئے شاید یہ ایک تصوراتی خاکہ ہو لیکن فینن اسے نفسیاتی شعور کا ادراک سمجھتا تھا۔ وہ لکھتا ہے ''مفلوک الحال مقامی لوگوں کے لئے صبح نو صرف غیر ملکی آباد کاروں کی گلتی سڑتی لاشوں سے ہی طلوع ہوسکتی ہے''۔

فینن کو یقین تھا کہ مقامی لوگوں کے لئے مزاحمت اور تشدد کا راستہ نہ صرف ان کی

عزت نفس کو بحال کرتا ہے بلکہ ان کی زندگیوں کو ایک نیا مقصد بھی عطا کرتا ہے۔اس کے
خیال میں بیسویں صدی کے مجبور اور محروم عوام اور نو آبادیاتی نظام میں جکڑے ہوئے لوگ
یہ جان چکے ہیں کہ پانسہ پلٹنے کا وقت آن پہنچا ہے اور اب پوری دنیا میں کہیں بھی جابرانہ اور
استبدادی طاقتوں کو برداشت نہیں کیا جائے گا۔بیسویں صدی بغاوت اور انقلاب کی صدی
ہے۔غیر ملکی آقاؤں کے رحم و کرم پر رہنے والے عوام نے عالمی شعور کو جھنجھوڑ کر رکھ دیا ہے اور
دنیا کو باور کروادیا ہے کہ یورپ کی ترقی اور چکا چوند دراصل نیگرو، ہندوستانیوں اور چینی
جاپانیوں کی لاشوں پر ایستادہ ہے یہ تمام کامیابی ان لوگوں کی محنت و مشقت کی مرہون منت
ہے۔ہم نے فیصلہ کیا ہے کہ اب اس حقیقت کو مزید فراموش نہیں ہونے دیا جائے گا۔
فیض پُر یقین تھا کہ اگر یورپ اور امریکہ نے ایشیاء مشرق وسطیٰ اور لاطینی امریکہ
کے عوام اور حکومتوں سے احترام کا سلوک نہ کیا تو تشدد کا ایک لامتناہی سلسلہ چل نکلے گا
تاوقتیکہ جابرانہ تسلط اور استحصال باہمی مفاہمت اور وقار میں تبدیل نہ ہو جائے۔
پچھلی چند دہائیوں میں عالمی منظرنامے میں پیدا ہونے والی سیاسی تبدیلیوں نے
مجھے یہ سوچنے پر مجبور کر دیا ہے کہ 1960ء میں فیض کی سوچ نہ صرف گہری اور بصیرت
افروز تھی بلکہ پیش بینی کا درجہ رکھتی تھی یقیناً وہ ایک باکمال سیاسی مدبر اور تجزیہ نگار تھا۔اس بات
کا امکان ہے کہ بعض سیاسی کارکنان اور فلاسفر فیض کے اخذ کردہ نتائج اور توجیہات سے
اختلاف کریں لیکن وہ اس مقامی اور آبادکار کے مابین تعلق اور احساس کی بیان کردہ منفرد
تشریح کو نظر انداز نہیں کر سکتے۔

سگار

فیض ان چند دانشوروں میں سے ایک تھا جس نے انقلابیوں اور انقلابی تشدد پر سیر حاصل بحث کی ہے۔ فیض ایک ایسی دنیا کے خواب دیکھتا تھا جہاں انسان آپس میں پیار محبت سے زندگی گزار رہے ہوں اور ان کے مابین نفرت اور تلخی کا جڑ سے خاتمہ ہو جائے۔ فیض کا خیال تھا کہ ایسا ہونا اس وقت ممکن ہے جب سامراجی اور استعماری سوچ طاقتیں اپنی غلطیوں کو تسلیم کرتے ہوئے ان کے ازالے میں کوشاں ہو جائیں اور تمام انسانوں سے انفرادی اور اجتماعی بنیادوں پر برابری کا سلوک روا رکھیں اور مذہب اور جمہوریت کے نام پر اپنی رائے ٹھونسنے کی کوشش نہ کریں۔ غیر ملکی آقاؤں کے رویے میں اس غیر معمولی تبدیلی کے امکانات کہ وہ انسانوں کی اجتماعی و بہبود کا بیڑا اٹھالیں اور ایک بار ہمیشہ کے لئے انسان کو باوقار اور سربلند کر دیں بظاہر ناممکنات میں سے ہے۔

☆☆☆

**آزادی انسان کے باہر وجود رکھنے والا کوئی آئیڈیل یا دیومالائی خیال نہیں بلکہ درا صل لوگوں کے مکمل انسان بننے کی کوشش میں ایک لازمی شرط ہے۔**

**(پالوفرارے)**

# رندانی دیار ملّیں سرمچار

طاہر حکیم

جناح یونیورسٹی اسلام آباد ءَ انتھراپولوجی ءِ جنکیں طالب عالیہ امیر علی کہ آ بلوچ قومی تحریک ءِ سرا ایم فل کنگ ءَ انت بلوچ قومی جنز ءِ بارہ ءَ وتی نبشتہ کنگیں یک نبشتانکے ءِ تہا نبشتہ کنت کہ ”بلوچ راج دوستیں سیاستکار ءُ پارلیمنٹرین آں داں سی سال ءِ تہا وتی کلوہ ءَ را ماں اسلام آباد ءَ سر کت نہ کنگ بلے ہے کلوہ ءَ را بلوچ سرمچاراں دو ماہ ءِ تہا بر تگ ءُ سر کتگ“

اے گپ ءِ تہا چ ہلل ءُ گشّ نیست کہ مروچی ”بلوچ ءِ کلوہ“ کہ داں دنیا ءَ سر انت ایشی ءِ تہا مستریں کرد ہے سرمچارانی انت کہ آہاں مسلح جُہد ءِ وسیلہ ءَ دنیا ءِ دلگوش وتی نیمگا گور کنائینگ ءُ بلوچ چاگرد ءُ راجی زند ءِ تہا یک زانت ءُ سرپدی ءُ جوزہ ءُ باہندے ودی کنگ ک چشیں جوزہ ءُ باہند ساری ترا مردم ءَ را گندگ ءَ نیت انت ءُ مسلح جُہد ءِ مستریں شری ایش انت کہ آ چاگرد ءِ اوشت ءَ پروشیت ءُ مہلوک ءِ تہا پہ وتی حقانی بارہ ءَ نوکیں زانت ءُ سرپدی ودی کنت ۔ آیان ءَ پہ جُہد ءُ قربانی ءِ ہاترا اساڑی کنت ۔ ڈاکٹر مبارک علی وتی یک نوک تریں نبشتانکے ءِ تہا نبشتہ کنت کہ مردم پرچا مزاحمت کن انت؟ آ ایشی ءِ پتو ءَ اے رنگ ءَ دنت کہ داں یک حدے ءَ ظلم ءُ زوراکی سگگ بیت بلے وہدیکہ اے چہ حد ءَ بہ گوزیت گڑا سگگ نہ بیت ءُ مردم ہے نظام، روایت ءُ قدرانی ہلاپ ءَ پاگی بیت ۔

دنیا ءِ تاریخ ءِ ہمکدور ءَ مزاحمتی جنزاں سرچست کنگ ءُ تاریخ زانت ہے مزاحمتی

جنزان ءَ دو بہراں بہر کن اَنت۔

یکے سیاسی بزاں Political means of Struggle ءُ دومی سلاہ بندیں جُہد بزاں Armed struggle اے دوئیں جُہدانی ہم یک دراجیں تاریخ ءِ است انت۔ سلاہ بندیں جُہد گیشتر ہماکانی تہا بنابیت کہ اُوداں چہ درءَ یک دگہ ملکے بئیت ءُ قوضہ بہ کنت بزاں نوں آبادیاتی طاقت ءُ نوآبادیاتی نظام ءِ ہلاپ ءَ سلاہ بندیں جُہد کارمرز کنگ بیت۔ چش کہ بلوچ گلزمین انت آئی ءِ سرا پہ زور قوضہ کنگ بوتگ۔ اے رنگیں حالت ءَ گڑا سلاہ بندیں جُہد پکار بیت ءُ گیشتر سوب مندتر بیت۔ دومی بادشاہت ءَ زوراکیں حاکم ءُ فوجی آمریت ءِ دورءَ ہم گیشتر سلاہ بندیں جنز سرچست کن انت پرچا کہ آ مہلوک ءِ توارءَ ایمنیں وڑے ءَ گوش دارگ ءَ تیار نہ بنت۔ گڑا مہلوک یا جُہد کار لاچار بنت کہ وتی گپ ءِ منارینگ یا حقانی گرگ ءِ ہاترا سلاہ بندیں جُہد ءِ پڑ ءَ دور بہ کن انت ءُ طاقت ءِ پسّو ءَ گوں طاقت ءَ بہ دئینت۔

چوناہا دنیا ءِ تاریخ ءِ تہا مزاحمت بزاں سیاسی ءُ سلاہ بندیں جُہد ہر دوکانی یک دراجیں تاریخ ءِ است انت جاگیردارانی ہلاپ ءَ دہکان کار ءُ بزگرانی مزاحمت، زردار ءُ مالدارانی ہلاپ ءَ یوریاگر ءَ زمبل کش آنی مزاحمت افریقہ ءِ تہا غلامانی مزاحمت، تاریخ ءِ گوہریں تاکانی سرا نکش انت۔ ہمے وڑا ایشیاء، افریقہ ءُ لاطینی امریکہ ءِ تہا نوآبادیاتی نظام ءُ غلامی ءِ ہلاپ ءَ سیاسی ءُ سلاہ بندیں جُہد ءِ چیدگ ءُ نشان گندگ ءَ کائنت۔ ہندوستان ءِ تہا گاندھی ءِ سیاسی جُہد ءُ بھگت سنگھ ءُ آئی سنکتانی سلاہ بندیں جُہد وتی مٹ ءُ درورو ت انت۔ ہمے رنگ ءَ مروچی ایں دنیا ءِ تہا چی گوریرا، فیڈرل کاسترو، نیلسن منڈیلا، ہوچی منہ، سلاہ بندیں جُہدانی

مستریں نشان ءُ Symbol زانگ بنت ءُ دنیا ءِ ہمک ایردست ءُ غلامیں راج آیانءَ وتی رول ماڈل زانت۔

بلے بلوچ راج ہم یک دراجیں مزاحمتی تاریخ ءِ ھدابنت انت۔ بلوچ ءِ تاریخ ءِ ہمک دورءَ مزاحمت کتگ۔ حلب ءِ بگرداں کرمان ءُ سیستان ءَ پداداں مروچیکیں بلوچستان ءَ بیا اے دراہیں ھند ءُ دمگاں ہمک زوراکیں حاکم ءِ دورءَ، ءُ تاریخ ءِ ہمک وہد ءُ پاس ءَ ترا بلوچ راج ءِ مزاحمتی گہگیر ءِ نشان گندگ ءَ کاینت، مروچی کہ بلوچ ءُ بلوچستان ءِ نام ءُ نشان است انت اے ہمے جنگ ءِ سبب انت اگاں بلوچاں جنگ مہ کتیں گڑا زوراکیں راج ءُ حاکماں دیری ایشانی نشان گارءُ بیگواہ کتگ اتنت چہ بلوچی زبان ءَ مستریں ءُ کہن ترین زبان ہم دنیا ءِ تہا بوتگ چہ بلوچ راج ءَ مستریں راج ہم بوتگ کہ آ بلاہ بلائیں State آئی واہند بوتگ انت بلے مروچی آیانی نام ءَ کس نہ زانت یا ایوکا میوزیم ءِ باہوٹ انت یا تاریخ ءِ تاکانی سراپشت کپتگ انت۔ گشگ ءِ مراد ایش انت کہ ہر راجے چہ مزاحمت ءِ جوزہ ءُ باہندءَ زبہر بہ بیت گڑا زوراکیں طاقت ءُ وہد ءِ تاڑ ءُ تیلانک آئی ءَ رازندگ بوہگ ءَ نیل انت۔

ہر وہدے کہ ما مزاحمت ءِ بابت ءَ باوست کنیں گڑا آئی ءِ تاریخی پڑدرءَ ہم دیمادرءَ کنیں ءُ بہ ٹپاسیں، دومی وہدے بلوچ مزاحمت ءِ گپ کہ بیت ہم مارا بلوچ ءِ تاریخ چارگ ءُ چکاسگ لوٹیت پرچا کہ چہ تاریخ ءِ کمک ءَ ما بلوچ ءِ مزاحمتی جُہد ءِ دروشم ءَ زانت کنین۔ بلوچ مات چہ کسانی ءَ وتی چک ءَ را بہادری ءِ سکین ءَ دنت پرچا کہ بلوچ کوڈ (Code) ءِ تہا بلوچ آ نہ انت کہ ایوکا بلوچ ءِ زہگ بہ بیت یا بلوچی نامے پرے بہ بیت بلکیں بلوچی روایاتانی

زندگ داروک ءُ پہازوک ہم بہ بیت چش کہ بلوچ مات وتی چک ءَ رالولی دیان ءَ گشیت :

ولی ءَ دیان نچ ءَ را

علم دیں پلکدیں ورنا بیت

بندیت ہر ششیں ہتھیاراں

ڈھال ءُ تو پک ءَ کاناراں

زریت جو بواں مورتیناں

زریت مُر کباں تُرندیناں

جوریں دُشمناں پرام ایت

بدواہاں شکون دیم کنت

تیراں جابہانیاں جنت

علم دیں پلکدیں ورنا بیت

بندیت ہر ششیں ہتھیاراں

(مئے) جنگ انت گوں بداں جوریناں

گوں ڈیہہ ءِ ظالم ءُ بدواہاں

آخر سوب منی نچ ءِ بیت

جوریں دشمناں پرام ایت

بدواہاں شکون دیم کنت

کاریت گوہراں گرانیناں

گوں لکھءَ، ءُ ہزاری پوجاں

لولیاں دیان بچ ءَرا

لولی لکھ مُرادیں لال ءَ

یا میر قمبر ءِ مات ءِ پہ وتی چک ءَ اے رنگیں لولی:

میر قمبر ءُ سبزیں سگار

زحم ءَ جن ءُ نام ءَ در آر

قبر پیرک ءِ انبوہ بیت

تئی مرک ءِ مناں حال رسیت

ڈھل ءُ دمامہ ساز کناں

نوکیں سرءُ گواپے کناں

تئی پس ءَ دوبر آروس کناں

تئی مٹ ءَ دوبر پیدا کناں!

مروچگیں دورءِ نوکتریں مزاحمت کہ آ Guerrellawarfare گشگ بیت آئی ءَ سرپد بوت کنیں، چش کہ بالاچ گورگیج ءِ مزاحمت ءُ مروچگیں دورءِ بلوچ جنگ۔ بلے کڑی ہما انت کہ چہ کرناں پیداک انت۔ کہ پہ وتی زبان، زمین، راجی پچار ءُ ننگ ءُ ناموس ءِ رکھینگ ءُ غلامی ءَ رانہ منگ ءَ زورا کانی ہلاپ ءَ جُہد ءِ وش رواجیں بانورءَ را گورامباز کنگ

اے درست بلوچ کلچر، نفسیات ءُ تاریخ ءِ یک بہرے انت ۔ وہدیکہ مزاحمت بلوچ کلچر ءِ یک بہرایت آ چون ءُ چلوروت ءَ راچہ لکھی ایں کلچر ءَ گستا کت کنت ۔ چون وتی پت ءُ پیروکی میراث ءَ چہ دست ءَ چست کت کنت ؟ ءُ پہ ھلوھالو ءَ رندانی دیار ءَ بخشائیت ۔ یقیناً مرو چیگیں دور ءِ بلوچ کہ آ دنیا ءِ زوراکیں راج، وتی ہمساہگیں ملکانی مول ءُ مراد ءَ وتی راجی نپ ءُ پائدگاں کہ جوانی ءِ سراسر پدانت ۔ آ ئی ءَ علم دربرتگ ۔ انفارمیشن ٹیکنالوجی ءِ رنگی ایں دنیا ءَ ہم شنگ ءُ سر بوتگ ۔ نوں ہے غلامی ءِ درد ءَ راہم مارگ ءَ انت اے درد آ ئی ءِ جبین ءَ ایر کپتگ نوں آ ئی ءِ غلام دارگ آسان نہ انت ۔

فرنگی ءِ ہلاپ ءَ یک دراجیں سلاہ بندیں جُہدے ءَ چہ پد دومی جہانی جنگ ءِ آسر ءَ بلوچستان ءِ تہا بلوچ سیاسی سروک چشکہ یوسف عزیز مگسی، میر عبدالعزیز کرد ءُ ایدگراں ہم سیاسی جُہدانی بن ہشت ایر کت ۔ پرچا کہ اے دور ءَ تیوگیں دنیا ءِ تہا سیاسی جُہدانی گوات کشگ ءَ ات ۔ ہندوستان ءِ تہا گاندھی ءِ سروکی ءَ یک جُنزے بنا بوتگ ات ءُ ایشی ءِ سیاسی اثر ات آہانی سرا کپت انت ءُ اے ہے سیاسی جُہد انت کہ داں مروچی ءَ ہم برجاہ انت بلے مروچی آ گیشتر پختہ بوتگ ۔ ہے پختہ ایں سیاسی جُہد ءِ ہمرائی ءَ سلاہ بندیں جُہد ہم بوتگ ءُ انگت ءَ بوھگ ءَ انت ۔ انچو کہ عالیہ امیر علی ءَ نبشتہ کتگ ءُ آ ئی ءِ اے دانک سد در سد راست انت کہ آسوب مندی مروچیگیں دور ءَ بلوچاں سلاہ بندیں جُہد ءِ ذریعہ ءَ کپتگ آ ایشی ءَ سیاسی جُہد ءِ ذریعہ ءَ دگہ 200 سال ءَ ہم گپت نہ کن انت ۔ بلے ایشی ءِ سبب چے انت کہ ادا سیاسی جُہد ءَ، ءُ گیشتر سلاہ بندیں جُہد سوب مند بوت کنت ؟

# چیر جنگیءَ لس مهلوک ءِ کرد

**بانک کریمہ بلوچ**

راجانی ہچّاروتی زمین ءُ جتائیں راجی بستار بنت، راج تمر دبنت یا نزور، وھدے راجانی سرا دری لشکر ارش بکنت، تمر دیں راج قبضہ بکنت نزوریں راج وتی رکینگ ءَ و پہازگ ءِ ہاترا وتی وتی بستار ءُ وتی وس ءُ واک ءِ ھساب ءَ الم وتی جہد ءَ کنت۔ پدریچانی پدریچ ہمے راہ ءَ گوزنت تاں روچے یک پدریچے وتی راجی جہد ءَ آسرا رسینیت ءُ وتی ہر چیز، وتی زبان، وتی زمین، دود ءُ ربیدگ ءُ ریاتاں رکینیت۔ جنگ ءُ جدل لونگی چیز نہ انت بلے وتی ہستی ءَ کہ انسان چہ وتی دست ءَ روگ ءَ گندیت گڈا جنگ الم پہ آئی ءَ چشیں چیزے نہ بیت کہ آچہ جنگ ءَ بہ تچیت یا چماں بند بکنت ءُ مرگ ءِ ودار ءَ بکنت یا وتی ہستی ءِ گار بیگ ءِ ودارا بکنت۔ شر پداریں ءُ زندگیں راج الم مرگ ءِ چمانی تہا چاریت ءُ آئی ءُ وش اتک کنت۔

دگنیا مدام دو ٹکانی تہا بہر بوتگ، یکے تمر دومی نزور، تمر دیں راج کہ نزوریں راجانی ڈگارانی سرا پہ مال ءُ مڈیانی ہاترا ارش کنت گڈا آہانی کرّا ہر وڈیں نوکیں عہد ءِ سلاہ ءُ جنگی ازباب ساڑی بنت، جنگی گراباں بگر داں لکھانی ھساب ءَ لشکر۔۔۔ بلے نزور ءُ لگتمالیں راجانی کرّا اے دراہیں نوکیں سلاہ ءُ لکھانی ھساب ءَ لشکر ءِ دیم ءِ دارگ ءِ ہاترا جنگ ءِ یک وڈے (Techniqe) اے بیت کہ آ چیر جنگی (گوریلہ جنگ) گشگ بیت ءُ چیر جنگی (گوریلہ جنگ) ءِ میڑ ءَ بازیں نزوریں راجاں مزنیں طاقت پروش داتگاں۔ اے گپ ءِ

گواہی ءَ دگنیاءِ راجد پتر دیگا انت۔ چوکہ الجزائر، ویت نام، کیوباءِ دگہ بازیں ملکاں او راجاں چیر جنگی (گوریلہ جنگ) ءِ سوب ءَ آجوئی کٹگ وہدے کہ ویت نام ءِ کیوباءِ امریکہ ءِ وڈیں تمردیں استانی ءِ دیم ءَ وتی آجوئی ءِ جنگ داشتگ گڈا اے گپ پدر انت کہ چیر جنگی (گوریلہ جنگ) ءِ رہبند (Techniqe) ءَ ہچ وڈیں طاقت پروش دات نہ کت۔ گشنت کہ

بلوچ قوم اور قابض پنجابی فورسز سے باقاعدہ جنگ کا پانچواں دور جولائی 2004 میں مکران سے بلوچ حریت پسند مجاہدین (سرمچاروں) نے از خود شروع کی مقبوضہ ریاست بلوچستان میں بلوچ حریت پسند عوام، سیاسی کارکنوں اور سرکاری و نجی شعبوں کے ملازمین کو قابض فورسز اغواء یا گرفتار کرنے اور بلوچ نسل کش عسکری بھیانک کاروائیاں اور آپریشن جاری ہیں بلوچستان کے چپے چپے پر ریگولر آرمی کے لئے فوجی چھاؤنیاں اور نیم فوجی فورس ''ایف سی'' کے لیے کیمپس بنائے جارہے ہیں ایف سی کی نفری بڑھا کر امریکہ اور نیٹو فورسز سے جنگی ٹریننگ دی گئی ہے القاعدہ کے خلاف عسکری آپریشن کے نام پر جدید ترین جنگی آلات اور زہریلی گیس، اندھیری رات میں دور دور سے دیکھنے والی دوربین دیئے گئے ہیں مگر یہ تمام جنگی وسائل بلوچ آزادی کی جنگ کو کچلنے کے لئے استعمال کی جارہی ہیں لیکن اس کے باوجود بلوچ قوم کی آزادی کی جنگ و تحریک مکران کوہلو، اور ڈیرہ بگٹی سے نکل کر بلوچستان کے تمام علاقوں سے لیکر کراچی تک پھیل چکی ہے کراچی میں ایم این اے یعقوب بزنجو پر پارسل بم حملہ اسکی واضح مثال ہے بلوچستان کی آزادی کی تحریک عالمی گرگٹ کی طرح بدلتی ہوئی صورتحال کے پیش نظر کامیاب اور منظم طریقے سے جاری اور پھیل چکا ہے مگر اس دوران ہائی کمانڈر بالاچ مری بلوچ اور کمانڈر ڈاکٹر خالد بلوچ کی شہادت اور کامریڈ واحد کمبر بلوچ کی گرفتاری عظیم سے عظیم تر قومی سانحات ہیں بالاچ بلوچ اور خالد بلوچ کیسے گھیرے میں آکر شہید ہوئے اور کامریڈ واحد بلوچ کیسے گرفتار ہوئے ان کمزوریوں و غلطیوں پر سنجیدگی سے نظر ثانی کر کے ایسی کوتاہیوں پر قابو پانا ہوگا بلوچ قوم و بلوچ تحریک ایسی کمزوریوں کا متحمل نہیں ہوسکتی۔

بحر کیف بلوچ قومی تحریکِ آزادی کی جدو جہد کے دونوں محاذ مسلح مزاحمت اور سیاسی مزاحمت پر تقابلی اور طاہرانہ نظر دوڑائی جائے تو سارا ملبہ مسلح تنظیموں پر پڑا محسوس ہوتا ہے بلوچ حریت پسند سیاسی قوتیں سرمچاروں کی ترجمانی کے سوا کوئی قابل رشک انقلابی کردار کرنے میں تا حال ناکام نظر آرہی ہیں البتہ آزادی کے سفر میں حریت پسند سیاسی رہنماء، کارکن اور عام عوام پابند سلاسل، ٹارچر سیل، تشدد، قتل گاہوں میں اذیت، گرمی، سردی، بھوک دپیاس سمیت تمام تکلیف دہ مشکلات سہہ رہے ہیں لیکن آزادی کے راستے پر جو بڑے بڑے براھوی بلوچ تضاد اور نسلی تنازعات نما پتھر پڑے ہیں انہیں اٹھانا تو درکنار اٹھانے کی تھوڑی سی کوشش وحرکت بھی نہیں ہورہی ہے دنیا کے دیگر اقوام کی طرح بلوچ قوم بھی مختلف نسل کا مجموعہ ہے، بلوچستان میں جاری جنگ سے بلوچ نسلوں کو اپنی بقاء کی فکر نے انہیں تحریک آزادی سے لاتعلق کردیا ہے، براھوی قبائل اور بعض دیگر بلوچ نسلیں آزادی کے بعد اپنی مستقبل کے لئے شدید قسم کی تشویش اور گومگوں کی کیفیت سے دوچار ہیں جبکہ براھوی علاقوں میں تعلیم اور سیاسی شعور کے شدید کمی کے باعث دشمن سرکار اور انکے کاسہ لیسوں کا اس پروپیگنڈہ نے اثر دکھانا شروع کردیا ہے کہ بلوچ اور براھوی ایک قوم نہیں ہیں براھوی نسلوں کو بلوچستان کی آزادی کے بعد بلوچستان بدر کردیا جائے گا۔ براھوی علاقوں میں یہ صدا محو گردش میں ہے اور ہوٹلوں، دکانوں، اسکول وکالجز اور یونیورسٹی میں مرد وخواتین میں چہ مئے گوئیاں ہورہی ہیں کہ واقعی وہ (براھوی) بلوچ ہیں اور بلوچ قوم کی نسل ہیں۔

پہلی بات یہ ہے کہ اگر نسلی زبان کو جواز بنا کر کوئی نسل خود کو ایک قوم قرار دے تو قوموں کے

مسائل وپیچیدہ ہو نگے دنیا کا نظام درہم برہم ہو کر رہ جائیگا قومی ریاستیں نسلی جنگ سے تقسیم در تقسیم کا شکار ہونگی درحقیقت تاریخی پس منظر کی بنیاد پر براھوی بلوچ قوم کے قبائل ونسلیں ہیں ۔بعض مورخین بلوچ کو شامی النسل سمجھتے ہیں مگر بلوچ مورخین بلوچ کو اریاءنسل قرار دے چکے ہیں تاریخی لحاظ سے بھی براھوی ارین نسل ہے جسکی رسم ورواج ،دودربیدگ تاریخی حوالے سے بلوچ نسلوں سے یکساں ہیں۔

اگر ہم براھوی نسلوں کو بلوچ تسلیم نہیں کریں گے تو بلوچ قوم اور بلوچ قومی تاریخ ادھوری رہ جائے گی کیونکہ بلوچ قومی ہیروز اور رہنماؤں خان محراب خان ،احمد یار خان ،نوری نصیر خان ،بابو نوروز خان ،آغا عبدالکریم ،مزاحمتی قومی شاعر میر گل خان نصیر ،شہید مجید جان ،شہید اسد مینگل سمیت معلوم نا معلوم براھوی شہداء جنہوں نے بلوچستان وبلوچ قوم کی آزادی کیلئے فدا ہو گئے ،قربانیاں دی ہیں ان کو کیسے بلوچ تاریخ سے الگ کیا جاسکتا ہے؟ اگر براھوی بلوچ نسل نہ ہوتی اور براھویوں کو بلوچ وبلوچی سے کوئی تعلق نہ ہوتا تو قلات میں بلوچستان کے پارلیمنٹ اور قلات کے ریاستی پرچم پر کیسے بلوچی الفاظ لکھے جاتے۔

براھوی بلوچ عوام اگر نسلی زبان کی وجہ سے سرکاری پروپیگنڈوں کو درست مانتی ہیں تو کیا مری ،بگٹی ،رخشانی ،سلیمانی بھی بلوچ نہیں ہیں؟ مکرانی بلوچ اور مری ،سلیمانی بلوچی میں بھی کافی فرق ہے جبکہ ایران وافغانستان کے زیر اہتمام مقبوضہ بلوچستان کے بلوچ نسلوں کی زبان ولہجہ تو مکمل تبدیل ہو چکی ہیں اسی طرح مکران کے بلوچ نسلوں کے لہجوں میں بھی فرق ہے نسلوں کے زبان ،لہجہ اور رسم الخط میں فرق کی وجہ ”قومی غلامی“ ہے جب ہم آزاد ہو



CamScanner

نگے تو بلوچی و براہوی الفاظوں پر مشتمل قومی زبان کی رسم الخط مرتب کیا جائے گا پھر اسی رسم الخط کی بنیاد پر بلوچستان میں بلوچی تعلیمی نصاب رائج ہوگا تعلیمی نصاب دھیرے دھیرے رسم الخط ،لہجہ اور زبان کا مسئلہ خود ہی مٹا دیگا بلوچستان کے موجودہ تعلیمی نظام و نصاب نو آبادیاتی ،دقیانوسی اور لارڈ میکالے کا نظام ہے نوآبادیاتی نظام غلام قوم کی سوچنے وفکر کرنے کی صلاحیت کو مفلوج بنا کر صلاحیت وقابلیت کو دبا دیتی ہے۔

جہاں تک بعض براہوئی علاقوں میں اس خدشے کا سر اٹھانا کہ بلوچستان کی آزادی کے بعد مکران کے بلوچوں کا راج ہوگا مکرانی ،براھوی قبائل کو بلوچستان سے نکال دیں گے اس پروپیگنڈہ میں کوئی وزن نہیں ہے اس منفی اور زہریلی پروپیگنڈے کو سمجھنے کے لئے سیاسی وقومی شعور کی ضرورت ہے براھوی بلوچ بھائیوں اور بہنوں کو فرانز فین کی کتاب مظلوموں کی تعلیم سمیت قومی انقلابات پر مبنی کتب غور اور باریک بینی سے پڑھنا چاہئے ان کی نہ صرف الجھن سلجھ جائیں گی بلکہ دشمن کی نت نئے چال و پروپیگنڈہ کو آسانی سے سمجھ پائیں گے۔

بلوچستان کی اتنی وسیع وعریض سرزمین پر بلوچوں کی آبادی ویسے بھی کم ہے مکران ایک وسیع علاقہ ہے رقبے کی تناسب سے یہاں کی آبادی بہت کم ہے پھر آزادی کے بعد مکران کے بلوچوں کو قلات آکر رہائش کرنے کی کیا ضرورت ہوگی۔اگر کوئی بلوچ نسل بلوچستان کے مالک ہونے کا دعویٰ کرے گی تو یہ ناممکن ہے بلکہ جدید دور میں ایسی کسی دعویٰ کو کوئی اہمیت ہی نہیں دیا جائیگا۔ہاں البتہ لاسی اور جدگال بلوچ نسلیں بلوچستان کے مالک ہونے کا دعویدار ہیں مگر لاسی جدگال سمیت مکران کے کسی بھی نسل نے ایسی احمقانہ دعویٰ نہیں



CamScanner

کیا ہے کہ بلوچ، براھوی نسلوں کو بلوچستان بدر کر دیں گے۔

بلوچستان میں ایک بار پھر براھوی و بلوچ تضاد کو ابھرنے والی دشمن قوتیں بلوچ قوم کی تحریکِ آزادی کی کامیاب و منظم رفتار کی وجہ سے بوکھلا گئی ہیں آج کی شعور اور میڈیا کے دور میں ایسی خود ساختہ داستانیں بلوچوں کے دلوں میں جگہ نہ کر سکیں گے کیونکہ سیاسی مزاحمتی محاذ اور مسلح مزاحمتی محاذ پر براھوی سمیت بلوچ قوم کی تمام نسلیں بحیثیت سپاہی و بحیثیت کمانڈر جہد کار ہیں دشمن قوتیں آنکھ کھول لے بلوچ شہداء اور بلوچ قیادت پر نظر دوڑائے۔ گزشتہ مہینوں بی ایل اے کے ایک کمانڈر کی جانب سے براھوی زبان میں بلوچ قوم سے ویڈیو خطاب اس پروپیگنڈے کو منفی ثابت کرنے کے لئے کافی ہے۔ اس تفریق کو مٹانے کیلئے بی ایس او آزاد نے اپنی آئین براھوی و بلوچی میں کی ہے اور سہ ماہی رسالہ ''سگار'' میں بلوچی اور براھوی مواد بھی شائع کئے جا رہے ہیں، بی این ایم اور بی آر پی بھی اپنے رسالوں کو بلوچی و براھوی میں ترتیب دے رہے ہیں، روزنامہ توار بھی ہفتہ وار براھوی صفحہ نکال رہا ہے اسلئے بلوچ قوم دشمن یہ ریاستی زہریلی پروپیگنڈہ کہ براھوی بلوچ نہیں غیر موثر ہو چکا ہے تعلیم یافتہ بلوچ نسلیں ایسی پروپیگنڈہ کرنے والوں کی منفی عزائم اور بلوچ قوم دشمنی سے اچھی طرح آگاہ ہو چکے ہیں کہ ان محلاتی سازشوں و حربوں کا مقصد بلوچ قوم کی صفوں میں شگاف ڈال کر بلوچ قوم کو مزید غلام رکھنا ہے۔

براھوی نسلوں کی طرح مکران و دیگر علاقوں کے رہائش پزیر بلوچ نسلوں کو بھی آزادی کے بعد اپنی بقاء کی فکر لاحق ہو چکی ہے یہ فکر مند بلوچ نسلیں وہ ہیں جنہیں عام طور

پر اعلیٰ نسلیں ادنیٰ نسلیں کہتے ہیں معاشرے میں انہیں عقارت انگیز نظر سے دیکھا اور سوچ سے یاد کیا جاتا ہے سماج میں انہیں معاندانہ رویوں ،نفرت وتعصب کا سامنا رہتا ہے بلوچ قوم کی ان نسلوں کو خدشہ ہے کہ وہ سمندر میں کیسے غوطہ لگا سکتے ہیں کہ انہیں ''غلام بلوچستان'' میں معاندانہ رویہ ،نفرت اور غلیظ قسم کی تعصب کا سامنا ہے تو کیا'' آزاد بلوچستان'' میں اعلیٰ نسلیں جب حاکم وحکمران ہونگے تو انہیں سماجی حیثیت اور برابری کی حقوق مل پائیں گے ؟بقاء کی عدم تحفظ کے خوف نے مکران کے کچھ نسلوں کو خوفزدہ کر دیا ہے کہ ان میں بعض افراد سمجھتے ہیں کہ ان کی نسل کی مستقبل تاریک ہے اس لئے شنید میں میں آیا ہے کہ گچکی قبیلہ خود کو منظّم کررہے ہیں اور باقاعدہ اسلحہ اکھٹا کررہے ہیں اسی طرح درزادہ قبیلہ کے معتبرین نشستیں منعقد کرکے اپنے قبیلہ کو منظّم کررہے ہیں درزادہ قبیلہ کی تنظیم ''انجمن اتحاد غریبان'' کو ''انجمن درزادہ اتحاد'' کا نام دے کر منظّم ومتحرک کرنے کی باتیں ہورہی ہیں۔

دراصل نسلی تعصب اور نسلی چپقلش ونفرت کی ہوائیں 1988 کے بعد ہر عام انتخاباب میں زور پکڑتی گئیں اور نسلوں میں دوریاں پیدا ہوگئیں۔حتیٰ کہ آج تک مزدور، ملازمین ،انجمنوں اور یونینز میں بھی نسلی تعصب ونفرت اس حد تک سرایت کرگئی ہے کہ اگر کسی یونین کا مقامی سربراہ کم ذات ہوتو خود کو اعلیٰ انسان اور بہترین مخلوق سمجھنے والے اس کے کابینہ میں شامل نہیں ہوتے ان کی صدارت کے اجلاسوں اور جلسوں میں شریک نہیں ہوتے الغرض ووٹ والیکشن نے قوم پرستی کی جگہ نسل پرستی اور خاندان وکنبہ پرستی کے نقوش گہرے کردیئے ہیں مکران میں نسلی تعصب کو ہوادے کر سابق بی این ایم نے 88 سے لے کر 2002 تک کے عام انتخابات وبلدیاتی انتخابات میں قوم کو نسلوں کے نام پر خاندانوں کو

پارٹیوں کے نام پر منقسم کر کے دوریاں پیدا کیں حتیٰ کہ بھائی بھائی اقتدار، پارٹی اور مراعات کی وجہ سے آپس میں لڑ پڑے، ناراض ہو گئے، گھریں تقسیم ہو گئے۔ اہلخانوں کی سکون و چین غارت ہو گئے۔ چونکہ نسلی تنازعات کی بنیادی عنصر معاشرتی رویے ہیں، برابری کی حقوق پامال ہوں، نفرت وحقارت سے پُر معاشروں میں نسل اپنی بقاء اور حق برابری کیلئے فکرمند ہوتی ہیں، نسل کی بنیادیں موروثی ہیں جبکہ قوم کسی ایک ہی قبیلے یا ایک ہی نسل کو نہیں کہتے بلکہ نسلوں کی باہمی رشتے، تعلقات، ثقافت زبان، ریاست اور باہمی روایات سے قوم وجود میں آتے ہیں نسلوں پر مشتمل قوم تب ہی دائمی طور پر مضبوط نا قابل تقسیم اور نا قابل زوال ہو سکتی ہیں جب قوم کی نسلیں باہمی خوشگوار تعلقات ورشتوں میں منسلک ہو کر معاشرے میں برابری اور باہمی احترام سے رہ رہی ہوں۔

بحرحال تاریخ کے اوراق، نسلوں معاوانہ ریوں کی وجہ سے بلوچ سماج کی تقسیم، زمینی حقائق تلخ وسخت ہیں پھر بھی اب بھی وقت ہے کہ بلوچ قوم کے نسلوں کو دشمن کے ہاتھوں استعمال ہونے سے بچانے کے لئے تمام نسلوں کو بلوچ قومی دائرے میں لانے کے لئے حکمت عملی و پالیسی واضح کرنے اور آزاد بلوچستان کی حکومتی نظام و پالیسی واضع کرنے کی ضرورت ہے کہ قبائلی نظام، براہوی سمیت بلوچ نسلوں کی آزادی کے بعد کیا پوزیشن واہمیت ہوگی انکے برابری کی حقوق ومعاشرتی حیثیت کیسے یکساں ممکن ہو سکے گی۔

براھوی بلوچ سمیت نسلی تعصب کی آگ کو بجھانے کے۔لئے موثر حکمت عملی و شعوری مہم شروع نہ کی گئی تو آگے چل کر نسلی تعصب نسلی تصادم میں بدل کر قومیں بکھر جائیں گی

نلی برابری کی تحریک چلیں گے جو بالآخر اقوام کی نسل بھی ''نسلی خودمختاری'' کا مطالبہ کریں
گے جس سے دنیا میں نسلی جنگیں چھڑ کر امن وامان اور سکون غارت ہو جائے گی، نسلی تنازعات
کو نظر انداز کرنا سنگین غلطی ہے نسل پرستی کی بڑھتی ہوئی رجحان کی حوصلہ افزائی قوم کی ترقی
اور یکجہتی کے سامنے رُکاوٹ بن سکتی ہے BSO کی آئین نسل پرستی کی مذمت کرتا ہے مگر
آئین میں موجود شق کاغذ تک محدود ہونے کے بجائے عمل کے متقاضی ہے قوم کو متحد و یکجا کر
نے کے لئے آپسی چپقلش، انتشار، ادنیٰ واعلیٰ، اُونچ نیچ جیسے نسلی تعصبات پر مبنی پروان چھڑتی
ہوئی سوچ کو روکنا چاہیے دشمن ہمیشہ تاک میں بیٹھ کر کمزوریوں اور معمولی اختلافات و
تنازعات کو ہوا دے کر حملہ آور ہو کر اتحاد کی صفوں میں پھوٹ ڈالتی ہے اس حوالے سے
بلوچستان کے ممتاز دانشور ڈاکٹر نصیر دشتی اپنے مضمون میں لکھتے ہیں کہ 'سوشیالوجسٹ کے
نزدیک نسلی قومیت کا نظریہ خود کو عظیم گردانے اور دوسروں کو کم تر سمجھنے کی بنیاد پر قائم ہوتا ہے
اور بحرانوں کے دور میں یہ قربانی کے بکرے کے طور پر کام آتا ہے''۔

اسی بنیاد پر پاکستانی ایجنسیاں بلوچستان میں نسلی وقبائلی کشیدگی و تنازعات کو ہوا دینے
کے لئے بڑی تگ و دو میں ہیں چاغی میں سرکاری عوامی لشکر ــــــــ، لاسی قومی
اتحاد، ڈیرہ بگٹی میں حکومتی قبائلی لشکر کی تشکیل اسی سلسلے کی کڑیاں ہیں مگر تشویش ناک بات و
افسوس ناک پہلو یہ ہے کہ ہم نے قومی تحریک کو نسلی تحریک اور حکومتی سازشی منصوبوں کو از خود
پایۂ تکمیل تک پہنچا رہے ہیں پاکستان روز اوّل سے دنیا کو یہ باور کرا رہا ہے کہ بلوچستان میں
آزادی کی کوئی تحریک نہیں مری نسل دہشت گردی کر رہا ہے اس حوالے سے انجمن اتحاد مری،

شاہوانی اتحاد، براھوی اتحاد، جمالدینی اتحاد، لاسی اتحاد کا قیام ان نسلی اتحادوں کی میڈیا میں بار بار تشہیر سمجھ سے بالاتر ہے اگر لاشعوری کا یہ عمل جاری رہے گا تو بلوچستان کے تمام بلوچ نسلیں اپنی بقاء کے لئے نسلی اتحاد قائم کریں گے اس لئے ان اتحادوں کو جتنی جلد ممکن ہو سکے پارٹیوں میں ضم کرنا ناگزیر ہے۔

تحریکِ آزادی کے سرخیلوں سردار خیر بخش، نواب براہمدغ، میر حیر بیار کو اپنے نام کے ساتھ مری، بگٹی لکھنے کے بجائے بلوچ لکھنا چاہئے کیونکہ قائد بلوچ تحریک خیر بخش صرف مریوں کا نہیں بلوچوں کا قومی ہیرو اور رہبر بھی ہیں اسی طرح براہمدغ بگٹی قبیلے کا نہیں بلکہ بلوچ قوم کا راہنما اور رہبر ہیں۔ عالمی سطح پر دو رائے پائے جاتے ہیں ایک یہ کہ بلوچستان کی مزاحمتی جدوجہد مریوں کا ہے دوسری یہ ہے کہ یہاں قبائلی، نسلی مسائل کیساتھ براھوی و بلوچ الگ الگ قوم ہیں اِن کی سرحدی حد بندیاں کیسے ممکن ہیں۔ البتہ مسلح مزاحمتی قیادت کی جانب سے کبھی بھی ایسی تاثر نہیں دی گئی ہے کہ یہ نسلی یا قبائلی تحریک ہے بی ایل اے، بی ایل ایف، بی آر اے اور بی یو ایل ایف کے کمانڈرز اور میڈیا ترجمان خود کو ''بلوچ'' کی حیثیت سے شناخت کراتے آرہے ہیں کبھی بھی قبائلی اور نسلی شناخت ظاہر نہیں کی گئی ہے یہ تحریک کے لئے بڑی حوصلہ افزاء اور ریاستی پروپیگنڈوں کی از خود نفی ہے صرف سیاسی محاذ پر پیچیدگیاں اور رکاوٹوں کو دور کرنے کی ضرورت ہے۔

لبرل بلوچ قوم و لبرل بلوچ سماج و تحریک کو مذہبی جنونیت و انتہا پسندی کا رنگ میں ڈالنے کی سازشوں میں ناکامی کے بعد نسلی و قبائلی تنازعات اور براھوئی، بلوچ تضاد کے

نام جھد آجوئی کو کمزور کرنے کی محلاتی سازششیں جاری ہیں یقیناً براہوئی، بلوچ تضاد اور سر داری نظام جھد آجوئی کو نگل سکتی ہیں مگر بلوچستان میں شاؤنزم قوم پرستی کے باعث یہ پرد پیگنڈہ تعلیم یافتہ بلوچ سماج میں غیر موثر ہو چکے ہیں مگر ہم سمجھتے ہیں کہ یہ سب قومی انتشار ،تنازعات ،تعصبات اور مسائل قومی غلامی کے اثرات ہیں لیڈر شپ اپنی ذمہ داریوں کا احساس کرتے ہوئے وقتاً فوقتاً مضامین کے ذریعے بلوچ عوام کی ان تحفظات اور خدشات کو دور کریں جس طرح مسولینی کو دشمن سے مقابلہ کرنے کے ساتھ ساتھ ہم وطنوں کی کم حوصلگی کے ساتھ بھی لڑائی کرنا پڑتا تھا وہ اخبار میں مضامین لکھ کر اپنی نقطہ نظر، جنگ بابت اور دشمن کی پروپیگنڈوں کے جواب میں مضامین لکھ کر اپنی قوم کی غلط فہمیاں وخدشات دور کرتے تھے مگر بلوچستان میں بلوچ قیادت کی کوئی مضمون پڑھنے کو نہیں ملتی تاکہ خود ساختہ اصطلاعات، ابہام ،الجھنیں ،تحفظات و خدشات اور ریاستی پروپیگنڈے دم توڑ سکیں۔ انڈونیشاء، تیمور، یورپ کے بعض ریاستوں کی آزادی کے وقت نسلی تنازعات پھوٹ پڑے تھے وہاں کی متفقہ قیادت نے پالیسیاں واضح کر کے اُسی وقت خدشات کا خاتمہ کر دیا تھا بعد ازاں نسلوں نے آزادی کی تحریک میں اپنا بھرپور حصہ ڈالا تھا۔

بلوچ قومی آزادی کی تحریک کو قبائلی اور نسلی تحریک کا دیا گیا رنگ زائل کرنے کے لئے BNM کے شہید قائد واجہ غلام محمد بلوچ کو بیرون بلوچستان بھیج کر بین القوامی فورمز میں بلوچ قومی تحریک اور بلوچ قوم کا سیاسی نمائندہ بنانے کا فیصلہ ہوا تھا انہیں اقوام متحدہ بلوچستان کے اہلکار جان سولیکی سمیت بلوچستان کی آزادی کے اُمور پر اقوام متحدہ سے

ڈائیلاگ کا اختیار دیا گیا تھا کیونکہ غلام محمد شہید رند ہونے کے باوجود اندرون و بیرون ملک ان کی پہچان ''بلوچ'' تھی وہ قبائلی سردار تھا نہ ہی سرداری نظام کا حامی اور نہ ہی قبائلی علاقے سے تعلق رکھتا تھا وہ جاگیردار تھا نہ ہی امیر وہ انتہائی قابل لیڈر اور تمام اوصاف ان میں پائے جاتے تھے انکی باتیں وموقف اصطلاعات ومشکل الفاظوں اور ابہام پر مبنی نہیں تھے بلکہ مزدور سے لیکر چرواہا اور کسان تک سب ہی بلوچ انکی آزادی کی مشن کو سمجھتے تھے لیکن عین ایسے وقت پر غلام محمد کو شہید کر دیا گیا کہ ان کو اقوام متحدہ سے رابطوں وفیصلوں کا اختیار دیا گیا تھا یہ بلوچ قوم کے لئے لمحہ فکر یہ اور تشویشناک بات ہے کہ ان اعلیٰ سطحی فیصلوں میں کون شامل تھا کہ ریاستی اداروں کو بروے وقت پتہ چلا؟۔ بلوچ فرنٹ کی کوتائیوں پر مناسب وقت پر بحث کریں گے کیونکہ ہم سمجھتے ہیں کہ فرنٹ میں اصلاحات ناگزیر ہیں۔

بحر حال نسلی تنازعات اور براہوی بلوچ تضاد جیسے مسائل کافی بحث اور تحقیق طلب ہیں ان مسائل کا واحد حل غلامی سے نجات ہے کیونکہ جب قوم نہیں رہے گی تو قومی بقاء وتشخص کیسے رہے گی جب قومی بقاء کا تحفظ نہیں کر پائیں گے تو نسل و نسلی بقاء کا تصور خام خیالی کے سوا کچھ بھی نہیں اس لئے براہوی سمیت تمام بلوچ نسلوں کو ایک قوم بن کر نئی نسل کی روشن وتابناک مستقبل کیلئے انہیں آزاد ریاست دینا ہوگا۔ نسلیت وانفرادیت اور قبائلیت کی خول سے نکل کر قومیت واجتماعیت کے دائرے میں داخل ہونا قومی ضرورت ہے ذات، ذاتی انا، ذاتی گروہ، خاندانی وقبائلی مفادات، گروہی مفادات، کینہ وخاندان پرستی، قبائلی حیثیت ومفادات کو بلوچ قوم وبلوچستان پر قربان کردینا چاہئے ان چکروں میں پڑ کر دقیانوسی وجاہلیت کی سوچ کو دفن کرنا ہوگا تب جاکر ہم دشمن کی اینٹ سے اینٹ بجھا سکیں گے۔

بی ایس او (آزاد)

سگار

# سقراط کا ڈیل سے انکار اور آخری قرض کی یاد

## نذیر لغاری

وہ کسی مقبول یا غیر مقبول سیاسی جماعت کا سربراہ نہیں تھا اس نے نہ تو خودساختہ جلاوطنی اختیار کی اور نہ ہی اسے کسی حقیقی یا غیر حقیقی ڈیل کے ذریعے جلاوطن کیا گیا تھا۔جمہوریت اور جمہوری طرز حکومت کے لئے جدوجہد کرنا تو کجا وہ جمہور اور جمہوریت کے اجتماعی فیصلوں کی ہی مخالفت کرتا تھا۔کبھی کبھی ایسا لگتا کہ اس دور میں ریاست کا وجود تحلیل ہو رہا تھا اور ریاست کے امور میں تمام شہریوں کو یکساں طور پر آزادانہ شریک کیا جاتا تھا مگر سقراط نے ریاست اور ریاستی اداروں کے احیاء کے لئے مباحث چھیڑ رکھے تھے سقراط کے احتساب کے لئے کوئی الگ احتساب بیورو قائم نہیں کیا گیا اور نہ اس کے لئے الگ تعزیری قوانین وضع کئے گئے،اس پر کسی سیاسی یا اخلاقی جرم میں ملوث ہونے کا الزام عائد نہیں کیا گیا۔اس کے خلاف کسی ضابطہ فوجداری کی دفعات کے تحت مقدمہ درج نہیں کیا گیا اور اشرافیہ اور عوام کی جنگ کے نتیجے میں ایک انقلابی عمل کے ذریعے معدوم ہوتا ہوا ریاستی ڈھانچہ اس قدر چالاک ہو نہیں سکتا کہ اپنی کارروائیوں اور کارستانیوں کے قانونی اور اخلاقی جواز کے لئے تعزیراتی دفعات کی تاویلات تلاش کرے۔ایسا ریاستی ڈھانچہ اپنے

مزاج میں اس قدر مطلق العنان بھی نہیں ہوتا کہ تاریخ کی اتنی بڑی شخصیت کے خلاف مقدمے کو کھلی عدالت میں چلانے کا رسک نہ لے، سقراط کے خلاف مقدمے کی سماعت اس دور کے ایتھنز کی کسی اعلیٰ عدالت کی فل بنچ یا ڈویژن بنچ میں نہیں ہوئی بلکہ اس کے خلاف تین افراد میلیٹیس، اینی تیس اور لیکوں نے مقدمہ درج کرایا، اس پر دو الزامات عائد کئے گئے (1) وہ ان دیوتاؤں کو تسلیم نہیں کرتا جنہیں ایتھنز کے لوگ تسلیم کرتے ہیں بلکہ وہ نئے دیوتا پیش کرتا ہے (2) سقراط نوجوانوں کو گمراہ کرتا ہے، سقراط کے مقدمہ کی سماعت 500 افراد کی جیوری نے کی۔

سقراط فلسفی تھا، وہ اشیاء کے اسباب اور علتوں کے بارے میں عقلی مجاہدے پر زور دیتا ہے۔ وہ منطق، دلیل تشکیک اور مکالمہ کے ذریعے مباحث کو آگے بڑھاتا تھا وہ معاشرتی مسلمات پر سوالات اٹھاتا اور ان پر بحث کرتا تھا، وہ اشیاء کی مابعد الطبیعات پر شک کرتا تھا وہ ریاضی، جیومیٹری، ہیئت اور فلسفہ سے واقف تھا اور مقدمہ کی کارروائی کے دوران اس کے خلاف استغاثہ دائر کرنے والے میلیٹیس کا بنیادی اعتراض یہی تھا کہ سقراط چاند اور سورج کو دیوتا نہیں مانتا بلکہ وہ چاند کو زمین جیسا اور سورج کو دہکتے پتھروں کا مجموعہ کہتا ہے اس طرح سقراط نے چاند اور سورج میں اپنے شک کی بنیاد رکھ دی پھر دو ہزار ساڑھے تین سو سال بعد نیل آرمسٹرانگ نے چاند پر پہلا قدم رکھ کر سقراط کے فلسفیانہ استدلال میں حقیقت کا رنگ

بھر دیا تھا۔ فلسفہ سیاسی ایڈجسٹمنٹ پر یقین نہیں رکھتا۔ فلسفہ سمجھوتے بازی کے لئے ڈیل کی راہیں تلاش نہیں کرتا۔ فلسفے کو سیاسی اقتدار کی خواہش نہیں ہوتی۔ فلسفہ صدیوں تک سائنس کی راہوں میں بچھے منقولات کے کانٹے صاف کرتا ہے۔

فلسفہ ناتمام کائنات کی تکمیل کے لئے پہلے ''شاید'' کے شک سے سوال اٹھاتا ہے اور پھر دمادم صدائے کن فیکون کو حیات و ممات کے بنیادی اصول کی صورت میں پیش کر دیتا ہے فلسفہ اپنے ''شاید'' کے شک سے دستبردار نہیں ہوتا اس لئے وہ ڈیل نہیں کرتا، فلسفہ معقولات سے استدال حاصل کرتا ہے۔ اس لئے اس میں کسی ڈیل سے انکار کر دینے کا حوصلہ بھی موجود ہوتا ہے۔

سقراط کے شاگرد رشید افلاطون نے ''معافی نامہ'' کے عنوان سے اپنے استاد کی تقاریر اور اس کی اپنے مدعی سے جرح کو نقل کیا ہے۔ ان طویل تقریروں کے چند اقتباسات میں سقراط کہتا ہے۔

''اے ایتھنز والو! اپنے خلاف دعویٰ کرنے والوں کی باتوں میں سے ایک بات نے مجھے حیران کر دیا'' وہ کہتے ہیں کہ میں ایک جادو بیان خطیب ہوں'' تم مجھ سے خبردار رہنا کہیں ایسا نہ ہو کہ تم مجھ سے دھوکہ کھا جاؤ۔ یہ ایک شرمناک بات ہے۔ میں کوئی جادو بیان خطیب نہیں ہوں۔ اے ایتھنز والو! میں کوئی جادو بھری تقریر نہیں کروں گا تم مجھ سے وہی الفاظ سنو گے جو میری زبان سے فی البدیہ نکلیں گے'' کیونکہ ایک بات کا مجھے یقین ہے کہ میں

جو کچھ کہتا ہوں صحیح کہتا ہوں ۔ مجھ پر الزام لگایا گیا ہے کہ سقراط نامی کوئی شخص افلاک پر موجود ستاروں اور اجرام کے بارے میں غور کرتا ہے اور زمین کے اندر موجود اشیاء کے بارے میں تحقیق کرتا ہے اور بری باتوں کو اچھے انداز میں بنا کر پیش کرتا ہے، ایسا کہنے والے میرے خوفناک دشمن ہیں کیونکہ ان کے خیال میں اجرام فلکی پر غور کرنے اور زمین کے اندر موجود اشیاء کے بارے میں تحقیق کرنے والے لوگ دیوتاؤں کو نہیں مانتے مگر میں تو یہ خیال کرتا ہوں کہ اس شہر کیلئے مجھے خدا نے مقرر کیا ہے اس لئے میں ہر ایک کو ہر مقام پر ہر وقت جگانے ،نصیحت کرنے اور ملامت کرنے سے باز نہیں آتا۔تم دیکھ رہے ہو کہ میرے مدعی مجھ پر بڑی بے شرمی سے دوسرے تمام الزامات لگا رہے ہیں مگر مجھ پر یہ شرمناک الزام نہیں لگایا گیا کہ میں نے کسی سے نصیحت کرنے کی اجرت لی یا اجرت مانگی۔میں نے دانشوری کو دکان نہیں بنایا۔میں تنہائی میں تعلیم دیتا ہوں، مگر تمہارے شہر کے معاملات میں کھلے عام شریک ہونے کی جرات نہیں کرتا اور اگر میں سیاسی معاملات میں حصہ لینے کی کوشش کرتا تو بہت پہلے ہلاک کر دیا جاتا''۔

سقراط نے سیاسی معاملات میں حصہ نہیں لیا مگر پھر بھی اسے سزائے موت سنادی گئی: سزائے موت سننے کے بعد 500افراد کی جیوری سے اس نے اپنے آخری خطاب میں کہا کہ ''اے ایتھنز کے رہنے والو! میں تمہاری عزت کرتا ہوں لیکن میں تمہاری جگہ خدا کی اطاعت کروں گا اور جب تک میں فلسفہ کی تعلیم دینا ترک نہیں کروں گا مجھے دیوتاؤں پر

اس طرح یقین ہے جس طرح میرے خلاف مقدمہ دائر کرنے والوں کو یقین ہے۔ میں اس مقدمہ کا فیصلہ تمہارے اور خدا کے سپرد کرتا ہوں'' جیوری نے سقراط کو سزائے موت سنائی تو اس کے شاگردوں نے موت کی کوٹھڑی میں آکر کہا کہ استاد! آپ نے ڈیل نہیں کی مگر ڈھیل سے فائدہ اٹھانے کا راستہ موجود ہے۔ ہم نے ان تمام افسروں کی جیبوں کو بھر دیا ہے جو آپ کے فرار میں رکاوٹ ڈال سکتے ہیں۔ سقراط نے رہائی کی یہ صورت قبول نہیں کی اور کہنے لگا کہ ''حوصلے سے کام لو اور صرف یہ سمجھو کہ تم میرے جسم کو دفن کر رہے ہو''۔ افلاطون کا کہنا ہے کہ ایسا لگا کہ جیسے ہم سے ہمارا باپ جدا کیا جا رہا ہو اور اب ہمیں باقی زندگی یتیموں کی طرح بسر کرنا ہو گی۔ پھر سقراط نے جیل کے ملازم سے کہا کہ زہر تیار کرو کیونکہ زہر پینے میں دیر کرنے سے کوئی فائدہ نہیں ہو گا۔ اس جان کو بچانے سے کیا فائدہ جو دراصل جا چکی ہے میں نے زہر پینے میں تاخیر کی تو مجھے خود اپنے آپ پر ہنسی آئے گی'' زہر پی لینے کے بعد اسے ڈیل نہ ہونے کا کوئی صدمہ نہیں تھا۔ اس نے آخری بار اپنے شاگرد کرائٹو کو مخاطب کیا اور اس کے آخری الفاظ یہ تھے۔ ''کرائٹو! میرے ذمے ایس کلی پیوس کا ایک مرغ ہے، یار! میرا یہ قرض ادا کر دینا۔ بھول تو نہ جاؤ گے'' یہ کہہ کر سقراط اپنے ذمے تاریخ کے تمام قرضے ادا کر کے ابدیت کی طرف چلا گیا۔

☆☆☆☆

# گوانتانامیرا

اعجاز منگی

تاریخ ہمیں بے قصور قرار دے گی، کیوبا کے صدر فیڈرل کاسترو کے الفاظ اس عدالتی بیان کا مشہور عالم عنوان ہے جو اس بتیستا کی عدالت میں اس وقت دیا تھا جب اس پر دہشت گردی اور بغاوت کا مقدمہ چل رہا تھا اس بیان میں فیڈرل کاسترو نے ججوں کو بتایا تھا کہ اگر ہماری گولیاں ختم نہ ہوتیں تو اس انصاف کی کرسیوں پر ہم براجمان ہوتے اور ملزموں کے کٹہرے میں آپ لوگ کھڑے ہوتے فیڈرل کاسترو پر یہ مقدمہ اس وقت چلا تھا جب کیوبا کو ایک آمر کے پنجے سے چھڑانے کیلئے اس نے اپنے انقلابی ساتھیوں کے ہمراہ مونکاڈا بیرک پر حملہ کیا تھا اور گرفتار ہونے کے بعد اس مقدمے کا سامنا کر رہا تھا جس کا فیصلہ اسے پہلے سے معلوم تھا اپنے تاریخی بیان میں کاسترو نے عدالت کے ججوں سے کہا تھا کہ "مجھے معلوم ہے کہ فیصلہ پہلے ہی ہو چکا ہے اور وہ فیصلہ تم لوگوں نے بھی نہیں کیا تم تو صرف سنانے والے ہو اور یہ مقدمہ محض ایک فاملیٹی ہے مگر اس فارملیٹی کا فائدہ اُٹھاتے ہوئے میں تاریخ کے ریکارڈ پر اپنا یہ بیان رکھنا چاہتا ہوں کیونکہ مجھے تاریخ پر اعتماد ہے اس کے فیصلے کی ہی اہمیت ہے اور مجھے یقین ہے کہ "تاریخ ہمیں بے قصور قرار دے گی" اس مقدمے میں اپنا بیان تیار کرنے کیلئے اس بتیستا انتظامیہ سے صرف ایک شخص کی کتابیں دینے کی درخواست کی تھی اور وہ شخص تھا کیوبا کا نیشنل ہیرو جوز مارتی اور بتیستا انتظامیہ نے کاسترو کو جوز ماتی کی کوئی کتاب تو کیا اسے ایک

کوڑا کاغذ بھی نہیں دیا اور کاسترو نے اپنا وہ بیان زبانی دیا جس میں جوزمارتی کے دس حوالے ہیں اور جو آج دنیا کی اکثر زبانوں میں کتابی صورت میں موجود ہیں کاسترو کا وہ بیان ''آج بھی'' دنیا کے انقلابیوں کے لئے ایک زبردست انسپائریشن ہے جس میں کاسترو نے عدالت کے کٹہرے میں کھڑے ہو کر اپنے ان ساتھیوں کے نام گنوائے ہیں جو ''مونکاڈا آبیرک'' معرکے میں اپنی زندگیاں نثار کر چکے تھے کاسترو نے اپنے اعلیٰ ادبی بیان میں اپنے ساتھی فرینڈو کا نام لیا تھا جو پیشے کے لحاظ سے فوٹوگرافر تھا اور اپنا کیمرہ بیچ کر اس نے بندوق خریدی تھی، کاسترو نے عدالت کے پتھرائے ہوئے ججوں سے مخاطب ہو کر کہا تھا کہ ''وہ صحرائی سفر میں کیسے بھول سکتا ہوں جب ہماری زبانیں سوکھ کر کیکٹس کی شاخ بن گئی تھیں اور صرف لڑنے کی خاطر زندہ رہنا ضروری سمجھ کر فرینڈو کو اپنا پیشاب پینا پڑا تھا وہ اب اس دنیا میں نہیں ہے وہ مونکاڈا معرکے میں اپنی جان قربان کر چکا وہ ایک عظیم انسان تھا اس کا نام تاریخ کے ریکارڈ پر آنا چاہیے۔ کاسترو کے اس بیان کے باعث اس کی وہ ناکام بغاوت آج بھی محبت کے ساتھ مطالعہ میں آتی رہتی ہے میں نے یہ بات کسی کتاب میں نہیں پڑھی مگر میرا ذاتی خیال ہے کہ کاسترو کی سب سے بڑی انسپائریشن کیوبا کا انقلابی شاعر جوزماتی تھا اور اس نے بتیستا کی حکومت پر بجلی بن کر گرنے کے لئے جس سال کا انتخاب کیا تھا وہ جوزمارتی کی ایک سو سالہ سالگرہ کا سال تھا یعنی 1953ء جوزمارتی 1853ء میں پیدا ہوا تھا وہ جوزمارتی جو ایک شاعر تھا، ادیب تھا جنگجو تھا آواز اور الفاظ سے آگ لگا دینے والا مقرر تھا جو کیوبا کو غلام بنانے والی ہسپانوی قوتوں کے خلاف میدان جنگ میں بندوق سے گولیاں چلاتے ہوئے جان سے گیا



CamScanner

جس نے اپنی موت سے ایک ہفتہ قبل اپنی بیٹی ماریہ کو خط میں لکھا تھا کہ:

''تم جیسی اچھی لڑکی میں نے کہیں نہیں دیکھی جو شخص مجھ سے
یا کیوبا سے پیار کرتا ہے میں اسے تمہاری تصویر دکھاتا ہوں اور
کہتا ہوں کہ ان بچوں کے لئے ہمیں کیوبا کو آزاد کروانا ہے''

وہ جوز ماتی جس کی اکثر تصاویر پر اس کے یہ لکھے ہوئے الفاظ پڑھے جاتے ہیں کہ:

you take your rights do not beg
them you do not buy them with
tears, but with blood

''یعنی (حقوق کی بھیک مت مانگو انہیں حاصل کرو اور تم یہ
آنسوؤں سے نہیں صرف خون سے خرید سکتے ہو)''

وہ جوز ماتی جس کا مشہور گیت گوانتانا میرا آج بھی دنیا کے انقلابیوں کا رومانوی ترانہ ہے معلوم نہیں اس کی دھن کس نے بنائی مگر وہ ایک ایسی دھن ہے جو ایسے ہی گیت کی ہونی چاہیے آج بھی لاطینی امریکہ میں جب کسی انقلابی جلسے میں کوئی فنکار گوانتانا میرا گاتا ہے تو سننے والوں کی شریانوں میں خون صحرائی طوفان کی طرح شور مچانے لگتا ہے وہ گیت آج بھی باذوق لوگ بھولی بسری محبتوں کو یاد کرتے ہوئے گنگناتے ہیں۔

کیا کسی نے سوچا بھی ہے کہ جوز مارتی کا وہ مشہور عالم گیت اس عظیم شاعر کے ملک کے جزیرے پر قید انقلابیوں کا ترجمان بن گیا ہے ہاں گوانتاموبے کے کنسنٹریشن کیمپ کے

وہ قید جن پر بدترین مظالم ڈھائے جا رہے، پس خود انہیں بھی نہیں معلوم کہ جب اُن کے ملکوں کے حکمران بھی انہیں اپنا ماننے کیلئے تیار نہیں اور ان کی آواز پر سخت ترین پابندیاں عائد ہیں تب ان کا مقدمہ جوز مارتی اپنے گیت گوانتاما میرا کی صورت لڑ رہا ہے۔

وہ گیت جس کا ایک مصرعہ ہے کہ:

A Sincere man am i from the land where
date palm grow and i want berore i die
my sovl,s verses to bestow

''یعنی (میں ایک باوفا انسان ہوں میرا تعلق اس مٹی سے ہے
جہاں کھجور کے درخت اُگتے ہیں اور اپنی موت سے پہلے میں
چاہتا ہوں کہ میری روح کے نغمے اپنی مراد پالیں)''

☆☆☆



CamScanner

term goal of independence. Through out the world all successful insurgencies have been led by sardar khair bux marri. Like charismatic emotionally mature leader of great organizing ability and gene s hip Mao Zedong Castro jamo kaneyatta Julius nay are chi guagre where well known personality to keep their people to gather to gave meaningful direction to their movement and enjoy loyalty of their follower.

Charismatic emotionally mature leader sardar marri gave meaningful direction to baloch movement.

☆☆☆

I have walked long road to freedom i can rest only for a moment, my long walk is yed ended.

**(Neslon Mandela)**

dimension greater elegance and richness because integrity is power to face what ever needs confronting in the movement fraom the charismatic of leadership it has been clear that in Baloch national movement only charismatic and emotionally mature leader is sardar khair bux marri in any movement frist requirement is an appealing manifesto leadership which the people support for which they will even sacrifice their lives. The cause could range from overthrowing a colonial power and demonstrated an Malaya, Algeria, Kenya, Vietnam. The popular support linked the relationship between the guerrilla and the people to that of wafer and fish. Today baloch guerrilla also succeeded in gaining masses support under the leadership of sardar marri. The people attract by leader that leader is sardar marri who is leading the nation with vision and long

# CHARGE INTO THE JAWS OF DEATH

**by: Malguzar Baloch**

Right from the day when man, who lived by hunting followed the animals decended from the mountains to the newly formed grasslands appeared by climatic changes at the basin of Indus and between eupharates and Tigris in Asia at Nile Dalta in Africa and between Rhine and Danube in Europe and began to know the art of living togehter opening new horizons of thought and knowledge to the moment when he observed by himsilf his achivements proudly in a mirror of reason reflecting the steppping of Armstrong on the surface of the moon. The journy took him more than seven thousand years and

during this advanturous peroid he came across three historical events watched them with proud and astonishment as these had its origin in his own thriving. It was he, whc observed the heroic charge of the light brigade in the Battle of Crimia. The six hundred soldiers of British cavalry found them selves in an utter delima when the gunnery of enemy suddenly began unabated pounding on them from the high grounds situated in front and on right and left of them and thus making the open plain, where they stood uncoverd a valley of death. such was the grave situation when they were orderd to charge. In a matter of seconds the light Brigade was on its way to capture the enemy positions and silence the guns. that was the display of discipline not known to man since his emergence from the caves. the charge was lasted only for minutes that the enemy positions

World. This unparallel unique and unprecedented charge was initiated by a 85 years old Baloch Camel rider that was culminated at Tarthani in a way that in term of space and time it by passed all such acts which were taken place in the world from the tim when man first got the objective consciousness. As it remained intact for more than eight months and covered a distance of some 80 miles i.e. from Dera Bugti to Tarthani. The stakes involved were so dangerous that in comparison nothing similar has so for been seen in the screen of the world mirroring the acts of bravery and sacrifice. the famous charge of light Brigade had nothing to do with that of camel rider. the detachment of British cavalry was trapped only by gunners, his rear was not hostile, reinforcement, medical help and drinking water were avilable even the sky was friendly. But the Baloch

charge from its very start remained under ruthless bombardment.It left some 70 martyrs, behind the skies were unfriendly as more than two dozen modern cabbra and chinuk Helicopters were emitting fire from above and the jets from Multan base were busy in countless sorties pouring all kind of deadly dirt.not to mention those sexty thousand security personnel who were aiming the old camel rider with rocket launchres and snipers. the mountain defiles and gorges from Dera Bugti to Tarthani were utterly inhospitable as they could not provede their honorable guest with a drinkable glass of water. Such were the conditions when the Baloch charge engaged the enemy, who had transformed the whole area by dreadful weaponry in to jaws of death facing the death at every square feet the old Baloch continued his triumphal march in a brilliant way."As

the dignity was there". the coolness of mind and adherence to Baloch tradition was kept so suprem that he attended the media from all over the world in a noble and respectable manner and no body could not succeed to extract that how this Baloch charge was nearing its end. At last this great camel rider of the world and the brain behind the baloch charge was succumbed to death at Trthani on 26th august2006 not by the enemy only but the betarayal of his friends who during the course of charge were kept themselves busy to talk about talks. the first phase of charge come to its end and second phase took its start on the very day when Javed Akhter took the command and successfully proved that he is the true successor of old Baloch.



CamScanner

things if the leader doesn't maintain his integrity he will never be fully trusted by those he lead.

**(2)**Declare your expectations .You can't get thereuntil you know where there is and youletyourfollowers know too.

**(3)**Show uncommon commitment. If you are not committed no one else is going to be. If you are not uncommonly committed no one else will be either.

**(4)**Take care of the people.

**(5)**Put duty before self. It your leader your mission and your must come before you.

**(6)**Get out in front of get out where u can see and be seen. Those who follow must know you are committed.

**(7)**The leader must be a visionary. Martin Luther king one the most charismatic leader of American said, "I have a vision". If you want other to follow you, you must have a vision too, you must communication it to others.

**(8)**Take responsibility for your actions. Admit your mistake.

Edward E Morler in his book "The leadership integrity change" said emotionally wise leadership and outlines a process to facilitate to development of an emotionally mature organization built on integrity. The maturity of an organizational leadership is that which sets the tone for every thing that follows. It creates the environment that determines the organization values and its contribution to the world. He said emotionally wise leader share certain qualities and characteristics.

**(1)**They do not repress feelings but rather express and use them in ways that positively contributes.

**(2)**They have a sense of purposes their contribution extends beyond themselves.

**(3)**They authentically walk their talk. They are willing to share their ideas and feelings with honesty sincerity sensitivity all compassion.

**(4)**They have presence.

(5)They can see the big picture without losing sight of the current situation.

(6)They are responsive to their environment rather then reactive to it.

Any how an organization optimize its potential and uses of resources to the degree it competent committed. Emotionally mature leadership is in place. Emotionally leader demonstrates responsible resilient and proactive behavior in face of change our writer agreed that successful people are those who face their fears. Without commitment our desire and dream remain little more then fantasy without integrity there is no real commitment. Sir Nisargadatta maharaj said attention, alertness, awareness, clarity, liveliness, vitality are all manifestations of integrity oneness with your true nature.

Emotionally immature individual and leaders are not

willing to confront. The predictable resistance they claim to confront but they do not follow through, they are stymied by fear. Immature individual stalwart leader are reactive rather than responsive. Now we look at many Baloch Nationalist Parties claim the leadership of oppressed Baloch nation BNP, NP, BNP awami. These parties are vociferous supporters of Pakistani parliament.They claim change but do not have emotionally mature leadership and long term goal. In real term we may decline them gang or group or NGOs type organization, who are working for the welfare of the same gange and group. Through parliament they are safeguarding the interest of the same gang. They do not have commitment, they have lack of integrity. These organizations do not have long term goals. Somewhere they demand for independent and other place they demand for autonomy. They are

not clear whether they are nationalist or Pakistani. They are not willing to confront occupation forces in Balochistan, they are totally stymied by fear. These parties never take responsibility, they are reactive then responsive. If any one had a bird eye view on the party and their leader. We will come to conclusion that they are gang group of few people for gaining their interest. They are using the name of Baloch and Balochistan. Our Baloch are up and arsons against state, many baloch were put behind the Bar by state agencies. They are being tortured and killed marmed. But these parties are doing politics in the name of baloch are on the side of state for gaining their interest through parliament. These parties are confused with their confused bewildered leadership leading the baloch nation into cul de sac. On the other hand baloch circumspect, deft,

dexterous veracious leader sardar Khair bux marri is emotionally mature integrated revolutionary leader. He has a vision and long term gaol. He is also taking responsibility. He said baloch are fighting for their independent of Balochistan. He is the only leader who has declared his expedition's people are following him practically. He is showing commitment. Put the duty before he sent his own son Balach marri for leading the Baloch resistance movement. He his authentically walking his talk, sardar marri is the only baloch charismatic leader, who is sharing his ideas and feelings with honesty, Sincerity and sensitivity. He is also responsible rather then reactive. Sardar marri is responsible resilient in face of change. He is the only one leader in baloch, who is facing his fear. He is acting with integrity that he is more empowered that is the integrity the gave sardar marri life depth

dimension greater elegance and richness because integrity is power to face what ever needs confronting in the movement fraom the charismatic of leadership it has been clear that in Baloch national movement only charismatic and emotionally mature leader is sardar khair bux marri in any movement frist requirement is an appealing manifesto leadership which the people support for which they will even sacrifice their lives. The cause could range from overthrowing a colonial power and demonstrated an Malaya, Algeria, Kenya, Vietnam. The popular support linked the relationship between the guerrilla and the people to that of wafer and fish. Today baloch guerrilla also succeeded in gaining masses support under the leadership of sardar marri. The people attract by leader that leader is sardar marri who is leading the nation with vision and long

term goal of independence. Through out the world all successful insurgencies have been led by sardar khair bux marri. Like charismatic emotionally mature leader of great organizing ability and gene s hip Mao Zedong Castro jamo kaneyatta Julius nay are chi guagre where well known personality to keep their people to gather to gave meaningful direction to their movement and enjoy loyalty of their follower.

Charismatic emotionally mature leader sardar marri gave meaningful direction to baloch movement.

☆☆☆

I have walked long road to freedom i can rest only for a moment, my long walk is yed ended.

**(Neslon Mandela)**



CamScanner


Issue:8
September/Novermber 2009
www.sagaar.org
شہدائے مرگاپ
Baloch Students Organization Azad

CamScanner